اشرف الانشاء
اردو شرح
معلم الانشاء
جلد اول
مترجم وشارح
مولانا ابو حمزہ محمد شریف
www.KitaboSunnat.com
مکتبہ رحمانیہ
اقراء سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
فون: 042-37224228-37355743

MAKTABA-E-REHMANIA

مکتبہ رحمانیہ

نام کتاب: .... اشرف الانشاء اردو شرح معلم الانشاء (جلد اول)

مترجم وشارح: .... مولانا ابو حمزہ محمد شریف

ناشر: .... مکتبہ رحمانیہ

مطبع: .... لعل شار پرنٹرز لاہور

ضروری وضاحت

ایک مسلمان جان بوجھ کر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور دیگر دینی کتابوں میں غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا بھول کر ہونے والی غلطیوں کی تصحیح و اصلاح کے لیے بھی ہمارے ادارہ میں مستقل شعبہ قائم ہے اور کسی بھی کتاب کی طباعت کے دوران اغلاط کی تصحیح پر سب سے زیادہ توجہ اور عرق ریزی کی جاتی ہے۔ تاہم چونکہ یہ سب کام انسانوں کے ہاتھوں ہوتا ہے اس لیے پھر بھی غلطی کے رہ جانے کا امکان ہے۔ لہٰذا قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اگر ایسی کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرمادیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے۔ نیکی کے اس کام میں آپ کا تعاون صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ)

فہرست

عنوانات	صفحہ نمبر
اَلدَّرْسُ الْاَوَّلُ ...... مفرد	۵
اَلدَّرْسُ الثَّانِي ...... نکرہ و معرفہ	۸
اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ ...... مرکب	۱۲
اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ ...... مرکب توصیفی	۱۴
اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ ...... مرکب اضافی	۲۷
اَلدَّرْسُ السَّادِسُ ...... مرکب تام	۳۹
اَلدَّرْسُ السَّابِعُ ...... جملہ فعلیہ	۵۱
اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ ...... فعل کی قسمیں، ماضی، مضارع، امر ونہی	۵۸
اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ (۱) ...... فعل مضارع	۶۴
اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ (۲) ...... فعل مستقبل	۷۱
اَلدَّرْسُ الْعَاشِرُ ...... فعل مجہول نائب فاعل	۷۵
اَلدَّرْسُ الْحَادِيْ عَشَرَ (۱) ...... ماضی بعید و ماضی استمراری	۸۳
اَلدَّرْسُ الْحَادِيْ عَشَرَ (۲) ...... ماضی استمراری منفی	۹۰
اَلدَّرْسُ الثَّانِي عَشَرَ (۱) ...... فعل امر	۹۶
اَلدَّرْسُ الثَّانِي عَشَرَ (۲) ...... فعل نہی	۱۰۱
اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ عَشَرَ ...... مبتداء کی خبر جب کہ جملہ یا شبہ جملہ ہو	۱۰۶
اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ عَشَرَ (۱) ...... قد کے ساتھ فعل ماضی کی تاکید	۱۱۶

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ عَشَرَ (۲) ......فعل مضارع کی تاکید "قد" اور لام تاکید کے ساتھ	۱۱۹
اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ عَشَرَ ...... لَمْ، لَمَّا و لَنْ کے ساتھ فعل نفی	۱۲۲
اَلدَّرْسُ السَّادِسُ عَشَرَ ...... فعل مستقبل مثبت کی تاکید	۱۳۰
اَلدَّرْسُ السَّابِعُ عَشَرَ (۱)...... ادوات الاستفهام	۱۴۹
اَلدَّرْسُ السَّابِعُ عَشَرَ (۲) ...... استفهام و نفي ایك ساتھ	۱۵۸
اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ عَشَرَ (۱) ...... ادوات الشرط	۱۶۶
اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ عَشَرَ (۲) ...... ادواتِ شرط غیر جازمه	۱۷۳
اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ عَشَرَ ...... اسم موصول	۱۷۸
اَلدَّرْسُ الْعِشْرُوْنَ نواسخ جمله	۱۸۳
اَلدَّرْسُ الْحَادِیُ الْعِشْرُوْنَ افعال ناقصه	۱۹۰
اَلدَّرْسُ الثَّانِيْ وَالْعِشْرُوْنَ ...... ما ولا المشبهتان بلیس	۲۰۱
اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ ...... لائے نفي جنس	۲۰۶
اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ ...... افعال المقاربة و الرجاء و الشروع	۲۱۱
اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ وَالْعِشْرُوْنَ ...... حروف جاره	۲۱۹
رِسَالَةٌ مِنْ طَالِبٍ اِلٰی اَبِیْهِ	۲۲۴
رَدُّ الْوَالِدِ عَلٰی رِسَالَةِ وَلَدِهٖ	۲۲۶
اَلرِّسَالَةُ الْاُوْلٰی اِلَی الْعَمِّ	۲۲۹
اَلرِّسَالَةُ الثَّانِيَةُ اِلَی الْاُمِّ	۲۳۰
اَلرِّسَالَةُ الثَّالِثَةُ اِلَی الْاَخِ الصَّغِيْرِ	۲۳۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلدَّرْسُ الْاَوَّلُ

(پہلا سبق)

مفرد[1]

کلمہ اور اس کی قسمیں

جس لفظ سے کوئی معنی سمجھ میں آتا ہو "نحو" کی اصطلاح میں اسے "کلمہ" کہا جاتا ہے۔

کلمہ کی تین قسمیں ہیں:۔ اسم، فعل، حرف

اسم: اس کلمہ کو کہتے ہیں کہ جس سے کسی آدمی یا جانور یا جگہ یا چیز یا کسی کا نام سمجھ میں آئے اور اس کے اندر ماضی حال مستقبل میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے۔ جیسے خالدٌ (خالد)، القرآن (قرآن)، الفرس (گھوڑا)، لکنؤ (لکھنو)، الشجر (درخت)، الابریق (لوٹا) القراۃ (پڑھنا) الجَرْیُ (دوڑنا)۔

فعل: اس کلمہ کو کہتے ہیں جس سے کسی کام کا "ہونا" یا "کرنا" سمجھا جائے اور ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہو کہ وہ کام ماضی حال، مستقبل تینوں زمانوں میں کسی زمانے میں ہوا یا ہوگا۔ جیسے قَرَأَ (اس نے پڑھا) یَقْرَءُ (وہ پڑھتا ہے) (یا وہ پڑھے گا) قَرَأَ میں زمانہ ماضی اور

---

[1] انسان کے منہ سے جو بات نکلتی ہے وہ چند مفرد الفاظ کا مجموعہ ہوتی ہے اگر ان الفاظ کو ہم ایک دوسرے سے الگ کر دیں تو ہر لفظ مفرد کہلائے گا۔ جیسے رَکِبَ خَالِدٌ عَلَی الْحِصَانِ۔ یہ ایک جملہ ہے جو چار لفظوں سے مرکب ہے۔ اگر ان میں سے کسی ایک کو یا ہر ایک کو الگ الگ کر دیں تو الگ کیا ہوا لفظ مفرد کہلائے گا اور مجموعہ کو مرکب کہیں گے۔

يَقْرَءُ میں زمانہ حال اور استقبال دونوں پائے جاتے ہیں۔

حرف: ایک ایسا کلمہ ہے جو اپنے پورے معنی کے بتانے میں دوسرے کلمہ کا محتاج ہو۔ یعنی جب تک اس کے ساتھ کوئی دوسرا کلمہ نہ ملے اس کے معنی پورے طور پر سمجھ میں نہ آئیں جیسے مِنْ (سے) اِلٰی (تک) فِیْ (میں)

فائدہ: "ال" تنوین (ـًـٍـٌ) اضافت اور جر (زیر) ـِ اسم کی علامت ہیں۔ فعل پر "ال" جر اور تنوین نہیں آتی اور نہ ہی فعل مضاف ہوتا ہے فعل میں زمانے کا پایا جانا ضروری ہے۔

حرف کی علامت اس کی تعریف سے ظاہر ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (١) مشق نمبر (١)

مندرجہ ذیل جملوں میں اسم فعل حرف کی تمیز کرو

(١) اَلطَّيْرُ يَطِيْرُ فِي الْهَوَاءِ۔ — پرندہ ہوا میں پرواز کرتا ہے۔

(٢) اَلسَّمَكُ يَعِيْشُ فِي الْمَاءِ — مچھلی پانی میں زندگی گزارتی ہے۔

(٣) اَلْعُصْفُوْرُ يَتَغَرَّدُ عَلَى الشَّجَرَةِ — چڑیا درخت پر چہچہاتی ہے۔

(٤) اِنَّ السَّفِيْنَةَ تَجْرِيْ عَلَى الْمَاءِ — بے شک کشتی پانی پر چلتی ہے۔

(٥) يَنْزِلُ الْمَطَرُ مِنَ السَّمَآءِ — بارش آسمان سے اترتی ہے۔

(٦) سَافَرَ عَلِيٌّ اِلٰى دِهْلِيْ — علی نے دہلی کی طرف سفر کیا۔

(٧) تَوَضَّأْتُ بِالْمَاءِ الْبَارِدِ — میں نے ٹھنڈے پانی سے وضو کیا۔

(٨) صِدْتُ الطُّيُوْرَ بِالْبُنْدُقِيَّةِ — میں نے بندوق سے پرندوں کو شکار کیا۔

(٩) حَفِظَ التِّلْمِيْذُ الدَّرْسَ — شاگرد نے سبق یاد کیا۔

(١٠) اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ — بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

حل: اسم، فعل اور حرف کی تمیز درج ذیل ہے۔

(١) الطیر، یطیر فی الهواء

اسم، فعل، حرف، اسم

(۲) السمك یعیش فی الماء

اسم، فعل، حرف، اسم

(۳) العصفوریتغرد علی الشجرة

اسم، فعل، حرف، اسم

(۴) ان السفینة تجری علی الماء

حرف، اسم، فعل، حرف، اسم

(۵) ینزل المطر من السماء

فعل، اسم، حرف، اسم

(۶) سافر علی الی دهلی

فعل، اسم، حرف، اسم

(۷) توضات بالماء البارد

فعل، حرف،اسم، اسم

(۸) صدت الطیور با لبندقیة

فعل، اسم، حرف، اسم

(۹) حفظ التلمیذ الدرس

فعل، اسم، اسم

(۱۰) انَّ اللّٰه علی کل شیءٍ قدیر

حرف، اسم، حرف، اسم، اسم، اسم

اَلدَّرْسُ الثَّانِي

(دوسرا سبق)

(نکرہ ومعرفہ)

اسم کی دو قسمیں ہیں نکرہ اور معرفہ۔

نکرہ: ایک ہی قسم کی کئی چیزوں کے مشترک نام کو "اسم نکرہ" کہا جاتا ہے یہ کسی معین اور مخصوص چیز پر دلالت نہیں کرتا۔ جیسے کِتَابٌ (کوئی کتاب)، رَجُلٌ (کوئی آدمی۔ کوئی مرد) فَرَسٌ (کوئی گھوڑا)، مَاءٌ (کچھ پانی یا کسی قسم کا پانی) بَلَدٌ (کوئی شہر وغیرہ)

معرفہ: وہ اسم ہے جو کسی معین ومخصوص چیز کو بتائے جیسے اَلْکِتَابُ (کوئی خاص کتاب)، اَلْفَرَسُ (کوئی مخصوص گھوڑا) دِهْلِيٌّ مخصوص شہر کا نام ہے۔ خَالِدٌ (ایک مخصوص شخص کا نام ہے)

فائدہ: نکرہ کا ترجمہ عام طور پر "کوئی" "کوئی ایک" "چند" اور کچھ سے کیا جاتا ہے اور معرفہ کا ترجمہ مطلقاً یعنی اس کے ترجمہ میں لفظ "خاص" یا "مخصوص" لگانے کی ضرورت نہیں ہوتی، بلکہ یہ بات ذہن میں آتی ہے اور سننے والا اس کو سمجھتا ہے۔

اسم معرفہ کی اقسام

اسم معرفہ کی سات قسمیں ہیں۔ جو ذیل میں دی جاتی ہیں۔

(۱) علم (۲) معرف باللام (۳) اسم ضمیر

(۴) اسم اشارہ (۵) اسم موصول (۶) منادیٰ

(۷) مضاف الی المعرفۃ

عَلَم: افراد واشخاص اور شہر وغیرہ کے خصوصی نام مخصوص طریقہ پر رکھے جاتے ہیں: جیسے

خَالِدٌ، مَحْمُودٌ، دِهْلِیْ، مَکَّۃُ الْمَدِیْنَۃُ۔ مِصْرُ، الْعِرَاقُ وغیرہ۔

(۲) معرف باللام: یعنی ہر وہ اسم جو "ال" کے ذریعے معرفہ بنایا لیا ہو جیسے اَلْبَیْتُ، اَلْکِتَابُ، اَلْوَلَدُ، اَلرَّسُوْلُ وغیرہ۔

"ال" کو حرف تعریف کہا جاتا ہے (یعنی معرفہ بنانے والا حرف) جب کسی نکرہ کو معرفہ بنانا مقصود ہو تو اس پر "ال" داخل کر کے معرفہ بنا لیتے ہیں۔ رَجُلٌ سے اَلرَّجُلُ اور وَلَدٌ سے اَلْوَلَدُ وغیرہ۔

جس لفظ پر "الؔ" داخل ہو تو اس پر تنوین نہیں آتی "علم" یعنی ناموں پر "ال" داخل نہیں ہوتا ہاں البتہ جن ناموں پر شروع ہی سے الف لام ہو وہ باقی رہے گا جیسے اَلْمَدِیْنَۃ اور العراق، اور البصرۃ پر شروع سے داخل ہے۔

(۳) اسم ضمیر: جیسے هُوَ، هُمَا، هُمْ، اَنْتَ، اَنَا، نَحْنُ، وغیرہ۔

(۴) اسم اشارہ: هٰذَا، هٰذِهٖ یہ ذٰلِكَ، تِلْكَ (وہ) هٰٓؤُلَآءِ یہ سب اُولٰٓئِكَ (وہ سب)۔

(۵) اسم موصول: جیسے اَلَّذِیْ اَلَّتِیْ جو اَلَّذِیْنَ اَلَّا‌تِیْ (جو، جمع) ہے۔

(۶) منادیٰ: جیسے یَا رَجُلُ، یَا وَلَدُ وغیرہ

(۷) مضاف الی المعرفۃ: یعنی ہر وہ اسم جو معرفہ کی پہلی پانچ قسموں میں کسی ایک قسم کی طرف مضاف ہو جیسے کِتَابُ مَحْمُوْدٍ (محمود کی کتاب) فَرَسُ الرَّجُلِ (معلوم و مخصوص آدمی کا گھوڑا) قَلَمُهٗ (اس کا قلم)، کِتَابُ الَّذِیْ جَاءَ (اس کی کتاب جو آیا)

اَلتَّمْرِیْنُ (۲) (مشق نمبر۲)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اَلْقَلَمُ	(۲) اَلْکِتَابُ	(۳) کُرَّاسَۃٌ	(۴) حِبْرٌ	(۵) عُرْسُنٌ
قلم	کتاب	ایک کاپی	کچھ روشنائی	ایک ٹہنی

(۱۰) غُصْنٌ	(۹) اَلشَّجَرَةُ	(۸) اَلْبُسْتَانُ	(۷) اَلسَّبُّوْرَةُ	(۶) اَلْمِحْبَرُ
ایک ٹہنی	درخت	باغ	تختہ سیاہ	دوات
(۱۵) بَيْتٌ	(۱۴) فَاكِهَةٌ	(۱۳) اَلثَّمَرُ	(۱۲) اَلزَّهْرُ	(۱۱) اَلْوَرَقُ
ایک گھر	ایک میوہ	پھل	پھول	پتا/کاغذ
(۲۰) قُفْلٌ	(۱۹) اَلْمِفْتَاحُ	(۱۸) جِدَارٌ	(۱۷) اَلْبَابُ	(۱۶) اَلسَّقْفُ
ایک تالہ	چابی	ایک دیوار	دروازہ	چھت
(۲۵) تِلْمِيْذٌ	(۲۴) اَلْاُسْتَاذُ	(۲۳) اَلْاَخُ	(۲۲) اَلْاَبُ	(۲۱) اَلشُّبَّاكُ
ایک شاگرد	استاذ	بھائی	باپ	کھڑکی
		(۲۸) اَلْبِنْتُ	(۲۷) اَلْخَادِمُ	(۲۶) اَلْوَلَدُ
		بیٹی	نوکر	لڑکا

اَلتَّمْرِيْنُ (۳) (مشق نمبر ۳)

عربی میں ترجمہ کریں:

(۴) آسمان	(۳) سورج	(۲) ستارہ	(۱) چاند
اَلسَّمَاءُ	اَلشَّمْسُ	اَلنَّجْمُ	اَلْقَمَرُ
(۸) دریا	(۷) ہوا	(۶) بادل	(۵) زمین
اَلْبَحْرُ، اَلنَّهْرُ	اَلرِّيْحُ	اَلْغَيْمُ	اَلْاَرْضُ
(۱۲) پانی	(۱۱) آگ	(۱۰) جنگل	(۹) پہاڑ
اَلْمَاءُ	اَلنَّارُ	اَلْغَابَةُ	اَلْجَبَلُ
(۱۶) میز	(۱۵) بارش اور شبنم	(۱۴) روشنی اور تاریکی	(۱۳) دھواں
اَلطَّاوِلَةُ	اَلْمَطَرُ وَالطَّلُّ	اَلنُّوْرُ وَالظُّلْمَةُ	اَلدُّخَانُ

(۱۷) ایک تپائی طَاوِلَةٌ	(۱۸) کوئی کرسی كُرْسِيٌّ	(۱۹) ایک ڈیسک مِنْضَدَةٌ	(۲۰) جاذب اَلنَّشَافَةُ
(۲۱) قمیص اَلْقَمِيصُ	(۲۲) ایک رومال مِنْدِيْلٌ	(۲۳) کوئی تولیہ مِنْشَفَةٌ	(۲۴) جوتا اَلنَّعْلُ
(۲۵) ایک ٹوپی قَلَنْسُوَةٌ	(۲۶) پائجامہ أَلسِّرْوَالُ	(۲۷) تکیہ اَلْوِسَادَةُ	(۲۸) چادر اَلرِّدَاءُ

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ

(تیسرا سبق)

مرکب

دو یا دو سے زیادہ الفاظ کے مجموعے کو مرکب کہتے ہیں۔ مرکب کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) مرکب تام اور (۲) مرکب ناقص۔

مرکب تام: ایسے مرکب کو کہتے ہیں جس سے کوئی بات پوری سمجھی جائے۔ یعنی اس سے کوئی خبر، کوئی حکم یا کوئی خواہش معلوم ہو جیسے اَلْبُسْتَانُ جَمِيْلٌ (باغ خوبصورت ہے)، قُمْ يَاسَعِيْدُ (کھڑے ہو اے سعید) اِجْلِسْ (بیٹھ) مرکب تام کو "جملہ مفیدہ" اور "کلام" بھی کہتے ہیں۔

مرکب ناقص: اس مرکب کو کہتے ہیں کہ جس سے کوئی پوری بات سمجھ میں نہ آتی ہو جیسے اَلثَّوْبُ النَّظِيْفُ (ستھرا کپڑا)، مَاءُ الْبَحْرِ (سمندر کا پانی) حِذَاءُ خَالِدٍ (خالد کا جوتا)، خَمْسَةَ عَشَرَ (پندرہ)

مرکب ناقص کی قسمیں ہیں۔ اس کی مشہور قسمیں "مرکب توصیفی" اور "مرکب اضافی" ہیں جو بیان کی جاتی ہیں۔

فائدہ: مرکب تام میں لفظ قُمْ، اِجْلِسْ وغیرہ بظاہر ایک ہی لفظ معلوم ہوتے ہیں۔ اس لئے شاید تمہیں "مفرد" کا شبہ ہو مگر حقیقت میں ایسا نہیں ہے بلکہ اس میں ایک اور لفظ پوشیدہ ہے جو اگرچہ بولا نہیں جاتا مگر سمجھا جاتا ہے ایک لفظ یہاں پوشیدہ ہے یہ لفظ اَنْتَ کا ہے جب اِجْلِسْ کہا جائے گا اس سے مفہوم اِجْلِسْ اَنْتَ ہی ہوگا اور بات پوری سمجھی جائے گی۔ اس لئے یہ مرکب تام ہے بخلاف مرکب ناقص کے کہ اس میں مَاءُ الْبَحْرِ،

اَلثَّوْبُ النَّظِيْفُ، خَمْسَةَ عَشَرَ وغیرہ اگرچہ دو لفظوں سے مرکب ہیں۔ مگر ان سے کوئی پوری بات نہیں سمجھی جاتی اس لئے یہ مرکب ناقص کہلاتے ہیں۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۴) (مشق نمبر ۴)

مرکب تام اور مرکب ناقص میں تمیز کرو۔

(۱) اَلْمَاءُ بَارِدٌ (۲) اَلثَّوْبُ نَظِيْفٌ (۳) اَلْبَيْتُ النَّظِيْفُ
(۴) لَيْسَ الْوَلَدُ (۵) لَيْتَ الْفَاكِهَةَ (۶) اَكَلَ فَرِيْدُ نِ الْفَاكِهَةَ
(۷) اَلْقَلَمُ الَّذِي (۸) لَعَلَّ الْخَادِمَ (۹) لَعَلَّ التِّلْمِيْذُ يَنْجَحُ
(۱۰) اِنْ جِئْتَ (۱۱) كَاَنَّ الْكِتَابَ (۱۲) اَلنَّجْمُ لَامِعٌ
(۱۳) اَلْفَاكِهَةُ نَاضِجَةٌ (۱۴) نَامَتِ الصَّبِيَّةُ

حل:

مرکب تام: اَلْمَاءُ بَارِدٌ، اَلثَّوْبُ نَظِيْفٌ، اَكَلَ فَرِيْدُ نِ الْفَاكِهَةَ، اَلْفَاكِهَةُ نَاضِجَةٌ، لَعَلَّ التِّلْمِيْذُ يَنْجَحُ، اَلنَّجْمُ لَامِعٌ، نَامَتِ الصَّبِيَّةُ

مرکب ناقص: اَلْبَيْتُ النَّظِيْفُ، لَيْسَ الْوَلَدُ، لَيْتَ الْفَاكِهَةَ، اَلْقَلَمُ الَّذِي لَعَلَّ الْخَادِمَ، اِنْ جِئْتَ، كَاَنَّ الْكِتَابَ۔

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ

(چوتھا سبق)

مرکب توصیفی:

مرکب توصیفی ایسے مرکب کو کہتے ہیں۔ جس میں کسی اسم (اسم ذات[1]) کی کوئی صفت یا حالت یا کیفیت وغیرہ بیان کی گئی ہو۔ جیسے اَلْمَاءُ الْعَذْبُ (میٹھا پانی) اَلْهَوَآءُ الْبَارِدُ (ٹھنڈی ہوا)، اَلْوَلَدُ الْمُجْتَهِدُ (محنتی لڑکا)، مَحْمُوْدُ الْخَطِيْبُ مقرر محمود وغیرہ۔

(۱) مرکب توصیفی کا پہلا جز ''موصوف'' اور دوسرا ''صفت'' کہلاتا ہے۔

(۲) موصوف ہمیشہ ''اسم ذات'' اور صفت عموماً ''اسم صفت[2]'' ہوا کرتا ہے۔

(۳) مرکب توصیفی یعنی موصوف وصفت کے درمیان حسب ذیل باتوں میں پوری مطابقت ہوتی ہے اور وہ یہ ہیں (۱) اعراب[3] (۲) تعریف وتنکیر (۳) تذکیر و

---

[1] اسم ذات سے مراد وہ لفظ ہے جو کسی شے کے محض وجود کو بتائے جیسے اوپر کی مثالوں میں اَلْمَاءُ، اَلْهَوَآءُ، مَحْمُوْدٌ کہ یہ پانی، ہوا، لڑکا، محمود کے محض وجود اور ان کی ذات پر دلالت کرتے ہیں۔

[2] اسم صفت کسی چیز کی اچھائی، برائی، حالت وکیفیت اور صفت پر دلالت کرتا ہے جیسے اَلْعَذْبُ اَلْبَارِدُ، اَلْمُجْتَهِدُ اور اَلْخَطِيْبُ یہ چاروں الفاظ حالت وکیفیت کو بتا رہے ہیں۔ اسم صفت کی پانچ قسمیں ہیں اسم فاعل جیسے عَالِمٌ اسم مفعول جیسے مَعْلُوْمٌ صفت مشبہ عَلِيْمٌ (جاننے والا) اسم تفضیل جیسے اَعْلَمُ (زیادہ جاننے والا) اسم مبالغہ جیسے عَلَّامٌ اور عَلَّامَةٌ (بہت جاننے والا)
صفت عموماً انہی اسماء صفات سے لائی جاتی ہے مگر کبھی صفت کے لئے جملہ یا شبہ جملہ بھی آتا ہے۔ اس کی مزید تفصیل حصہ دوم میں آئے گی ان شاء اللہ۔

[3] اعراب لفظ کی آخری حالت کو کہتے ہیں اور یہ چار ہیں۔ رفع، نصب، جر اور جزم، جر اسم کے ساتھ مختص ہے اور جزم فعل کے ساتھ رفع کی علامت ضمہ (ـُـ) اور نصب کی علامت (ـَـ) اور جر کی علامت کسرہ (ـِـ) جزم حرکت نہ ہونے کو کہتے ہیں۔ رفع والے اسم کو مرفوع اور نصب والے اسم کو منصوب اور جر والے اسم کو مجرور کہتے ہیں۔

تانیث (۴) واحد تثنیہ اور جمع۔ البتہ موصوف اگر کسی غیر عاقل کی جمع ہو تو صفت عموماً واحد مؤنث ہی آتی ہے جیسے اَلشَّجَرَاتُ الطَّوِیْلَۃُ اور کبھی مطابقت کے لئے اَلطَّوِیْلَاتُ بھی کہتے ہیں۔

اَلتَّمْرِیْنُ (۵) مشق نمبر (۵)

(تعریف و تنکیر میں موصوف صفت کی مطابقت)

اردو میں ترجمہ کریں:

(۱) اَلْبُسْتَانُ الْجَمِیْلُ خوبصورت باغ	(۲) اَلْغُصْنُ الْاَخْضَرُ سبز شاخ	(۳) اَلْوَرَقُ النَّاعِمُ ملائم کاغذ
(۴) ثَوْبٌ رَخِیْصٌ ایک سستا کپڑا	(۵) قَلَمٌ ثَمِیْنٌ ایک قیمتی قلم	(۶) اَلرِّدَاءُ الْخَشِنُ کھردری چادر
(۷) اَلْمَطَرُ الْغَزِیْرُ موسلا دھار بارش	(۸) اَلسَّحَابُ الْکَثِیْفُ گھنا بادل	(۹) تِلْمِیْذٌ مُجْتَھِدٌ ایک محنتی طالب علم
(۱۰) اَلْفَلَّاحُ الْکَسْلَانُ سست کسان	(۱۱) اَلْقِطَارُ السَّرِیْعُ تیز گاڑی	(۱۲) فَرَسٌ بَطِیْءٌ ایک سست گھوڑا
(۱۳) اَلتُّفَّاحُ الْحُلْوُ میٹھا سیب	(۱۴) اَللَّیْمُوْنُ الْحَامِضُ کھٹا لیموں	(۱۵) اِقْبَالُ نِ الشَّاعِرُ شاعر اقبال

ضمہ فتحہ کسرہ اعراب بالحرکت کہلاتے ہیں۔ اعراب کی ایک دوسری قسم اعراب بالحروف ہے اور یہ الف واؤ اور ی ہیں۔

اسمائے ستہ (اب، اخ وغیرہ) میں رفع کے لئے واؤ اور نصب کے لئے الف اور جر کے لئے ی کا استعمال ہوتا ہے۔ مگر تثنیہ میں الف رفع کی علامت سمجھا جاتا ہے اور نصب و جر دونوں کے لئے ی کا ماقبل مفتوح اور مابعد مکسور ہے۔ جیسے عَالِمَیْنِ جمع مذکر سالم میں رفع کے لئے واؤ اور نصب و جر کیلئے "ی" ماقبل مکسور اور مابعد مفتوح یعنی یائے تثنیہ کے برعکس آتا ہے جیسے عَالِمِیْنَ۔

(۱۶) اَلدِّیْنُ الْقَیِّمُ سیدھا دین		

اَلتَّمْرِیْنُ (۶) مشق نمبر (۶)

مندرجہ ذیل الفاظ سے مرکب توصیفی کے جملے لکھو۔

طَائِرٌ،	اَلْبَابُ	اَلْجَدِیْدُ	وَلَدٌ
اَلسَّرِیْعُ	اَلنَّاعِمُ	اَلْکَبِیْرُ	شُبَّاكٌ
اَلْکِتَابُ	اَلْمَسْجِدُ	جَمِیْلٌ	صَغِیْرٌ
اَلْفِرَاشُ	اَلثَّوْبُ	مَفْتُوْحٌ	اَلْمُغْلَقُ
صَالِحٌ	اَلْحِصَانُ	بَیْتٌ	اَلْخَلَقُ (پرانا)

مرکب توصیفی کے جملے

(۱) طَائِرٌ جَمِیْلٌ (ایک خوبصورت پرندہ)	(۶) اَلْفِرَاشُ النَّاعِمُ (نرم بستر)
(۲) اَلْبَابُ الْمُغْلَقُ (بند دروازہ)	(۷) اَلْمَسْجِدُ الْکَبِیْرُ (بڑی مسجد)
(۳) اَلثَّوْبُ الْجَدِیْدُ (نیا کپڑا)	(۸) شُبَّاكٌ مَفْتُوْحٌ (ایک کھلی ہوئی کھڑکی)
(۴) وَلَدٌ صَالِحٌ (ایک نیک لڑکا)	(۹) اَلْکِتَابُ الْخَلَقُ (پرانی کتاب)
(۵) اَلْحِصَانُ السَّرِیْعُ (تیز گھوڑا)	(۱۰) بَیْتٌ صَغِیْرٌ (ایک چھوٹا گھر)

اَلتَّمْرِیْنُ (۷) مشق نمبر (۷)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) ٹھنڈا پانی	(۲) صاف ہوا	(۳) میٹھا پھل	(۴) سرخ روشنائی
اَلْمَاءُ الْبَارِدُ	اَلْھَوَاءُ النَّقِیُّ	اَلثَّمَرُ الْحُلْوُ	اَلْحِبْرُ الْاَحْمَرُ

(۸) موٹا بیل	(۷) ایک قیمتی ہار	(۶) ایک خوبصورت پرندہ	(۵) سیاہ پنسل
اَلثَّوْرُ السَّمِيْنُ	عِقْدٌ ثَمِيْنٌ	طَائِرٌ جَمِيْلٌ	اَلْمِرْسَمُ الْاَسْوَدُ
(۱۲) ایک اچھی کتاب	(۱۱) ایک نیک لڑکا	(۱۰) چوڑی سڑک	(۹) ایک تیز رفتار گھوڑا
كِتَابٌ جَيِّدٌ	وَلَدٌ صَالِحٌ	اَلشَّارِعُ الْعَرِيْضُ	فَرَسٌ سَرِيْعٌ
(۱۶) آخری نبی	(۱۵) شاہد ادیب	(۱۴) مہربان استاد	(۱۳) محنتی طالب علم
اَلنَّبِيُّ الْخَاتَمُ	شَاهِدٌ نِ الْاَدِيْبُ	اَلْاُسْتَاذُ الشَّفِيْقُ	اَلتِّلْمِيْذُ الْمُجْتَهِدُ
		(۱۸) سچا رسول	(۱۷) محمد رسول
		اَلرَّسُوْلُ الصَّادِقُ	مُحَمَّدٌ نِ الرَّسُوْلُ

اَلتَّمْرِيْنُ (۸)

تذکیر[1] وتانیث میں موصوف صفت کی مطابقت

اردو میں ترجمہ کریں۔

[1] تذکیر وتانیث: جنس کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں۔ مذکر اور مؤنث۔
اسم مؤنث دو طرح کے ہیں۔ قیاسی اور سماعی پھر قیاسی کی دو قسمیں ہیں لفظی اور معنوی۔
مؤنث لفظی کی تین علامتیں ہیں جو اسم کے آخر میں ہوتی ہیں اور وہ حسب ذیل ہیں۔
(۱) تائے تانیث (ۃ) جیسے اِمْرَاَةٌ، بَقَرَةٌ، عَالِمَةٌ، مَفْتُوحَةٌ، اَلْفِضَّةُ وغیرہ
(۲) الف مقصورہ جیسے حُبْلٰی، سَلْمٰی، الصُّغْرٰی، الحُسْنٰی وغیرہ
(۳) الف ممدودہ جیسے اَسْمَاءُ (عورت کا نام) حَسْنَآء (خوبصورت عورت) وغیرہ
صفت مشبہ جو اَفْعَلُ کے وزن پر آئے اس کا اسم مؤنث اسی فَعْلَاءُ کے وزن پر آتا ہے جیسے اَحْمَرُ سے حَمْرَآءُ، اَسْوَدُ سے سَوْدَاءُ، اَصْفَرُ سے صَفْرَآءُ، اَزْرَقُ سے زَرْقَاءُ، اَحْسَنُ سے حَسْنَآءُ وغیرہ۔
(۲) مؤنث معنوی: یعنی جس میں علامت تانیث ظاہر نہ ہو مگر وہ مؤنث پر دلالت کرتے ہوں اور یہ چار طرح کے ہیں
(۱) عورتوں کے نام مَرْيَمُ، زَيْنَبُ، هِنْدُ وغیرہ

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(۱) اَلْحَدِيْقَةُ الْجَمِيْلَةُ خوبصورت باغیچہ	(۲) اَلشَّجَرَةُ الثَّمِرَةُ پھلدار درخت	(۳) وَرْدَةٌ حَمْرَآءُ گلاب کا ایک سرخ پھول
(۴) اَلطَّعَامُ الشَّهِيُّ لذیذ کھانا	(۵) لَحْمٌ طَرِيٌّ کچھ تازہ گوشت	(۶) خُبْزٌ بَائِتٌ ایک باسی روٹی
(۷) اَلْفِضَّةُ الْبَيْضَآءُ سفید چاندی	(۸) اَلْفَاكِهَةُ الْفِجَّةُ کچا پھل	(۹) زَهْرٌ مُفَتَّحَةٌ کھلا ہوا ایک پھول
(۱۰) ثَمَرٌ نَاضِجٌ ایک پکا ہوا پھل	(۱۱) اَلطَّعَامُ الشَّهِيُّ لذیذ کھانا	(۱۲) بِنْتٌ جَمِيْلَةٌ ایک خوبصورت لڑکی
(۱۴) حَمِيْدَةٌ نِ الْخَرْقَاءُ بے سلیقہ حمیدہ		

بقیہ حاشیہ

(۲) ہواؤں کے نام: صَبَا، قَبُوْل، دَبُوْر، جَنُوْب، شمال، هَيْف، حَرُوْر، سَمُوْم وغیرہ

(۳) ملکوں، شہروں، قبیلوں اور جماعتوں کے نام جیسے مصر، پاکستان، الهند، دہلی، لکھنؤ، قریش وغیرہ۔

(۴) جسم کے وہ اعضاء جو جفت (جوڑے جوڑے) ہوں جیسے يَدٌ۔ رِجْلٌ، عَيْنٌ وغیرہ مگر یہ قاعدہ کلیہ نہیں ہے کیونکہ مِرْفَقٌ خَدٌّ، اَلْحَاجِبُ، صُدْغٌ اور اللحی جیسے الفاظ مذکر ہی مستعمل ہیں۔

یہ سب مؤنث قیاسی کی مثالیں ہیں۔ اب ان کے علاوہ کچھ اسماء ایسے ہیں کہ جن میں نہ تو علامت تانیث ہوتی ہے اور نہ ہی مؤنث معنوی کے قاعدے میں آتے ہیں۔ مگر اہل زبان (عرب) ان کو مؤنث استعمال کرتے آئے ہیں چونکہ ان کا مؤنث ہونا محض سماع (سننے) پر موقوف ہے۔ اس لئے ان کو مؤنث سماعی کہتے ہیں۔ ذیل میں مؤنث سماعی کے کچھ الفاظ درج کئے جاتے ہیں۔ اُذُنٌ، اَرْضٌ، اَرْنَبٌ، اِصْبَعٌ، اَفْعٰی، بِئْرٌ، جَحِيْمٌ، جَهَنَّمُ، حَرْبٌ، دَارٌ، ذِرَاعٌ، رِجْلٌ، رَحِمٌ، رُحًى، رِيْحٌ، سَقَرٌ، (جہنم) سِنٌّ، سَاقٌ، شَمْسٌ، شِمَالٌ، ضَبُعٌ، عَرُوْضٌ، عَصًا، عَقِبٌ، عَيْنٌ، فَأْسٌ، فَخِذٌ، فُلْكٌ، قَدَمٌ، كَاسٌ، كَتِفٌ، كَرِشٌ، كَفٌّ، نَارٌ، نَعْلٌ، نَابٌ، وَرِكٌ، يَدٌ، يَمِيْنٌ

اَلتَّمْرِيْنُ (۹) مشق نمبر (۹)

خالی جگہ پر کریں۔

(۱) اَللَّيْلُ .... (۲) اَلْبُسْتَانُ .... (۳) اَلسَّاعَةُ ....
(۴) طَاوِلَةٌ .... (۵) كُرْسِيٌّ .... (۶) اَلسَّبُّوْرَةُ ....
(۷) سَعِيْدٌ .... (۸) اَلْعِقْدُ .... (۹) اَلْمِصْبَاحُ ....
(۱۰) سَيَّارَةٌ .... (۱۱) اَلْمَنَارَةُ .... (۱۲) اَلْبَقَرَةُ ....
(۱۳) شَاةٌ .... (۱۴) فَاطِمَةُ ....

حل مکمل جملے:

(۱) اَللَّيْلُ الْمُقْمِرُ (۲) اَلْبُسْتَانُ الْكَبِيْرُ (۳) اَلسَّاعَةُ الرَّخِيْصَةُ
(۴) طَاوِلَةٌ جَدِيْدَةٌ (۵) كُرْسِيٌّ قَدِيْمٌ (۶) اَلسَّبُّوْرَةُ الْجَدِيْدَةُ
(۷) سَعِيْدُ نِ الْفَاضِلُ (۸) اَلْعِقْدُ الثَّمِيْنُ (۹) اَلْمِصْبَاحُ الْمُنِيْرُ
(۱۰) سَيَّارَةٌ سَرِيْعَةٌ (۱۱) اَلْمَنَارَةُ الْمُرْتَفِعَةُ (۱۲) اَلْبَقَرَةُ الْحَامِلَةُ
(۱۳) شَاةٌ حَلُوْبٌ (۱۴) فَاطِمَةُ نِ الْفَاضِلَةُ

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۰) مشق نمبر (۱۰)

خالی جگہ پر کریں:

(۱) .... اَللَّامِعُ (۲) .... اَلْعَذْبُ (۳) .... اَلنَّقِيُّ
(۴) .... اَلسَّمِيْنَةُ (۵) .... اَلْمُرُّ (۶) .... اَلْهِنْدِيُّ
(۷) .... مُقْمِرَةٌ (۸) .... بَيْضَاءُ (۹) .... اَلْمُظْلِمُ
(۱۰) .... نَشِيْطٌ (۱۱) .... اَلْمُثْمِرُ (۱۲) .... اَلْمُظِلَّةُ

حل مکمل جملے:

(۱) اَلْكَوْكَبُ اللَّامِعُ (۲) اَللَّبَنُ الْعَذْبُ (۳) اَلرِّيْحُ النَّقِيُّ
(۴) اَلنَّاقَةُ السَّمِيْنَةُ (۵) اَلدَّوَاءُ الْمُبِرُّ (۶) اَلْعَالِمُ الْهِنْدِيُّ
(۷) لَيْلَةٌ مُقْمِرَةٌ (۸) بَقَرَةٌ بَيْضَاءُ (۹) اَللَّيْلُ الْمُظْلِمُ
(۱۰) شُرْطِيٌّ نَشِيْطٌ (۱۱) اَلشَّجَرُ الْمُثْمِرُ (۱۲) اَلشَّجَرَةُ الْمُظِلَّةُ

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۱) مشق نمبر (۱۱)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) نیلا آسمان اَلسَّمَاءُ الزَّرْقَاءُ	(۲) روشن سورج اَلشَّمْسُ الْمُشْرِقَةُ	(۳) بلند پہاڑ اَلْجَبَلُ الْعَالِيْ
(۴) گہرا کنواں اَلْبِئْرُ الْعَمِيْقَةُ	(۵) پھلدار درخت اَلشَّجَرُ الْمُثْمِرُ	(۶) میٹھا انار اَلرُّمَّانُ الْحُلْوُ
(۷) ٹھنڈی رات اَللَّيْلُ الْبَارِدُ	(۸) ایک تاریک کمرہ غُرْفَةٌ مُظْلِمَةٌ	(۹) کوئی اونچی میز طَاوِلَةٌ عَالِيَةٌ
(۱۰) ایک قیمتی گھڑی سَاعَةٌ ثَمِيْنَةٌ	(۱۱) سفید کرتا اَلْقَمِيْصُ الْأَبْيَضُ	(۱۲) سیاہ ٹوپی اَلْقَلَنْسُوَةُ السَّوْدَاءُ
(۱۳) تعلیم یافتہ عائشہ عَائِشَةُ نِ الْمُتَعَلِّمَةُ	(۱۴) مجاہد خالد خَالِدُ نِ الْمُجَاهِدُ	(۱۵) ایک خون ریز لڑائی حَرْبٌ دَامِيَةٌ

اَلتَّمْرِیْنُ (۱۲)

تثنیہ¹ و جمع میں موصوف و صفت کی مطابقت:

¹ تثنیہ و جمع: اسم کی باعتبارِ عدد کے تین قسمیں ہیں واحد، تثنیہ، جمع، واحد ایک کو، تثنیہ دو کو اور جمع دو سے زیادہ کو کہتے ہیں۔

تثنیہ بنانے کا قاعدہ: اسم مفرد (واحد) کے آخر میں الف و نون بڑھانے سے تثنیہ بن جاتا ہے، مگر یہ صرف اس وقت جب کہ تثنیہ مرفوع ہو جیسے کِتَابٌ سے کِتَابَانِ اور کُرَّاسَۃٌ سے کُرَّاسَتَانِ وغیرہ، اگر تثنیہ مرفوع (حالت رفعی میں) ہونے کی بجائے منصوب یا مجرور (حالت نصبی یا جری میں) ہو تو الف و نون کی بجائے "یْ" ماقبل مفتوح اور نون مکسورہ (یْنِ) بڑھاتے ہیں۔ جیسے کِتَابَیْنِ اور کُرَّاسَتَیْنِ وغیرہ۔

جمع اور اس کی قسمیں: جمع جو دو سے زیادہ چیزوں پر دلالت کرتی ہے اس کی تین قسمیں ہیں۔ جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم اور جمع مکسر۔

جمع مذکر سالم: اس جمع کو کہتے ہیں جس میں واحد کا وزن باقی اور سالم رہے۔ یہ اسم مفرد (واحد) کے آخر میں واؤ اور نون مفتوح (وْنَ) بڑھانے سے بنتی ہے۔ یہ قاعدہ صرف اس کی حالت رفعی کے لئے ہے۔ حالت نصبی میں "یْ" ماقبل مکسور اور نون مفتوح (یْنَ) بڑھا کر جمع بناتے ہیں جیسے مُحَمَّدٌ سے مُحَمَّدِیْنَ اور صَالِحٌ سے صَالِحِیْنَ (حالت نصبی اور جری میں) مُحَمَّدُوْنَ اور صَالِحُوْنَ (حالت رفعی میں)

فائدہ: جمع مذکر سالم صرف رجال (مرد) کے نام اور ان کی صفات کے لئے آتی ہے۔

(۲) تثنیہ اور جمع مذکر سالم کا اعراب (حالت نصبی و جری میں) "ی" سے آتا ہے اور لکھنے میں دونوں کی صورت ایک سی ہوتی ہے مگر فرق یہ ہے کہ تثنیہ میں جو "ی" ہوتی ہے۔ اس سے پہلے فتحہ اور بعد کے نون کو کسرہ دیا ہوا ہوتا ہے اور جمع مذکر سالم کی "ی" سے پہلے کسرہ اور بعد کے نون کو فتحہ دیا ہوا ہوتا ہے۔ یعنی تثنیہ میں "ی" ماقبل مفتوح مابعد مکسور اور جمع میں "ی" ماقبل مکسور اور مابعد مفتوح ہوتا ہے۔

(۲) جمع مؤنث سالم: ہر وہ جمع جو کسی واحد مؤنث کے آخر میں الف اور تائے مبسوط (ا ت) بڑھا کر بنائی جائے اور واحد کا وزن باقی رہے جیسے مُسْلِمَۃٌ سے مُسْلِمَاتٌ، صَالِحَۃٌ سے صَالِحَاتٌ، فَاطِمَۃٌ سے فَاطِمَاتٌ، بَقَرَۃٌ سے بَقَرَاتٌ، شَجَرَۃٌ سے شَجَرَاتٌ، کَلِمَۃٌ سے کَلِمَاتٌ وغیرہ۔

فائدہ: یہ عاقل اور غیر عاقل سب کے لئے آتی ہے۔ بخلاف جمع مذکر سالم کے صرف رجال کا نام اور ان کی صفات ہی کیلئے آتی ہے۔

(۲) جمع مؤنث سالم کا اعراب حالت رفعی میں ضمہ کے ساتھ اور حالت نصبی و جری دونوں میں کسرہ کے ساتھ ہوتا ہے۔

اردو میں ترجمہ کریں

(۱) اَلْمَاءُ الرَّائِقُ خوشگوار پانی	(۲) اَلْهَوَاءُ النَّقِيُّ صاف ہوا	(۳) اَلْاَنْهَارُ الْجَارِيَةُ (الْجَارِيَاتُ) بہتی نہریں
(۴) نَجْمَانِ لَامِعَانِ دو چمکدار ستارے	(۵) اَلْجِبَالُ الشَّامِخَةُ اونچے پہاڑ	(۶) اَلْمُسْلِمُوْنَ الصَّادِقُوْنَ سچے مسلمان
(۷) رِجَالٌ صَالِحُوْنَ کچھ نیک لوگ	(۸) وَرْدَةٌ مُّفَتَّحَةٌ کھلا ہوا گلاب کا پھول	(۹) تِلْمِيْذَانِ مُجْتَهِدَانِ دو محنتی شاگرد
(۱۰) اَلْبَنَاتُ الصَّالِحَاتُ (نیک بیٹیاں)	(۱۱) اَقْلَامٌ ثَمِيْنَةٌ اَوْ (ثَمِيْنَاتٌ) کچھ قیمتی قلم	(۱۲) اَلْمَنَارَتَانِ الطَّوِيْلَتَانِ دو لمبے مینار
(۱۳) اَلثَّرْوَةُ الْمَمْلُوْءَةُ بھری ہوئی دولت	(۱۴) اَلْاُمَّهٰتُ الْمُؤْمِنٰتُ مومن مائیں	

(بقیہ حاشیہ)

(۳) جمع مکسّر: اس جمع کو کہتے ہیں جس میں مفرد (واحد) کا وزن باقی نہ رہے بلکہ جمع میں آکر ٹوٹ جائے۔ اسی وجہ سے اس کو مُکَسَّر (ٹوٹا ہوا) کہتے ہیں جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ شَاةٌ سے شِيَاهٌ اور حَدِيْقَةٌ سے حَدَائِقُ وغیرہ۔

جمع مکسّر بنانے کا کوئی خاص قاعدہ نہیں ہے کبھی محض حرکات (ضمہ، فتحہ، کسرہ) کے تغیر وتبدل سے جیسے اَسَدٌ سے اُسُدٌ اور کبھی کسی سے حرف کو حذف کر کے جیسے رَسُوْلٌ سے رُسُلٌ اور کبھی بعض حروف کے اضافہ سے جمع بنالیتے ہیں جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ وغیرہ

ذیل میں جمع مکسر کے کچھ اوزان لکھے جاتے ہیں ان کو یاد کرلو۔ اَفْعَلٌ، مَفَاعِلُ، مَفَاعِيْلُ، فُعَلٌ، فُعُوْلٌ، فِعَالٌ، اَفْعَالٌ، فُعَلَاءُ، اَفْعِلَاءُ، فَوَاعِلُ، فَعَائِلُ، فَعَالِيْلُ، فَعَالِلَةٌ (الفاظ غیر منصرف ہیں ان پر تنوین نہیں آئے گی)

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۳) مشق نمبر (۱۳)

خالی جگہیں مناسب صفات سے پر کریں۔

(۱) اَلْاَزْهَارُ .... (۲) اَلْمَلَابِسُ .... (۳) عَمُوْدَانِ ....
(۴) اَلْمَنْظَرُ .... (۵) اَللَّيَالِيْ .... (۶) اَلْبَقَرَاتُ ....
(۷) اَلْحَدَائِقُ .... (۸) كُرْسِيَّانِ .... (۹) اَلْفَلَّاحُوْنَ ....
(۱۰) اَلتِّلْمِيْذَاتُ .... (۱۱) تُفَّاحَتَانِ .... (۱۲) سَلْمَانُ ....

حل: مکمل مرکبات:

(۱) اَلْاَزْهَارُ الْجَمِيْلَةُ (۲) اَلْمَلَابِسُ الْجَدِيْدَةُ (۳) عَمُوْدَانِ ثَقِيْلَانِ
(۴) اَلْمَنْظَرُ الْعَجِيْبُ (۵) اللَّيَالِيْ الْقَصِيْرَةُ (۶) اَلْبَقَرَاتُ الْحَامِلَةُ
(۷) اَلْحَدَائِقُ الْكَبِيْرَةُ (۸) كُرْسِيَّانِ جَدِيْدَانِ (۹) اَلْفَلَّاحُوْنَ الْمُجْتَهِدُوْنَ
(۱۰) اَلتِّلْمِيْذَاتُ الْقَانِتَاتُ (۱۱) تُفَّاحَتَانِ حَامِضَتَانِ (۱۲) سَلْمَانُ الْمُهَنْدِسُ

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۴) مشق نمبر ۱۴

خالی جگہیں پر کریں۔

(۱) .... اَلْمُمْطِرَةُ (۲) .... اَلضَّئِيْلُ
(۳) .... اَللَّعُوْبَانِ (۴) .... اَلْهَارِبُوْنَ
(۵) .... مُتَلَالِئٌ (۶) .... اَلْفَائِزَتَانِ
(۷) .... اَلْمُوْرِقَةُ (۸) .... اَلْقَوِيَّانِ
(۹) .... اَلنَّاجِحُوْنَ (۱۰) .... عَفِيْفَتَانِ
(۱۱) .... اَلْعَابِدَاتُ (۱۲) .... مُجْتَهِدَاتٌ

مکمل جملے

(۱) اَلسَّحَابَةُ الْمُمْطِرَةُ (برسنے والے بادل)	(۷) اَلْاَشْجَارُ الْمُوْرِقَةُ (پتے دار درخت)
(۲) اَلنُّوْرُ الضَّئِيْلُ (مدھم روشنی)	(۸) اَلْجُنْدِيَانِ الْقَوِيَّانِ (دو طاقتور فوجی)
(۳) اَلْوَلَدَانِ اللَّعُوْبَانِ (دو کھلنڈرے لڑکے)	(۹) اَلطَّلَبَةُ النَّاجِحُوْنَ (کامیاب طلبہ)
(۴) اَلْاَوْلَادُ الْبَارُّوْنَ (نیک لڑکے)	(۱۰) اِمْرَأَتَانِ عَفِيْفَتَانِ (دو پاکدامن عورتیں)
(۵) عِقْدٌ مُتَلَأْلِئٌ (ایک قیمتی ہار)	(۱۱) اَلنِّسَآءُ الْعَابِدَاتُ (عبادت کرنے والی عورتیں)
(۶) اَلتِّلْمِيْذَتَانِ الْفَائِزَتَانِ (دو کامیاب طالبات)	(۱۲) تِلْمِيْذَاتٌ مُجْتَهِدَاتٌ (چند محنتی طالبات)

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۵) مشق نمبر ۱۵

عربی میں ترجمہ کریں:

(۱) عربی مدرسے اَلْمَدَارِسُ الْعَرَبِيَّةُ	(۲) تعلیم یافتہ لڑکیاں اَلْبَنَاتُ الْمُتَعَلِّمَاتُ	(۳) مومن عورتیں اَلنِّسَاءُ الْمُؤْمِنَاتُ
(۴) نیک مائیں اَلْاُمَّهَاتُ الصَّالِحَاتُ	(۵) ایک خوبصورت آئینہ مِرْآةٌ جَمِيْلَةٌ	(۶) گلاب کا سرخ پھول اَلْوَرْدَةُ الْحَمْرَآءُ
(۷) خوشگوار موسم اَلْفَصْلُ الرَّائِقُ	(۸) دو خوبصورت پارک اَلْحَدِيْقَتَانِ الْجَمِيْلَتَانِ	(۹) بہتی نہریں اَلْاَنْهَارُ الْجَارِيَاتُ

(۱۰) دو چمکدار ستارے اَلنَّجْمَانِ اللَّامِعَانِ	(۱۱) چاندنی راتیں اَللَّيَالِي الْمُقْمِرَةُ	(۱۲) دلفریب منظر اَلْمَنْظَرُ الْخَلَّابُ
(۱۳) کچھ پھلدار درخت اَشْجَارٌ مُثْمِرَةٌ	(۱۴) ہری ٹہنیاں اَلْغُصُوْنُ الْخَضْرَآءُ	(۱۵) خائن وزراء اَلْوُزَرَاءُ الْخَائِنُوْنَ
(۱۶) مغربی تہذیب وتمدن اَلثَّقَافَةُ الْغَرْبِيَّةُ	(۱۷) عدل وانصاف کرنیوالی قاضی اَلْقُضَاةُ الْمُنْصِفُوْنَ	(۱۸) بے پردہ عورتیں اَلنِّسَآءُ الْكَاشِفَاتُ
(۱۹) قومی ترانہ اَلنَّشِيْدُ الْوَطَنِيُّ	(۲۰) میٹھے گیت اَلْاَغَانِي الْعَذْبَةُ	

اَلتَّمْرِيْنُ فِي الْاِنْشَاء (۱۶) (مشق نمبر ۱۶ انشاء کے متعلق)

۱۔ اپنی درسگاہ سے متعلق چیزوں پر موصوف صفت کے چھ ایسے جملے لکھو کہ واحد تثنیہ وجمع اور تذکیر وتانیث آجائے۔

(۱) غُرْفَةُ فَصْلِي وَسِيْعَةٌ تَسَعُ عَدَدًا مَلْحُوْظًا مِنَ الطُّلَّابِ

(۲) وَ فِي غُرْفَةِ فَصْلِيَ فُرِشَتْ بِسَاطٌ اِيْرَانِيَّةٌ

(۳) وَ فِيْهَا شُبَّاكَانِ مِنَ الْخَشَبَةِ وَبَابٌ مِنَ الْحَدِيْدِ و خِزَانَتَانِ مِنَ الزُّجَاجِ

(۴) وَفِيْهَا مِرْوَحَتَانِ سَقَفِيَةٌ

(۵) وَدَاخِلُهَا مُنَوَّرٌ بِمَصَابِيْحَ كَهْرُبَائِيَةٍ

(۶) وَ بِالْجُمْلَةِ غُرْفَتِي مُزَيَّنَةٌ بِاَشْيَاءِ اللَّوَازِمِ التَّعْلِيْمِيَّةِ

۲۔ اپنی تعلیم سے متعلق چیزوں پر موصوف صفت کے چھ جملے لکھو واحد تثنیہ جمع اور تذکیر وتانیث آجائے۔

(۱) نَحْنُ زُمَلَاءُ الدَّرَجَةِ الثَّانِيَةِ لَا نَحْتَاجُ اِلَى اَحَدٍ فِي شَيْئٍ مِنَ الْاَدَوَاتِ

الدِّرَاسِيَّةِ

(۲) يَحْتَفِظُ كُلُّ طَالِبٍ عِنْدَهُ بِحَقِيْبَةٍ مَتِيْنَةٍ ذَاتَ كِبْسَيْنِ وَسِيْعَيْنِ

(۳) يَجْمَعُ فِيْهَا كُتُبًا دَرْسِيَّةً وَ كَرَارِيْسَ عَدِيْدَةً

(۴) وَيَحْتَفِظُ اَيْضًا بِمِحْبَرَةٍ كَبِيْرَةٍ لِاَشْيَا صَغِيْرَةٍ

(۵) فِيْهَا دَوَاتَانِ مَمْلُوْتَانِ

(۶) وَمُوَفَّرَةٌ عِنْدَنَا سَبُّوْرَةٌ سَوْدَآءُ وَطَاوِلَةٌ طَوِيْلَةٌ اَيْضًا

۳۔ اپنے دارالاقامہ سے متعلق چیزوں پر موصوف صفت کے چھ ایسے جملے لکھو واحد تثنیہ جمع اور تذکیر وتانیث آ جائے۔

(۱) دَارُ اِقَامَتِنَا مُحْتَوِيَةٌ عَلٰى مَبْنًى رَائِعٍ مَشِيْدٍ۔

(۲) هٰذَا الْمَبْنَى الْجَمِيْلُ مُشْتَمِلٌ عَلٰى مَنْزِلَيْنِ فَاخِمَيْنِ۔

(۳) كُلُّ مَنْزِلٍ يَتَضَمَّنُ صَفًّا سَوِيًّا مِنْ حُجُرَاتٍ رَصِيْفَةٍ۔

(۴) فِي كُلِّ حُجْرَةٍ بُسُطٌ مَصْفُوْفَةٌ لِطُلَّابِ الْمُقِيْمِيْنَ

(۵) اَلْمَنْزِلُ اَعْلٰى مُخْتَصٌّ بِالطُّلَّابِ الْكِبَارِ وَ الْمَنْزِلُ الْاَسْفَلُ مُخْتَصٌّ بِالطُّلَّابِ الصِّغَارِ

(۶) وَالْحُجْرَتَانِ الْوَسِيْعَتَانِ مُخْتَصَّتَانِ لِلْاَسَاتِذَةِ الْمُشْرِفِيْنَ عَلَى الطُّلَّابِ

اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ

(پانچواں سبق)

مرکب اضافی

مرکب اضافی دو اسموں کے ایسے مرکب کو کہتے ہیں جس میں پہلے اسم کی نسبت دوسرے اسم کی طرف کی گئی ہو جیسے كِتَابُ سَعِيْدٍ، بَيْتُ خَالِدٍ۔ مرکب اضافی کے پہلے اسم کو جس کی نسبت دوسرے اسم کی طرف کی جا رہی ہو۔ مضاف اور دوسرے اسم کو (جس کی طرف نسبت کی گئی ہو) مضاف الیہ کہتے ہیں۔

(۱) مضاف اور مضاف الیہ دونوں اسم ہوا کرتے ہیں[1]۔

[1] کبھی مضاف الیہ جملہ میں بھی ہوا کرتا ہے۔ (جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ دونوں)

فائدہ: اضافت سے اسم میں تخصیص اور تعیین کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں۔ مثلاً بَيْتُ خَالِدٍ میں اگر تم صرف لفظ بَيْتٌ کہو تو اس سے کوئی ایک غیر متعین ہی گھر مراد ہو گا۔ لیکن جب بیت کو مضاف بنا کر اس کی اضافت خالد کی طرف کر دو تو پھر بیت کی تعیین ہو جائے گی اور اس سے ایک مخصوص گھر (خالد کا گھر) سمجھا جائے گا نہ کہ کوئی سا گھر۔

فائدہ: (۱) اردو میں مضاف الیہ پہلے ہوتا ہے اور مضاف بعد میں ہوتا ہے لیکن عربی میں اس کے برعکس ہوتا ہے یعنی مضاف پہلے اور مضاف الیہ بعد میں جیسے كِتَابُ خَالِدٍ (خالد کی کتاب) اِبْنُ مَحْمُوْدٍ (محمود کا بیٹا) وغیرہ۔

فائدہ: (۲) اردو میں اضافت کا ترجمہ "کا، کے، کی سے کیا جاتا ہے اور جب ضمائر کی طرف اضافت ہو تو ضمیر غائب کے لئے اس کا ضمیر مخاطب کے لئے "تیرا" اور ضمیر متکلم کے لئے "میرا" اور "اپنا" سے ترجمہ کیا جاتا ہے۔ مبتدی طلبہ ضمائر کے ترجمہ میں خصوصاً اپنا وغیرہ میں غلطیاں کرتے ہیں۔ مثلاً جب کہنا ہو کہ خالد اپنے گھوڑے پر سوار ہوا تو رَكِبَ خَالِدٌ فَرَسَهٗ کہا جائے گا لیکن اس کے بجائے میں اس کے گھوڑے پر سوار ہوا تو رَكِبْتُ فَرَسَهٗ کہا جائے گا اور میں اپنے گھوڑے پر سوار ہوا کے لئے رَكِبْتُ فَرَسِيْ کہا جائے گا۔

(۲) مضاف اسم نکرہ اور مضاف الیہ اکثر معرفہ اور کبھی نکرہ بھی ہوا کرتا ہے۔

(۳) مضاف پر ''ال'' اور تنوین (ـٌـٍـً) نہیں آتی لیکن مضاف الیہ پر ''ال'' اور تنوین دونوں ہی آتے ہیں۔

(۴) مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوا کرتا ہے۔

(۵) اضافت میں مضاف سے تنوین ہی کی طرح اس کے نون جمع اور نون تثنیہ بھی گر جاتے ہیں۔ جیسے مُسْلِمُوْنَ الْهِنْدِ سے مُسْلِمُوْ الْهِنْدِ اور كِتَابَانِ خَالِدٍ سے كِتَابَا خَالِدٍ وغیرہ۔

(۶) کبھی ایک ہی ترکیب میں کئی مضاف الیہ ہوتے ہیں جیسے بَابُ بَيْتِ صَدِيْقِكَ، لَوْنُ قَلَنْسُوَةِ مَحْمُوْدٍ ایسی صورت میں درمیانی مضاف الیہ چونکہ مابعد کی طرف مضاف ہوتا ہے۔ اس لئے اس کو جر (کسرہ) تو ہوگا مگر اس پر تنوین اور ''ال'' نہیں آئے گا۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۷) مشق نمبر (۱۷)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) ضَوْءُ الْقَمَرِ چاند کی روشنی	(۲) ظَلَامُ اللَّيْلِ رات کا اندھیرا	(۳) فَصْلُ الْمَطَرِ بارش کا موسم
(۴) شَاطِئُ النَّهْرِ نہر کا کنارہ	(۵) جَمَالُ الطَّبِيْعَةِ فطری حسین	(۶) اٰيَةُ اللّٰهِ اللہ کی نشانی
(۷) نَبَاتُ الْاَرْضِ زمین کی پیداوار	(۸) سَنَامُ الْجَبَلِ پہاڑ کی چوٹی	(۹) غُصْنُ الشَّجَرِ درخت کی ٹہنی
(۱۰) تَغْرِيْدُ الطُّيُوْرِ پرندوں کا چہچہانا	(۱۱) حَدِيْقَةُ مَحْمُوْدٍ محمود کا باغ	(۱۲) دَارُ غَنِيٍّ غنی کا گھر

(۱۳) إِكْرَامُ الضُّيُوفِ مہمانوں کی تعظیم	(۱۴) خِدْمَةُ الدِّينِ دین کی خدمت	

اَلتَّمْرِيْنُ (۸) مشق نمبر (۱۸)

مندرجہ ذیل الفاظ سے مرکب اضافی کے جملے بناؤ۔

اَلْبَرْقُ، اَلْبَيْتُ، اَلْفِيْلُ، رَمَضَانُ، اَلْفَرَسُ، اَلْحُجْرَةُ، اَلْكَأْسُ، اَلْعَذْبُ، اَلسَّقْفُ، اَللَّمَعَانُ، اَلسَّيْرُ، اَلْجَنَاحُ، اَلْخُرْطُوْمُ، اَلزُّجَاجُ، اَلْعِنَانُ، اَلْمَاءُ، اَلْقِطَارُ، اَلصَّوْمُ، اَلْبَابُ، اَلطَّيْرُ۔

حل مرکب اضافی کے جملے:

لَمَعَانُ الْبَرْقِ، بَابُ الْبَيْتِ، خُرْطُوْمُ الْفِيْلِ، صَوْمُ رَمَضَانَ، عِنَانُ الْفَرَسِ، سَقْفُ الْحُجْرَةِ، كَأْسُ الزُّجَاجِ، اَلْمَاءُ الْعَذْبُ، سَيْرُ الْقِطَارِ، جَنَاحُ الطَّيْرِ۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۹) مشق نمبر (۱۹)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) بجلی کی چمک لَمَعَانُ الْبَرْقِ	(۲) سورج کی گرمی حَرَارَةُ الشَّمْسِ	(۳) آسمان کا رنگ لَوْنُ السَّمَآءِ
(۴) باغ کا منظر مَنْظَرُ الْبُسْتَانِ	(۵) پھولوں کی مہک أَرِيْجُ الْأَزْهَارِ	(۶) ہرن کا شکار صَيْدُ الْغَزَالِ
(۷) پرندہ کا گوشت لَحْمُ الطَّيْرِ	(۸) محمود کی بندوق بُنْدُقِيَّةُ مَحْمُوْدٍ	(۹) چاندی کی گھڑی سَاعَةُ الْفِضَّةِ

(۱۲) اخلاق کی پاکیزگی طَهَارَةُ الْخُلُقِ	(۱۱) رسول کی تعلیم تَعْلِيْمُ الرَّسُوْلِ	(۱۰) لوہے کا صندوق صَنْدُوْقُ الْحَدِيْدِ
(۱۵) رب کی خوشنودی رِضَى الرَّبِّ	(۱۴) دین کا غلبہ غَلَبَةُ الدِّيْنِ	(۱۳) مومن کے ارادے عَزَائِمُ الْمُؤْمِنِ

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۰) (مشق نمبر ۲۰)

تثنیہ وجمع کی اضافت

اردو میں ترجمہ کریں

(۳) جَنَاحَا الطَّيْرِ پرندے کے دونوں بازو	(۲) عَيْنَا الظَّبْيِ ہرن کی دو آنکھیں	(۱) يَدُ الطِّفْلِ بچے کا ہاتھ
(۶) قَاطِنُوْ الْجِبَالِ پہاڑوں کے باشندے	(۵) رَاكِبُوْ السَّفِيْنَةِ کشتی کے سوار	(۴) شَاطِئَا النَّهْرِ نہر کے دونوں کنارے
(۹) مِصْرَاعَا الْبَابِ دروازہ کے دونوں کواڑ	(۸) مُعَلِّمُوْ الْمَدْرَسَةِ مدرسہ کے اساتذہ	(۷) صَادِقُوْ الْوَعْدِ وعدے کے سچے
(۱۲) خَادِمُوْ الدِّيْنِ دین کے خدام	(۱۱) مُحْسِنُوْ الْأُمَّةِ امت کے محسن	(۱۰) عَجَلَتَا الدَّرَّاجَةِ سائیکل کے دونوں پہیے

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۱) مشق نمبر (۲۱)

مندرجہ ذیل الفاظ کی اضافت مناسب اسماء کی طرف کریں۔

(۱) عَيْنَانِ (۲) اَلْعَقْرَبَانِ (۳) مَنَارَتَانِ (۴) لَابِسُوْنَ

(۵) بَائِعُوْنَ (۶) اَلْمَدَارِسُ (۷) اَلْمُهَاجِرُوْنَ (۸) سَائِقُوْنَ

(۹) اَلْأُذُنَانِ (۱۰) لَمْعَانِ (۱۱) اَلسِّنَانِ (۱۲) اَلْمُسَافِرُوْنَ

حل:

(۱) عَيْنَا زَيْدٍ (۲) عَقْرَبَا السَّاعَةِ (۳) مَنَارَتَا الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

(۴) لَابِسُو الْقَمِيْصِ (۵) بَائِعُو الْاَثْمَارِ (۶) مَدَارِسُ الْعَرَبِيَّةِ

(۷) مُهَاجِرُو الْهِنْدِ (۸) سَائِقُو السَّيَّارَاتِ (۹) اُذُنَا الطِّفْلِ

(۱۰) لَمْعَانُ النُّجُوْمِ (۱۱) سِنَانُ الرُّمْحِ (۱۲) مُسَافِرُو مَدِيْنَةَ

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۲) (مشق نمبر ۲۲)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) مومن کی فراست فِرَاسَةُ الْمُؤْمِنِ	(۲) ایمان کی روشنی نُوْرُ الْاِيْمَانِ	(۳) کفر کی تاریکی ظُلْمَةُ الْكُفْرِ
(۴) چیونٹی کی سمجھ فَهْمُ النَّمْلَةِ	(۵) اونٹ کی گردن رَقَبَةُ الْبَعِيْرِ	(۶) ہاتھی کے دو دانت سِنَّا الْفِيْلِ
(۷) شتر مرغ کی دو ٹانگیں رِجْلَا النَّعَامَةِ	(۸) ابراہیم کے دو بیٹے اِبْنَا اِبْرَاهِيْمَ	(۹) باپ کے اطاعت گزار مُطِيْعُو الْاَبِ
(۱۰) خانہ کعبہ کے معمار بَنَّاؤُ الْكَعْبَةِ	(۱۱) مکہ کے دو مسافر مُسَافِرَا مَكَّةَ	(۱۲) مسجد نبوی کے زائرین زَائِرُوا الْمَسْجِدِ النَّبَوِيِّ
(۱۳) رسولؐ کے اصحاب اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ	(۱۴) عہد کے لئے (پورا کرنے والے) مُوْفُو الْعَهْدِ	(۱۵) بات کے سچے صَادِقُوا الْقَوْلِ
(۱۶) مہمانوں کی تعظیم کرنیوالے مُكْرِمُوا الضُّيُوْفِ	(۱۷) اللہ کے رسولؐ رُسُلُ اللّٰهِ	(۱۸) اخلاق کے معلم مُعَلِّمُوا الْاَخْلَاقِ

(۱۹) وطن کے پرستار مُحِبُّوا الْوَطَنِ	(۲۰) دین کے دشمن مُبْغِضُوا الدِّيْنِ	

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۳) (مشق نمبر (۲۳)

مضاف الیہ جب متعدد ہوں

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) خِصْبُ اَرْضِ الْهِنْدِ ہندوستان کی زمین کی شادابی	(۲) ثَرْوَةُ بِلَادِ اَمْرِيْكَا امریکی ممالک کی دولت
(۳) لَوْنُ قَلَنْسُوَةِ مَحْمُوْدٍ محمود کی ٹوپی کا رنگ	(۴) ثَمَنُ عِقْدِ فَاطِمَةَ فاطمہ کے ہار کی قیمت
(۵) طُوْلُ مِنْشَفَةِ اَحْمَدَ احمد کے تولیے کی لمبائی	(۶) نَسْجُ جَوْرَبِ حَامِدٍ حامد کے جراب کی بناوٹ
(۷) صُوْفُ قُفَّازَيْ هِشَامٍ ہشام کے دونوں دستانوں کی اون	(۸) خَشْخَشَةُ قُبْقَابِ مَسْعُوْدٍ مسعود کے دونوں کھڑاؤں کی کھڑکھڑاہٹ
(۹) خَفْخَفَةُ جَنَاحِ الطَّيْرِ پرندے کے پر کی پھڑپھڑاہٹ	(۱۰) فَخْفَخَةُ اَغْنِيَاءِ اَوَدْه اودھ کے امراء کی ٹیپ ٹاپ
(۱۱) خَشَبَةُ مِصْرَاعَيِ الْبَابِ دروازے کے دو کواڑوں کی لکڑی	(۱۲) سَعْيُ مُحِبِّي الدِّيْنِ دین کے ساتھ محبت کرنیوالوں کی کوشش
(۱۳) طَاعَةُ اَحْكَامِ الرَّسُوْلِ رسول کے احکام کی پیروی	(۱۴) سِرُّ غَلَبَةِ الْاِسْلَامِ اسلام کے غلبہ کا راز

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۴) (مشق نمبر ۲۴)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) اللہ کے گھر کی عظمت عَظْمَةُ بَيْتِ اللّٰهِ	(۲) نوحؑ کی کشتی کے سوار رَاكِبُوْ السَّفِيْنَةِ نُوْحٍ
(۳) دیہات کے باشندوں کی زندگی عَيْشُ سُكَّانُ الْقَرَوِيِّيْنَ	(۴) ہندوستان کے کارخانوں کے مزدور عُمَّال مَصَانِعِ الْهِنْدِ
(۵) انڈونیشیا کے مسلمانوں کی زبان لُغَةُ مُسْلِمِي اِنْدُونِيْشِيَا	(۶) عمر بن عبدالعزیز کا عدل اِنْصَافُ عُمَرُ بِنْ عَبْدِالْعَزِيْزِ
(۷) گلاب کے پھول کی سرخی حُمْرَةُ الْوَرْدَةِ	(۸) شعیب کے قلم کا رنگ لَوْنُ قَلَمِ شُعَيْبٍ
(۹) کاریگر کے ہاتھ کی صفائی (تیزی) سُرْعَةُ يَدِ الصَّانِعِ	(۱۰) حسن کی گھڑی کا ڈائل مِيْنَاءُ سَاعَةِ حَسَنٍ
(۱۱) دیوار کی گھڑی کی دو سوئیاں عَقْرَبَا سَاعَةِ الْجِدَارِ	(۱۲) گھنٹے کے بجنے کی آواز صَوْتُ دَقِّ الْجَرْسِ

اَلتَّمْرِیْنُ (۲۵) مشق نمبر (۲۵)

ضمیر[۱] کی اضافت

۱ ضمیر: ایک اسم معرفہ ہے۔ جو غائب یا مخاطب یا متکلم کی طرح استعمال ہوتا ہے جیسے هُوَ (وہ) اَنْتَ (تو) اَنَا (میں) نَحْنُ (ہم)

ضمیر کی دو قسمیں ہیں متصل اور منفصل

ضمیر متصل: اس ضمیر کو کہتے ہیں جو دوسرے کلمہ کے ملے بغیر استعمال نہ ہوتی ہو (بخلاف ضمیر منفصل کے) یہ ضمیر کبھی فعل کے ساتھ آتی ہے جیسے ضَرَبَهٗ اور ضَرَبْتُهٗ (اس نے اس کو مارا) (میں نے اس کو مارا)۔ ضَرَبْتُهُمَا (میں نے ان دونوں کو مارا) اور کبھی اسم کے ساتھ ہوتی ہے جیسے کِتَابُهٗ (اس کی کتاب) اور کبھی حرف کے ساتھ ہوتی ہے جیسے بِهٖ، لَهٗ، عَلَيْهِ وغیرہ۔

یہ ضمیر فعل کے ساتھ جب آتی ہے تو منصوب ہوتی ہے اور اسم یا حرف کے ساتھ ملتی ہے تو ہمیشہ مجرور ہوا کرتی ہے پہلی صورت میں ضمیر منصوب کہلاتی ہے اور دوسری و تیسری صورت میں ضمیر مجرور متصل کہلاتی ہے۔

اسم کے ساتھ ملنے کی صورت میں اسم مضاف اور ضمیر مضاف الیہ ہوگی اسی لئے اس کو ضمیر اضافی بھی کہتے ہیں۔ ذیل میں ضمیر اضافی کا نقشہ دیا جاتا ہے۔

ضمیر اضافی یا ضمیر مجرور متصل

	غائب			مخاطب			متکلم	
	واحد	تثنیہ	جمع	واحد	تثنیہ	جمع	واحد	تثنیہ وجمع
مذکر	کِتَابُهٗ	کِتَابُهُمَا	کِتَابُهُمْ	تَابُكَ	تَابُكُمَا	کِتَابُكُمْ	کِتَابِی	کِتَابُنَا
مؤنث	کِتَابُهَا	کِتَابُهُمَا	کِتَابُهُنَّ	کِتَابُكِ	کِتَابُكُمَا	کِتَابُكُنَّ		

اور حرف کے ساتھ جیسے لَهٗ، لَهُمَا، لَهُمْ، لَهَا، لَهُمَا، لَهُنَّ، لَكَ، لَكُمَا، لَكُمْ، لَكِ، لَكُمَا، لَكُنَّ، لِیْ، لَنَا

اور ضمیر منصوب متصل کی صورت میں حسب ذیل ہوگی۔

ضَرَبْتُهٗ، ضَرَبْتُهُمَا، ضَرَبْتُهُمْ، ضَرَبْتُهَا، ضَرَبْتُهُمَا، ضَرَبْتُهُنَّ، ضَرَبْتُكَ، ضَرَبْتُكُمَا، ضَرَبْتُكُمْ، ضَرَبْتُكِ، ضَرَبْتُكُمَا، ضَرَبْتُكُنَّ، ضَرَبْتَنِیْ، ضَرَبْتَنَا

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(۱) رِيْشَةُ قَلَمِيْ میرے قلم کا نب	(۲) قَوَائِمُ مِنْضَدَتِهٖ اس کے ڈیسک کے پائے	(۳) صُفْرَةُ وَجْهِكَ تیرے چہرے کی زردی
(۴) صِدْقُ مَقَالَتِهِمْ ان کے قول کی سچائی	(۵) مُعَلِّمُوْ اَبْنَاءِ نَا ہمارے بیٹوں کے اساتذہ	(۶) شُعَرَاءُ بِلَادِكُمْ تمہارے ملک کے شعراء
(۷) مُصَارَعَةُ اِبْنَيْكُمَا تم دونوں کے بیٹوں کی کشتی	(۸) دُمْيَةُ بِنْتِهَا اس عورت کی بیٹی کی گڑیا	(۹) لَوْنُ خِمَارِكِ تیرے دوپٹے کا رنگ
(۱۰) ثَمَنُ اَسْوِرَتِهِمَا ان دونوں کے کنگنوں کی قیمت	(۱۱) حِذْقُ بَنَاتِكُنَّ تمہاری بیٹیوں کی مہارت	(۱۲) سِيَاحَةُ زَوْجَيْكُمَا تم دونوں کے شوہروں کی سیر
(۱۳) رِقَّةُ قُلُوْبِهِنَّ ان سب عورتوں کے دلوں کی نرمی	(۱۴) زُعَمَاءُ بِلَادِنَا ہمارے ملک کے لیڈر	

(بقیہ حاشیہ)

ضمیر منفصل: اس ضمیر کو کہتے ہیں کہ جس کا استعمال دوسرے کلمہ کے ساتھ ملائے بغیر ہوتا ہے جیسے هُوَ، هِيَ (وہ) هُمَا (وہ دونوں) هُمْ (وہ سب یا اِيَّاكَ (تجھ کو) اِيَّاكُمَا (تم دونوں کو) اِيَّاكُمْ (تم سب کو)

ضمیر منفصل کی صرف دو قسمیں ہیں۔

(۱) ایک وہ جو رفع کے ساتھ مختص ہیں اور ہمیشہ وہ مرفوع ہوتی ہیں انہیں ضمیر فاعلی بھی کہا جاتا ہے۔

(۲) دوسرے وہ جو نصب کے ساتھ مختص ہیں اور ہمیشہ منصوب ہی ہوا کرتے ہیں ان کو ضمیر مفعولی بھی کہتے ہیں۔

ضمیر مرفوع منفصل یا ضمیر فاعلی حسب ذیل ہیں۔

مذکر	هُوَ، هُمَا، هُمْ	اَنْتَ،	اَنْتُمَا	اَنْتُمْ	اَنَا، نَحْنُ
مؤنث	هِيَ، هُمَا، هُنَّ	اَنْتِ	اَنْتُمَا	اَنْتُنَّ	اَنَا، نَحْنُ

ضمیر منصوب منفصل یا ضمیر مفعولی یہ ہیں۔

مذکر	اِيَّاهُ، اِيَّاهُمَا، اِيَّاهُمْ، اِيَّاكَ، اِيَّاكُمَا، اِيَّاكُمْ	اِيَّايَ، اِيَّانَا
مؤنث	اِيَّاهَا، اِيَّاهُمَا، اِيَّاهُنَّ، اِيَّاكِ، اِيَّاكُمَا، اِيَّاكُنَّ	

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۶) مشق نمبر (۲۶)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) میرے باغ کا منظر مَنْظَرُ حَدِيْقَتِيْ	(۲) تیرے گھر کی دیوار جِدَارُ بَيْتِكَ
(۳) اس کے لڑکے کا گیند كُرَّةُ ذَالِكَ الْوَلَدِ	(۴) تم مردوں کی تیراندازی رَمْيُكُمْ
(۵) ان دو مردوں کی بہادری کا چرچا شُهْرَةُ شُجَاعَتِهِمَا	(۶) ہمارے ملک کی آب و ہوا جَوُّ بِلَادِنَا
(۷) تمہارے ملک کے سیاح سَيَّاحُوْا وَطَنِكُمْ	(۸) اس کے پازیب کی قیمت ثَمَنُ خَلْخَالِهَا
(۹) تیرے کان کی بالی قُرْطُ اُذُنِكَ	(۱۰) تمہارے شوہر کی شہادت شَهَادَةُ اَزْوَاجِكُنَّ
(۱۱) ان عورتوں کے رونے کا اثر اَثَرُ بُكَائِهِنَّ	(۱۲) ان عورتوں کے بچوں کی تعلیم تَعْلِيْمُ اَوْلَادِهِمَا
(۱۳) ان لوگوں کے علم کی شہرت شُهْرَةِ عِلْمِهِمْ	(۱۴) ہمارے اسلاف کے کارنامے مَآثِرُ اَسْلَافِنَا

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۷) مشق نمبر ۲۷

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اَلصُّبْحُ الْمُسْفِرُوَ بَهِيْجَةُ روشن صبح اور اس کا مسرور کن ہونا	(۲) اَلشَّعْرُ الْفَاحِمُ وَحُسْنُهٗ سیاہ بال اور اُن کا حسن

(۳) بَيَاضُ الصُّبْحِ وَرَائِقَةُ صبح کی سفیدی اور اس کی خوشگواری	(۴) سَوَادُ الشَّعْرِ وَ طِوَالَتُهُ بالوں کی سیاہی اور ان کی لمبائی
(۵) قَفْزُ الْوَلَدَيْنِ وَهَرْوَلَتُهُمَا دو بچوں کا کودنا اور ان کا دوڑنا	(۶) سَاكِنُو الْبَادِيَةِ وَسَذَاجَتُهُمْ گاؤں کے رہائشی اور ان کی سادگی
(۷) اَلْفَتَيَاتُ الْاَفْرَنْجِيَاتُ وَسُفُوْرُهُنَّ فرنگی لڑکیاں اور انکی بے حجابی	(۸) زَئِيْرُ الْاَسَدِ وَهَيْبَتُهُ شیر کا داڑھنا اور اس کا خوف
(۹) اَلْحِمَارُ النَّاهِقُ وَحَمَاقَتُهُ ھینگنے والا گدھا اور اس کی بیوقوفی	(۱۰) اَلْكَلْبُ الْعَضُوْضُ وَنُبَاحُهُ کاٹنے والا کتا اور اس کا بھونکنا
(۱۱) اَلْقِطُّ الْجَائِعُ وَمُوَاءُهُ بھوکا بلا اور اس کا میاؤں میاؤں کرنا	(۱۲) اَلْقَلَمُ الْمُحَبَّرُ وَرِيْشَتُهُ سیاہی والا قلم اور اس کا نب
(۱۳) عَقْرَبَا السَّاعَةِ وَمِيْنَاءُ هَا گھڑی کی دو سوئیاں اور اس کا ڈائل	(۱۴) اَلْفَرَسُ الْجَامِحُ وَصَهِيْلُهُ سرکش گھوڑا اور اس کا ہنہنانا

اَلتَّمْرِيْنُ (۲۷) مشق نمبر ۲۷

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) زمزم کا کنواں اور اس کا پانی بِئْرُ زَمْزَمَ وَمَاءُهَا	(۲) چاندی کی انگوٹھی اور اس کا نگینہ خَاتَمُ الْفِضَّةِ وَفَصُّهُ
(۳) مسجد کے دو مینارے اور ان کی بلندی مَنَارَتَا الْمَسْجِدِ وَعُلُوُّهُمَا	(۴) عرب کے باشندے اور ان کی زبان سُكَّانُ الْعَرَبِ وَلُغَتُهُمْ

(۵) رسول اللہ کے اصحاب اور ان کی سیرت اَصْحَابُ الرَّسُوْلِ وَسِيَرُهُمْ	(۶) انبیاء کی بعثت اور ان کے پیغامات بِعْثَةُ الرُّسُلِ وَرِسَالَاتُهُمْ
(۷) اسلامی نظام اور اس کے محاسن اَلنِّظَامُ الْإِسْلَامِيُّ وَمَحَاسِنُهُ	(۸) مغربی تہذیب اور اس کے نقصانات اَلْحَضَارَةُ الْغَرْبِيَّةُ وَمَضَارُّهَا
(۹) انگریزوں کی سیاست اور ان کی چالبازی (ہوشیاری) سِيَاسَةُ الْأَفْرَنْجِ وَدَهَائُهُمْ	(۱۰) عربوں کی مہمان نوازی اور ان کی سخاوت ضِيَافَةُ الْعَرَبِ وَجُوْدُهُمْ
(۱۱) میری تلوار کی چمک اور اس کی دھار لَمَعَانُ سَيْفِي وَحَدُّهُ	(۱۲) تیری تلوار کا دستہ اور اس کا نیام قَائِمَةُ سَيْفِكَ وَغِمْدُهُ
(۱۳) فاطمہ کی گڑیا اور اس کے کھلونے دُمْيَةُ فَاطِمَةَ وَلُعَبُهَا	(۱۴) احمد کا گیند اور اس کا لٹو كُرَةُ أَحْمَدَ وَدُوَّامَتُهُ
(۱۵) محمود کی سائیکل اور اس کے دونوں پہیے دَرَّاجَةُ مَحْمُوْدٍ وَعَجَلَتَاهَا	(۱۶) دو موٹے بیل اور ان کا ڈکارنا اَلثَّوْرَانِ السَّمِيْنَانِ وَخُوَارُهُمَا
(۱۷) ایک خوبصورت گائے اور اس کی دونوں سینگیں بَقَرَةٌ جَمِيْلَةٌ وَقَرْنَاهَا	(۱۸) اونٹ کی گردن اور اس کے پائے رَقَبَةُ الْبَعِيْرِ وَقَوَائِمُهُ
(۱۹) تیرے گھوڑے کی زین اور اس کی لگام سَرْجُ فَرَسِكَ وَلِجَامُهُ	(۲۰) ہمارا دار الاقامہ اور اس کے کمرے دَارُ إِقَامَتِنَا وَغُرَفُهَا
(۲۱) تیرے گھر کی چھت اور اس کی دیواریں سَقْفُ دَارِكَ وَجُدْرَانُهَا	

اَلدَّرْسُ السَّادِسُ

(چھٹا سبق)

مرکب تام (مرکب مفید)

مرکب تام کی تعریف تیسرے سبق میں گزر چکی ہے۔ اسی کو جملہ مفیدہ اور کلام بھی کہتے ہیں۔ جملہ مفیدہ کا اگر پہلا جز اسم ہو تو جملہ اسمیہ کہلاتا ہے اور اگر پہلا جز فعل ہو تو جملہ فعلیہ کہلاتا ہے۔ مثالیں حسب ذیل ہیں۔

جملہ اسمیہ: جیسے اَلْوَلَدُ قَائِمٌ (لڑکا کھڑا ہے) یا اَلْوَلَدُ یَقُوْمُ (لڑکا کھڑا ہوتا ہے) فَاطِمَةُ جَالِسَةٌ (فاطمہ بیٹھی ہے) یا فَاطِمَةُ تَجْلِسُ (فاطمہ بیٹھتی ہے) یہ سب جملہ اسمیہ ہیں کیونکہ ان کا پہلا جز اسم ہے۔

جملہ فعلیہ: جیسے قَامَ الْوَلَدُ (لڑکا کھڑا ہے) یا یَقُوْمُ الْوَلَدُ (لڑکا کھڑا ہوتا ہے) یہ سب جملہ فعلیہ ہیں کیونکہ ان کا پہلا جز فعل ہے۔ جملہ فعلیہ کا بیان درس نمبر ۷ میں آئے گا۔

جملہ اسمیہ: مبتداء و خبر کہلاتا ہے اس کے پہلے جز کو مبتداء اور دوسرے جز کو خبر کہتے ہیں اَلْوَلَدُ قَائِمٌ میں اَلْوَلَدُ مبتدا اور قَائِمٌ خبر ہے اور اسی طرح اَلْوَلَدُ یَقُوْمُ میں اَلْوَلَدُ مبتداء اور یَقُوْمُ[1] اس کی خبر ہے۔

---

[1] (۱) اَلْوَلَدُ یَقُوْمُ میں اَلْوَلَدُ۔ یَقُوْمُ کا فاعل نہیں ہے کیونکہ عربی میں فاعل فعل سے پہلے نہیں آتا بلکہ ہمیشہ فعل کے بعد ہی آتا ہے۔ اس لئے یہاں یَقُوْمُ کا فاعل خود اس کی ضمیر ہوگی جو اَلْوَلَدُ کی طرف لوٹتی ہے اور اَلْوَلَدُ کو مبتداء کہا جائے گا اس کی ترکیب اس طرح ہوگی کہ اَلْوَلَدُ مبتداء اور یَقُوْمُ فعل اپنے ضمیر (فاعل) سے ملکر جملہ فعلیہ ہوا اور جملہ فعلیہ ہو کر پھر اَلْوَلَدُ مبتداء کی خبر ہوا۔ اسے اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہئے مبتدی طلبہ کو اکثر اس میں غلط فہمی ہوتی ہے۔

(۲) اس عموم کے برعکس مبتداء کبھی نکرہ بھی ہوتا ہے مگر اس کے لئے شرط یہ ہے کہ

(۱) اس سے پہلے کوئی حرف نفی ہو جیسے مَا اَحَدٌ حَاضِرٌ

(۱) مبتداء عموماً معرفہ اور خبر عموماً نکرہ ہوا کرتی ہے، بخلاف موصوف وصفت کے اس میں دونوں جز معرفہ یا دونوں جز نکرہ ہوا کرتے ہیں۔

(۲) مبتداء اور خبر دونوں ہمیشہ مرفوع ہوا کرتے ہیں۔

(۳) واحد، تثنیہ، جمع، اور تذکیر و تانیث میں صفت ہی کی طرح خبر بھی اپنے پہلے جز (مبتداء) کے مطابق ہوا کرتی ہے۔

(۴) ایسے ہی مبتداء جب کسی غیر عاقل کی جمع ہو تو خبر (صفت ہی کی طرح) عموماً واحد مؤنث لائی جاتی ہے اور کبھی جمع مؤنث بھی جیسے اَلْاَقْلَامُ ثَمِيْنَةٌ اور اَقْلَامُ ثَمِيْنَاتٌ (قلمیں قیمتی ہیں)۔

فائدہ: موصوف وصفت اور مبتداء وخبر میں ظاہری فرق اسی قدر ہے کہ مبتداء معرفہ ہوا کرتی ہے اور خبر نکرہ ہوتی ہے اور موصوف وصفت (مرکب توصیفی) دونوں ہی معرفہ یا دونوں ہی نکرہ ہوتے ہیں۔ اَلْاَقْلَامُ ثَمِيْنَةٌ (قلم قیمتی ہیں) مبتداء خبر ہیں اور اَلْاَقْلَامُ الثَّمِيْنَةُ یا اَقْلَامٌ ثَمِيْنَةٌ (قیمتی قلم) موصوف وصفت ہیں۔ ظاہری فرق کے علاوہ معنوی فرق یہ ہے کہ پہلا مرکب تام (جملہ مفیدہ) اور دوسرا مرکب ناقص (جملہ غیر مفیدہ) ہے جس سے کوئی بات سمجھ نہیں آتی۔

---

(۲) اس سے پہلے کوئی حرف استفہام ہو جیسے هَلْ كَرِيْمٌ، بَخِلَ بِمَالِهٖ؟

(۳) یا وہ کسی نکرہ کی طرف مضاف ہو تَاجِرُ ثَوْبٍ مُسْلِمٌ

(۴) یا موصوف ہو جیسے وَرْدَةٌ حَمْرَاءُ تَتَفَتَّحُ

(۵) یا مجرور ہو جیسے فِيْكَ شُجَاعَةٌ

(۶) یا ظرف کی صورت میں خبر مقدم ہو جیسے عِنْدِيْ حِصَانٌ اسی طرح خبر بھی کبھی معرفہ آتی ہے اور اس کی شرط یہ ہے کہ

(۱) خبر کسی موصوف کی صفت نہ بنتی ہو جیسے اَنَا يُوْسُفُ

(۲) یا جب کہ مبتداء اور خبر کے درمیان ضمیر فصل کو لایا جائے جیسے اَلْوَلَدُ هُوَ الْقَائِمُ

اَلتَّمْرِیْنُ (۲۹) مشق نمبر (۲۹)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اَلْوَلَدُ بَاسِمٌ لڑکا مسکرا رہا ہے	(۲) الشَّمْسُ مُشْرِقَةٌ سورج روشن ہے	(۳) اَلْمَاءُ رَائِقٌ پانی خوشگوار ہے
(۴) اَلْهَوَاءُ نَقِيٌّ ہوا صاف ہے	(۵) اَلْمِنْضَدَتَانِ جَمِيْلَتَانِ دو ڈیسک خوبصورت ہیں	(۶) فَاطِمَةُ نَظِيْفَةٌ فاطمہ صاف ستھری ہے
(۷) اَلْجُنْدِيَانِ قَوِيَّانِ دونوں سپاہی طاقتور ہیں	(۸) اَلْقُضَاةُ عَادِلُوْنَ جج انصاف کرنے والے ہیں	(۹) اَلْوَرْدَةُ مُفَتَّحَةٌ گلاب کا پھول کھلا ہوا ہے
(۱۰) اَلْاَزْهَارُ نَاضِرَةٌ پھول تروتازہ ہیں	(۱۱) اَلْوَرَقُ نَاعِمٌ پتا ملائم ہے۔	(۱۲) اَلْحَدِيْقَتَانِ مُثْمِرَتَانِ دونوں باغیچے پھلدار ہیں
(۱۳) اَلْغُرُفَاتُ مُضِيْئَةٌ کمرے روشن ہیں	(۱۴) اَلْاُمَّهَاتُ مُشْفِقَاتٌ مائیں شفقت کرنے والی ہیں	(۱۵) اَلْمُعَلِّمُوْنَ جَالِسُوْنَ اساتذہ کرام بیٹھے ہوئے ہیں
(۱۶) الرُّسُلُ صَادِقُوْنَ رسول سچے ہیں		

اَلتَّمْرِیْنُ (۳۰) مشق نمبر (۳۰)

خالی جگہوں کو پر کریں۔

(۱) اَلْقَمَرُ .... (۲) اَلنُّجُوْمُ .... (۳) حَدِيْقَةٌ ....

(۴) اَلشَّجَرَتَانِ .... (۵) اَلْاَبْوَابُ .... (۶) النَّوَافِذُ ....

(۷) السَّمَاءُ .... (۸) اَلضَّيْفَانِ .... (۹) اَلْبِنْتَانِ ....

(۱۰) اَلتِّلْمِيْذَاتُ .... (۱۱) اَلصَّبِيَّةُ .... (۱۲) اَلْمُسَافِرُوْنَ ....

حل مکمل جملے:

(۱) اَلْقَمَرُ مُقْمِرٌ (۲) اَلنُّجُوْمُ لَامِعَةٌ (۳) اَلْحَدِيْقَةُ وَسِيْعَةٌ
(۴) اَلشَّجَرَتَانِ مُوْرِقَتَانِ (۵) اَلْاَبْوَابُ مَغْلُوْقَةٌ (۶) اَلنَّوَافِذُ مَفْتُوْحَةٌ
(۷) اَلسَّمَآءُ مُتَغَيِّمَةٌ (۸) اَلضَّيْفَانِ مُحْتَرَمَانِ (۹) اَلْبِنْتَانِ بَاكِرَتَانِ
(۱۰) اَلتِّلْمِيْذَاتُ مُجْتَهِدَاتٌ (۱۱) اَلصَّبِيَّةُ بَاكِيَةٌ (۱۲) اَلْمُسَافِرُوْنَ ذَاهِبُوْنَ

اَلتَّمْرِيْنُ (۳۱) مشق نمبر (۳۱)

خالی جگہوں کو پر کریں۔

(۱) .... نَاعِمٌ (۲) .... بَاسِمَةٌ (۳) .... طَوِيْلَانِ
(۴) .... مَمْلُوْتَانِ (۵) ...... مَسْرُوْرُوْنَ (۶) .... شَامِخَاتٌ
(۷) .... مُتَلَالِئَةٌ (۸) .... خَضْرَآءُ (۹) .... نَائِمَةٌ
(۱۰) .... مُضِيْئَتَانِ (۱۱) .... مُسَافِرَاتٌ (۱۲) .... مُكْرَمُوْنَ

حل مکمل جملے:

(۱) اَلْوَرَقُ نَاعِمٌ (۲) اَلزَّهْرَةُ بَاسِمَةٌ (۳) اَلشَّارِعَانِ طَوِيْلَانِ
(۴) اَلْقَارُوْرَتَانِ مَمْلُوْتَانِ (۵) اَلْاَوْلَادُ مَسْرُوْرُوْنَ (۶) اَلْجِبَالُ شَامِخَاتٌ
(۷) اَلْكَوَاكِبُ مُتَلَالِئَةٌ (۸) اَلثَّوْبُ خَضْرَآءُ (۹) اَلْهِرَّةُ نَائِمَةٌ
(۱۰) اَلْحُجْرَتَانِ مُضِيْئَتَانِ (۱۱) اَلطَّالِبَاتُ مُسَافِرَاتٌ (۱۲) اَلضُّيُوْفُ مُكْرَمُوْنَ

اَلتَّمْرِيْنُ (۳۲) مشق نمبر (۳۲)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) موسم خوشگوار ہے۔	(۲) پھول کھلے ہیں۔
اَلْفَصْلُ رَائِقٌ	اَلْاَزْهَارُ بَاسِمَةٌ

(۳) کھیتیاں سرسبز وشاداب ہیں اَلْمَزَارِعُ خَضِرَةٌ	(۴) پتیاں ہری ہیں اَلْوُرَيْقَاتُ خَضِرَةٌ
(۵) رات ٹھنڈی ہے اَللَّيْلُ بَارِدٌ	(۶) سردی سخت ہے اَلْبَرْدُ شَدِيْدٌ
(۷) ہوا تیز ہے اَلْهَوَاءُ شَدِيْدَةٌ	(۸) دروازے بند ہیں اَلْاَبْوَابُ مُغْلَقَةٌ
(۹) دونوں کھڑکیاں کھلی ہیں اَلنَّافِذَتَانِ مَفْتُوْحَتَانِ	(۱۰) بچے سو رہے ہیں اَلصِّبْيَانُ نَائِمُوْنَ
(۱۱) دونوں پہرے دار جاگ رہے ہیں اَلْحَارِسَانِ سَاهِرَانِ	(۱۲) زینب بھوکی ہے زَيْنَبُ جَائِعَةٌ
(۱۳) بلی پیاسی ہے اَلْهِرَّةُ ظَمْآنَةٌ	(۱۴) دونوں گھڑیاں بند ہیں اَلسَّاعَتَانِ رَاكِدَتَانِ
(۱۵) لڑکیاں تعلیم یافتہ ہیں اَلْبَنَاتُ مُتَعَلِّمَاتٌ	(۱۶) مزدور مسلمان ہیں اَلْعُمَّالُ مُسْلِمُوْنَ
(۱۷) سڑکیں کشادہ ہیں اَلشَّوَارِعُ وَاسِعَةٌ	(۱۸) باغات گھنے ہیں اَلْبَسَاتِيْنُ غَنَّاءُ
(۱۹) آسمان ابر آلود ہے اَلسَّمَاءُ مُتَغَيِّمَةٌ	(۲۰) اسٹیشن قریب ہے اَلْمُحَطَّةُ قَرِيْبَةٌ
(۲۱) طلبہ محنتی ہیں اَلطَّلَبَةُ مُجْتَهِدُوْنَ	(۲۲) اساتذہ رحم دل ہیں اَلْاَسَاتِذَةُ عَطُوْفُوْنَ

اَلتَّمْرِيْنُ (۳۳) مشق نمبر (۳۳)

(۱) اَنَا تِلْمِيْذٌ میں شاگرد ہوں	(۲) اَنْتَ خَطِيْبٌ تو خطیب (مقرر) ہے	(۳) هُوَ شَاعِرٌ وہ شاعر ہے
(۴) اَنْتُمَا صَدِيْقَانِ تم دونوں دوست ہو	(۵) هُمَا عَالِمَتَانِ وہ دونوں عورتیں عالمہ ہیں	(۶) اَنْتُمَا مُسْلِمَتَانِ تم دونوں عورتیں مسلمان ہو
(۷) هُنَّ صَادِقَاتٌ وہ سب عورتیں سچی ہیں	(۸) هِيَ بَاكِيَةٌ وہ عورت رو رہی ہے	(۹) هُمَا اَخَوَانِ وہ دونوں بھائی ہیں
(۱۰) اَنْتِ حَزِيْنَةٌ تو عورت غمزدہ ہے	(۱۱) هُمْ مُسَافِرُوْنَ وہ سب مرد مسافر ہیں	(۱۲) اَنْتُنَّ صَائِمَاتٌ تم سب عورتیں روزہ دار ہو
(۱۳) اَنْتُمْ ضُيُوْفٌ تم سب مرد مہمان ہو	(۱۴) نَحْنُ مَسْرُوْرُوْنَ ہم سب خوش ہیں	

اَلتَّمْرِيْنُ (۳۴) مشق نمبر (۳۴)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) آپ دونوں مہمان ہیں اَنْتُمَا ضَيْفَانِ	(۲) میں میزبان ہوں اَنَا مُضِيْفٌ	(۳) آپ لوگ نیکوکار ہیں اَنْتُمْ صَالِحُوْنَ
(۴) ہم دونوں دوست ہیں نَحْنُ صَدِيْقَانِ	(۵) ہم لوگ مسلمان ہیں نَحْنُ مُسْلِمُوْنَ	(۶) تو سچا ہے اَنْتَ صَادِقٌ
(۷) وہ جھوٹی ہے هِيَ كَاذِبَةٌ	(۸) آپ دونوں بیٹھی ہیں اَنْتُمَا جَالِسَتَانِ	(۹) میں کھڑی ہوں اَنَا قَائِمَةٌ

(۱۰) وہ دونوں سوئی ہوئی ہیں هُمَا نَائِمَتَانِ	(۱۱) آپ استانیاں ہیں اَنْتُنَّ مُعَلِّمَاتٌ	(۱۲) وہ سب طالبات ہیں هُنَّ طَالِبَاتٌ
(۱۳) تم دونوں کھلاڑی ہو اَنْتُمَا لَاعِبَانِ	(۱۴) وہ دونوں بڑھئی ہیں هُمَا نَجَّارَانِ	

اَلتَّمْرِيْنُ (۳۵) مشق نمبر (۳۵)

(مبتداء جب کہ اسم اشارہ[1] ہو)

[1] عربی میں اسم اشارہ کے دس صیغے آتے ہیں پانچ اشارہ قریب کے لئے اور پانچ اشارہ بعید کے لئے ذیل کے نقشے میں دیکھو۔

	اشارہ قریب			اشارہ بعید		
	واحد	تثنیہ	جمع	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	هٰذَا	هٰذَانِ	هٰؤُلَاءِ	ذَالِكَ	ذَانِكَ	اُولٰئِكَ
مؤنث	هٰذِهٖ	هَاتَانِ	هٰؤُلَاءِ	تِلْكَ	تَانِكَ	اُولٰئِكَ

اسمائے اشارہ جیسا کہ تم نے درس نمبر ۶ میں پڑھا ہے سب ہی معرفہ ہوتے ہیں۔ اس لئے ان کا استعمال بطور مبتداء کے بھی ہوتا ہے جس طرح یہ فاعل اور مفعول کے طور پر لائے جاتے ہیں۔ کبھی اسم اشارہ تنہا مبتداء ہوتا ہے اور کبھی اپنے مشار الیہ کے ساتھ مل کر مبتداء بنتا ہے اس صورت میں اسم اشارہ موصوف اور مشار الیہ صفت واقع ہوگا پھر یہ دونوں ملکر مرکب توصیفی کی صورت میں مبتداء ہونگے۔ درج ذیل جملوں کے فرق پر غور کریں۔ (۱) هٰذَا قَلَمٌ (یہ ایک قلم ہے) (۲) هٰذَا قَلَمٌ جَمِيْلٌ (یہ ایک خوبصورت قلم ہے) (۳) هٰذَا الْقَلَمُ جَمِيْلٌ (یہ قلم خوبصورت ہے) (۴) هٰذَا الْقَلَمُ، قَلَمٌ جَمِيْلٌ (یہ قلم) ایک خوبصورت قلم ہے پہلے اور دوسرے جملہ میں ہذا اسم اشارہ تنہا مبتداء ہے اور دوسرے اور تیسرے جملے میں ہٰذَا الْقَلَمُ اشارہ اور مشار الیہ مل کر مبتداء ہیں۔

اسی طرح خبر بھی پہلے اور تیسرے جملے میں خبر مفرد ہے اور دوسرے اور چوتھے میں مرکب توصیفی ہے۔ قَلَمٌ جَمِيْلٌ خبر ہے اس قسم کے جملے عربی میں بہت آئیں گے اگر قلم کو مثلاً تم مبتداء بنانا چاہتے ہو تو اس کو معرفہ بنالو اور اگر خبر بنانا چاہتے ہو تو نکرہ کی صورت میں لکھو۔ غیر ذوی العقول کی جمع کیلئے اسم اشارہ واحد مؤنث استعمال کیا جاتا ہے اس لئے کہ غیر ذوی العقول کی جمع واحد مؤنث کے حکم میں ہوتی ہے۔

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) هٰذا مَطْبَخٌ وَهٰذِهٖ اَدَوَاتُهٗ یہ باورچی خانہ ہے اور یہ اس کا سامان ہے	(۲) ذَالِكَ مُوْقِدٌ وَهٰذا تَنُّوْرٌ یہ انگیٹھی ہے اور یہ تنور ہے
(۳) هٰذِهٖ قِدْرٌ وَهٰذَا غِطَاؤُهَا یہ ہانڈی ہے اور یہ اس کا ڈھکن ہے	(۴) هٰذِهٖ مِخْبَزَةٌ وَهٰذِهٖ مِقْلَاةٌ یہ توا ہے اور یہ کڑاہی ہے
(۵) هٰذانِ اِبْرِيْقَانِ وَتِلْكَ جَرَّةٌ یہ دو لوٹے ہیں اور وہ ایک گھڑا ہے	(۶) هَاتَانِ مِلْعَقَتَانِ وَتِلْكَ مِغْرَفَةٌ یہ دو چمچ ہیں اور وہ ایک کفگیر ہے
(۷) ذَانِكَ قَدَحَانِ وَهٰذِهٖ قَصْعَةٌ وہ دو چھوٹے پیالے ہیں اور یہ ایک بڑا پیالہ ہے	(۸) تَانِكَ قَصْعَتَانِ وهٰذِهٖ صُحُوْنٌ یہ دو بڑے پیالے ہیں اور یہ پلیٹیں ہیں
(۹) هٰذِهٖ فَنَاجِيْنُ وَتِلْكَ كُئُوْسٌ یہ چائے کی پیالیاں ہیں اور وہ گلاس ہیں	(۱۰) هٰؤُلَاءِ طُهَاةُ الْمَطْعَمِ وَ اُولٰئِكَ خَبَّازُوْنَ یہ ہوٹل کے باورچی ہیں اور وہ نانبائی ہیں
(۱۱) اُولٰئِكَ خَادِمُوْ الْمَقْهٰى وهٰذا طَبَّاخٌ وہ قہوہ خانہ کے نوکر اور یہ باورچی ہے	(۱۲) هٰذِهٖ اٰنِيَةُ الْمَطْبَخِ وَاَدَوَاتُهٗ یہ باورچی خانہ کے برتن ہیں اور اس کا سامان ہے

اَلتَّمْرِيْنُ (۳۶) مشق نمبر (۳۶)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) یہ قلم ہے اور یہ اس کا نب ہے هٰذَا قَلَمٌ وَهٰذِهٖ رِيْشَتُهٗ	(۲) یہ دوات ہے اور یہ اس کا ڈھکنا ہے هٰذِهٖ مِحْبَرَةٌ وَذَالِكَ غِطَاؤُهَا

(۳) وہ کتاب ہے اور یہ کاپی ہے ذَاكَ كِتَابٌ وهٰذِهٖ كُرَّاسَةٌ	(۴) وہ تختہ سیاہ ہے اور یہ سلیٹ ہے تِلْكَ سَبُّوْرَةٌ وهٰذا لَوْحُ الْحَجَرِ
(۵) یہ دونوں استاد ہیں هٰذا مُعَلِّمَان	(۶) یہ دونوں طالبات ہیں هَاتَانِ طَالِبَتَان
(۷) وہ دونوں طالب علم ہیں اور یہ ان کے والد ہیں ذالِكَ طَالِبَانِ وهٰذَا وَالِدُهُمَا	(۸) وہ لڑکیوں کا مدرسہ ہے تِلْكَ مَدْرَسَةُ الْبَنَاتِ
(۹) یہ سب درجہ سوم کے طلبہ ہیں هٰؤُلَآءِ طَلَبَةُ الصَّفِّ الثَّالِثِ	(۱۰) وہ لوگ دار العلوم کے اساتذہ ہیں اُولٰئِكَ اَسَاتِذَةُ دَارِ الْعُلُوْمِ
(۱۱) وہ سب مسلمان لڑکیاں ہیں اُولٰئِكَ بَنَاتٌ مُسْلِمَاتٌ	(۱۲) یہ سب لڑکیوں کے مدرسے کی استانیاں ہیں هٰؤُلَآءِ مُعَلِّمَاتُ مَدْرَسَةِ الْبَنَاتِ

اَلتَّمْرِيْنُ (۳۷) مشق نمبر (۳۷)

(مبتدا ترکیب توصیفی وترکیب اضافی کی صورت میں)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اَلتِّلْمِيْذُ الْمُجْتَهِدُ نَاجِحٌ محنتی طالب علم کامیاب ہے	(۲) اَلْوَلَدُ اللَّعُوْبُ غَائِبٌ کھلنڈرا لڑکا غائب ہے
(۳) مَسْجِدُ دَارِ الْعُلُوْمِ جَمِيْلٌ دار العلوم کی مسجد خوبصورت ہے	(۴) مَنَارَتَا الْمَسْجِدِ عَالِيَتَانِ مسجد کے دونوں مینار اونچے ہیں
(۵) هٰذِهِ السَّاعَةُ وَاقِفَةٌ یہ گھڑی رکی ہوئی ہے	(۶) عَقْرَبَا السَّاعَةِ لَامِعَانِ گھڑی کی دونوں سوئیاں چمک رہی ہیں

(۷) سَبَابُ الْمُؤْمِنِ فُسُوقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ مومن کو گالی دینا فسق اور اس کو قتل کرنا کفر ہے	(۸) إِمَاطَةُ الْأَذَى عَنِ الطَّرِيقِ صَدَقَةٌ راستے سے تکلیف دینے والی شی کو ہٹانا صدقہ ہے
(۹) تِلْكَ الْبَقَرَةُ السَّوْدَاءُ حَلُوبٌ وہ کالی گائے دودھیال ہے	(۱۰) هَاتَانِ الشَّجَرَتَانِ مُثْمِرَتَانِ یہ دونوں درخت پھل دینے والے ہیں
(۱۱) ذَانِكَ التِّلْمِيذَانِ مُجْتَهِدَانِ وہ دونوں شاگرد محنت کرنے والے ہیں	(۱۲) أُولٰئِكَ الْأَسَاتِذَةُ عَطُوفُونَ وہ اساتذہ شفقت کرنے والے ہیں۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۳۸) مشق نمبر (۳۸)

عربی میں ترجمہ کرو

(۱) سچا لڑکا پیارا ہے اَلْوَلَدُ الصَّادِقُ مَحْبُوبٌ	(۲) محنتی لڑکے کامیاب ہیں اَلْأَوْلَادُ الْمُجْتَهِدُونَ نَاجِحُونَ
(۳) انسان کی زندگی ڈھلتی چھاؤں ہے حَيَاةُ الْإِنْسَانِ ظِلٌّ زَائِلٌ	(۴) مغربی تہذیب لعنت ہے اَلثَّقَافَةُ الْغَرْبِيَّةُ لَعْنَةٌ
(۵) اسلامی نظام رحمت ہے اَلنِّظَامُ الْإِسْلَامِيُّ رَحْمَةٌ	(۶) مصر کے مسلمان مالدار ہیں مُسْلِمُوْ مِصْرَ أَغْنِيَاءُ
(۷) چاندنی راتیں دل کش ہیں اَللَّيَالِي الْمُقْمِرَةُ بَهِيْجَةٌ	(۸) فرید کے ماموں ڈاکٹر ہیں خَالُ فَرِيْدٍ طَبِيْبٌ
(۹) تمہارے دونوں بھائی تاجر ہیں أَخَوَاكَ تَاجِرَانِ	(۱۰) خالد کا دوست وکیل ہے صَدِيْقُ خَالِدٍ وَكِيْلٌ
(۱۱) یہ کمرہ تاریک ہے هٰذِهِ الْحُجْرَةُ مُظْلِمَةٌ	(۱۲) دونوں روشندان بند ہیں اَلنَّافِذَتَانِ مُغْلَقَتَانِ

(۱۳) تیری ٹوپی سیاہ اور قمیص سفید ہے قَلَنْسُوتُكَ سَوْدَآءُ و قَمِيْصُكَ اَبْيَضُ	(۱۴) یہ لڑکیاں مسلمان ہیں هٰؤُلَآءِ الْبَنَاتُ مُسْلِمَاتٌ

اَلتَّمْرِيْنُ (۳۹) مشق نمبر (۳۹)

(خبر ترکیب توصیفی و ترکیب اضافی میں)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اَلْاِسْلَامُ دِيْنٌ قَيِّمٌ اسلام مستقیم دین ہے	(۲) اَلْقُرْآنُ كِتَابُ اللّٰهِ قرآن اللہ کی کتاب ہے
(۳) اَحْسَنُ الْهُدٰى هُدَى الْاَنْبِيَآءِ سب سے اچھا راستہ نبیوں کا راستہ ہے	(۴) خَيْرُ السُّنَنِ سُنَّةُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سب سے بھلا طریقہ محمد کا طریقہ ہے
(۵) رَاسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ دانائی کا سرچشمہ اللہ کا خوف ہے	(۶) اَلْهِنْدُ بِلَادٌ خَصْبَةٌ ہندوستان ایک سرسبز و شاداب ملک ہے
(۷) اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے	(۸) رَشَادٌ تِلْمِيْذٌ مُجْتَهِدٌ رشاد ایک محنتی شاگرد ہے
(۹) اِقْبَالُ شَاعِرٌ اِسْلَامِيٌّ اقبال ایک اسلامی شاعر ہے	(۱۰) هٰذِهٖ سَاعَةٌ ثَمِيْنَةٌ یہ قیمتی گھڑی ہے
(۱۱) ذَالِكَ قَصْرٌ مَّشِيْدٌ وہ ایک مضبوط محل ہے	(۱۲) اُولٰئِكَ نِسْوَةٌ مُؤْمِنَاتٌ وہ مومن عورتیں ہیں
(۱۳) هٰذِهٖ تَرْنِيْمَةُ الْاَطْفَالِ یہ بچوں کی لوری ہے	

اَلتَّمْرِيْنُ (۴۰) مشق نمبر (۴۰)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) جھوٹ بری عادت ہے اَلْكِذْبُ عَادَةٌ شَنِيْعَةٌ	(۲) فاطمہ اچھی لڑکی ہے فَاطِمَةُ بِنْتٌ صَالِحَةٌ
(۳) اکبر دلچسپ آدمی ہے اَكْبَرُ رَجُلٌ فَكِهٌ	(۴) حامد اور ہشام محنتی لڑکے ہیں حَامِدٌ وَ هِشَامٌ وَلَدَانِ مُجْتَهِدَانِ
(۵) یہ لوگ شرارت پسند ہیں هٰؤُلَاءِ اَشْرَارٌ	(۶) تم لوگ اخبار بیچنے والے ہو اَنْتُمْ بَائِعُوْا الْجَرَائِدِ
(۷) کتا وفادار جانور ہے اَلْكَلْبُ حَيْوَانٌ وَفِيٌّ	(۸) موٹر تیز رفتار سواری ہے اَلسَّيَّارَةُ مَرْكَبَةٌ سَرِيْعَةٌ
(۹) بلی چوہوں کی شکاری ہے اَلْقِطَّةُ صَائِدَةُ الْجُرْذَانَ	(۱۰) یہ دونوں میرے ماموں زاد بھائی ہیں هٰذَانِ اِبْنَا خَالِيْ
(۱۱) وہ میری خالہ زاد بہن ہے تِلْكَ بِنْتُ خَالَتِيْ	(۱۲) یہ چچا زاد بھائی ہے هٰذَا اِبْنُ عَمِّكَ
(۱۳) وہ پاکستانی سفیر ہے ذَاكَ سَفِيْرٌ بَاكِسْتَانِيٌّ	(۱۴) یہ لوگ مصری نمائندے ہیں هٰؤُلَآءِ مَنْدُوْبُوْ مِصْرَ
(۱۵) یہ ایک عربی رسالہ ہے هٰذِهٖ رِسَالَةٌ عَرَبِيَّةٌ	(۱۶) وہ آدمی ایک اخبار کا ایڈیٹر ہے ذَاكَ الرَّجُلُ مُدِيْرُ جَرِيْدَةٍ
(۱۷) یہ تحریک ایک دینی تحریک ہے هٰذِهِ الْاِنْتِفَاضَةُ اِنْتِفَاضَةٌ دِيْنِيَّةٌ	(۱۸) یہ لوگ ہمارے مدرسے کے معلم ہیں هٰؤُلَآءِ مُعَلِّمُوْ مَدْرَسَتِنَا

اَلدَّرْسُ السَّابِعُ

(ساتواں سبق)

جملہ فعلیہ

جملہ فعلیہ جیسا کہ درس نمبر ۶ میں بتایا جا چکا ہے اس مرکب تام (جملہ مفیدہ) کو کہتے ہیں جس کی ابتداء فعل سے ہو جیسے جَاءَ الْاَمِیْرُ، یَأْکُلُ الْوَلَدُ الْخُبْزَ

(۱) جملہ فعلیہ، فعل[1]، فاعل اور مفعول سے مل کر بنتا ہے۔

(۲) فاعل اور مفعول دونوں ہی اسم ہوا کرتے ہیں۔

(۳) فاعل ہمیشہ مرفوع اور مفعول ہمیشہ منصوب ہوا کرتا ہے۔

(۴) جملہ فعلیہ میں پہلے فعل پھر فاعل اور سب سے آخر میں مفعول لایا جاتا ہے۔ لیکن مفعول کبھی فاعل سے پہلے اور ضرورۃً فعل سے پہلے بھی آتا ہے البتہ فاعل اپنے فاعل سے پہلے نہیں آتا۔

فاعل کے اعتبار سے فعل کی تذکیر و تانیث اور وحدت و جمع کا قاعدہ:

(۵) فعل کا فاعل جب کوئی اسم ظاہر ہو (یعنی ضمیر نہ ہو) تو ہر حال میں فعل

---

[1] فعل کام کو کہتے ہیں اور فاعل کام کرنے والے کو کہتے ہیں اور مفعول اس اسم کو کہتے ہیں کہ جس پر فاعل کا فعل (کام) واقع ہوا ہو۔ جیسے ضَرَبَ مَحْمُوْدٌ نِالْحِمَارَ (مارا محمود نے گدھے کو) اس میں ضَرَبَ فعل محمود فاعل اور الحمار مفعول ہے اسی طرح یَاکُلُ الْوَالَدُ الْخُبْزَ یَاکُلُ فعل اور اَلْوَلَدُ فاعل اور اَلْخُبْزَ مفعول ہے۔ فعل لازم و متعدی: جملہ فعلیہ میں فعل کبھی صرف اپنے فاعل سے مل کر پورا مطلب ظاہر کر دیتا ہے اور کبھی فاعل کے علاوہ مفعول کو بھی چاہتا ہے۔ یعنی مفعول کے بغیر اس کا پورا مطلب ظاہر نہیں ہوتا (۱) پس ایسے تمام افعال جو فاعل سے مل کر اپنا مطلب ظاہر کر دیں فعل لازم کہلاتے ہیں جیسے جَاءَ الْوَلَدُ، جَرَی الْحِصَانُ، تَضْحَكُ الْبِنْتُ (۲) اور جو افعال فاعل کے علاوہ مفعول کو بھی چاہیں وہ متعدی کہلاتے ہیں جیسے اَکَلَ الْوَلَدُ الْخُبْزَ، فَتَحَ الْخَادِمُ الْبَابَ قَتَلَ مَحْمُوْدٌ نِ الْاَسَدَ۔

واحد ہی آئے گا، خواہ فاعل واحد ہو یا تثنیہ ہو یا جمع ہو جیسے جَاءَ رَجُلٌ، جَاءَ رَجُلَانِ، جَاءَ رِجَالٌ، جَاءَتْ اِمْرَاَةٌ، جَاءَتْ اِمْرَاَتَانِ، جَاءَتْ نِسَاءٌ

(۶) جب فعل کا فاعل کوئی اسم ظاہر نہ ہو بلکہ فاعل ضمیر ہی ہو تو پھر فعل اپنے ضمیر کے مطابق ہی آئے گا یعنی واحد کے لئے واحد اور تثنیہ اور جمع کے لئے تثنیہ و جمع جیسے اَلْوَلَدُ قَامَ، اَلْوَلَدَانِ قَامَا، اَلْاَوْلَادُ قَامُوْا۔

فائدہ: قَامَ، قَامَا، قَامُوْا تینوں میں علی الترتیب واحد تثنیہ اور جمع کی ضمیر ہیں اور یہی ان افعال کے فاعل ہیں، رہے، اَلْوَلَدُ، اَلْوَلَدَانِ اور اَلْاَوْلَادُ تو یہ سب مبتداء ہیں نہ کہ فاعل۔

فعل کی تذکیر و تانیث:

(۷) افعال کی تذکیر و تانیث میں قاعدہ یہ ہے کہ اگر فاعل مذکر ہو تو فعل بھی مذکر لایا جاتا ہے اور اگر فاعل مؤنث ہو تو فعل بھی مؤنث لانا چاہئے جیسا کہ اوپر کی مثالوں میں رَجُلٌ کے لئے جَاءَ فعل مذکر اور اِمْرَاَةٌ کے لئے جَاءَتْ فعل مؤنث لایا گیا ہے مگر اسے آخری قاعدہ نہ سمجھنا چاہئے کہ کتاب کے دوسرے حصہ میں مزید تفصیل دی جائے گی۔

(۸) فاعل اگر کسی غیر عاقل کی جمع ہو تو فعل واحد مؤنث استعمال ہوتا ہے؛ اس کی وجہ یہ ہے کہ غیر عاقل کی جمع واحد مؤنث ہی کے حکم میں ہوتی ہے۔ اسی لئے مبتداء یا موصوف جب کسی غیر عاقل کی جمع ہوں تو خبر اور صفت عموماً واحد مؤنث ہی لائی جاتی ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۴۱) مشق نمبر (۴۱)

(جملہ فعلیہ کی مشق)

اردو میں ترجمہ کرو۔

(۱) أَسْفَرَ الصُّبْحُ صبح روشنی ہوگئی	(۲) صَاحَ الدِّيْكُ الصَّائِحُ چلانے والے مرغ نے اذان دی (چلانے والا مرغا چلایا)
(۳) اِسْتَيْقَظَتْ فَاطِمَةُ الصَّغِيْرَةُ چھوٹی فاطمہ بیدار ہوگئی	(۴) هَبَّتِ الرِّيْحُ الشَّدِيْدَةُ سخت ہوا چلی
(۵) نَزَلَ الْمَطَرُ الْغَزِيْرُ زوردار بارش ہوئی	(۶) حَفِظَ التِّلْمِيْذُ الدَّرْسَ شاگرد نے سبق یاد کیا
(۷) قَطَفَ مَحْمُوْدٌ زَهْرَةً جَمِيْلَةً محمود نے ایک خوبصورت پھول توڑا	(۸) شَرِبَتْ فَاطِمَةُ الْمَاءَ الْبَارِدَ فاطمہ نے ٹھنڈا پانی پیا
(۹) أَكَلَ الْوَلَدُ الْخُبْزَ الْبَائِتَ بچے نے باسی روٹی کھائی	(۱۰) اِشْتَرٰى مَحْمُوْدُ نِ الصَّغِيْرُ قَلَمًا ثَمِيْنًا چھوٹے محمود نے ایک قیمتی قلم خریدا
(۱۱) صَادَ خَالِدُ نِ التِّلْمِيْذُ ظَبْيًا سَمِيْنًا شاگرد نے ایک موٹا ہرن شکار کیا	(۱۲) خَلَقَ اللّٰهُ الْأَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى اللہ تعالیٰ نے زمین اور بلند آسمان پیدا کیے

اَلتَّمْرِيْنُ (۴۲) مشق نمبر (۴۲)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) اللہ تعالیٰ نے انبیاء اور رسول بھیجے أَرْسَلَ اللّٰهُ الْأَنْبِيَاءَ وَالرُّسُلَ	(۲) ناشکر گزار بندہ نے خدا کی نافرمانی کی عَصَى اللّٰهَ الْعَبْدُ الْكَفُوْرُ
(۳) فرمانبردار لڑکے نے باپ کا کہنا مانا اِمْتَثَلَ الْوَلَدُ الْمُطِيْعُ الْأَبَ	(۴) رشاد طالب علم نے سبق پڑھا قَرَءَ رَشَادُ نِ الطَّالِبُ الدَّرْسَ
(۵) سلیم خادم نے دروازہ کھولا فَتَحَ سَلِيْمُ نِ الْخَادِمُ الْبَابَ	(۶) بہادر سپاہی نے شیر کو مار ڈالا قَتَلَ الشُّرْطِيُّ الشُّجَاعُ الْأَسَدَ

(۷) محنت طالب علم امتحان میں کامیاب ہوا فَازَ الطَّالِبُ الْمُجْتَهِدُ فِي الْاِخْتِبَارِ	(۸) تمہاری خادمہ نے مزیدار کھانا پکایا طَبَخَتْ خَادِمَتُكُمْ طَعَامًا لَذِيْذًا
(۹) معزز مہمانوں نے کھانا کھایا اَكَلَ الضُّيُوْفُ الْمُكْرَمُوْنَ الطَّعَامَ	(۱۰) شریف میزبان نے شکریہ ادا کیا شَكَرَ الْمُضِيْفُ الْكَرِيْمُ
(۱۱) توانا مزدور نے ایک کنواں کھودا حَضَرَ الْعَامِلُ الْقَوِيُّ بِئْرًا	(۱۲) ماہر بڑھی نے ایک عمدہ کرسی بنائی صَنَعَ النَّجَّارُ الْمَاهِرُ كُرْسِيًّا جَيِّدًا

اَلتَّمْرِيْنُ (۴۳) مشق نمبر (۴۳)

فاعل جب کہ اسم ظاہر ہو

ابھی درس نمبر ۷ میں قاعدہ نمبر ۵ کے تحت آپ پڑھ چکے ہیں کہ فاعل جب اسم ظاہر ہو تو فعل ہر حال میں واحد ہی آئے گا۔ البتہ تذکیر و تانیث میں فعل اپنے فاعل کے مطابق رہے گا۔ جیسا کہ تمرین ۴۱، ۴۲ میں گزرا دیکھو قاعدہ نمبر ۶ درس نمبر ۷۔

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اِنْسَلَخَ شَهْرُ شَعْبَانَ

شعبان کا مہینہ بیت گیا۔

(۲) اَبْصَرَ رَجُلَانِ الْهِلَالَ

دو آدمیوں نے چاند دیکھا۔

(۳) صَامَ الْوِلْدَانُ الصِّغَارُ الْيَوْمَ

چھوٹے لڑکوں نے آج روزہ رکھا۔

(۴) ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ (اِنْ شَاءَ اللّٰهُ)

پیاس چلی گئی، رگیں تر ہو گئیں اور اجر ثابت ہو گیا (انشاء اللہ)

(۵) صَلَّى الْمُسْلِمُوْنَ صَلٰوةَ الْعِيْدِ

مسلمانوں نے عید کی نماز ادا کی۔

(۶) سَمِعَتِ الْاَخَوَاتُ خُطْبَةَ الْاِمَامِ

بہنوں نے امام کا خطبہ سنا۔

(۷) اَطْعَمَ الْاَغْنِيَاءُ الْمَسَاكِيْنَ الْبَائِسِيْنَ

مالداروں نے تنگ دست لوگوں کو کھانا کھلایا

(۸) تَفَتَّحَتِ الْوَرْدَةُ الْحَمْرَآءُ فِي الْحَدِيْقَةِ

باغ میں گلاب کا سرخ پھول کھلا۔

(۹) جَمَعَتِ الْبِنْتَانِ الْاَزْهَارَ الْجَمِيْلَةَ

دولڑکیوں نے خوبصورت پھول جمع کئے۔

(۱۰) كَنَسَتِ الْخَادِمَةُ صَحْنَ الدَّارِ

نوکرانی نے گھر کے صحن میں جھاڑو دیا۔

(۱۱) فَازَ الصَّدِيْقَانِ فِي سَعْيِهِمَا

دونوں دوست اپنی کوشش میں کامیاب ہوئے۔

(۱۲) نَالَ الْمُجِدُّوْنَ الْجَوَائِزَ الثَّمِيْنَةَ

محنتی لوگوں نے قیمتی انعام حاصل کئے۔

(۱۳) اَفْسَدَتِ الْكُتُبُ الْمَاجِنَةُ اَخْلَاقَ النَّاشِئِيْنَ

گندے لٹریچر، فحش کتب نے نوخیز لڑکوں کے اخلاق خراب کر دیئے۔

(۱۴) سَمِعَتِ الْآذَانُ وَرَأَتِ الْعُيُوْنُ وَعَقَلَتِ الْقُلُوْبُ

کانوں نے سنا اور آنکھوں نے دیکھا اور دلوں نے سمجھا۔

اَلتَّمْرِیْنُ (۴۴) مشق نمبر (۴۴)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) سورج غروب ہوا اور چاند نکلا

غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَطَلَعَ الْقَمَرُ

(۲) جامع مسجد کے مؤذن نے اذان دی

اَذَّنَ مُؤَذِّنُ الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ

(۳) روزہ دار مسلمانوں نے افطار کیا۔

اَفْطَرَ الْمُسْلِمُوْنَ الصَّائِمُوْنَ

(۴) بیمار عائشہ نے ٹھنڈے پانی سے وضو کیا

تَوَضَّأَتْ عَائِشَةُ نِ الْمَرِيْضَةُ بِالْمَاءِ الْبَارِدِ

(۵) دونوں بہنوں نے مغرب کی نماز پڑھی

صَلَّتِ الْاُخْتَانِ الْمَغْرِبُ

(۶) ان لڑکیوں نے رمضان کے روزے رکھے

صَامَتْ هٰؤُلَآءِ الْبَنَاتُ صِيَامَ رَمَضَانَ

(۷) شمع روشن ہوئی اور تاریکی دور ہوگئی۔

ضَاءَتِ الشَّمْعَةُ وَابْتَعَدَتِ الظُّلْمَةُ

(۸) کلکتہ کے مسافر ہوائی جہاز پر سوار ہوئے

رَكِبَ مُسَافِرُوْ كَلْكَتَّةَ عَلَى الطَّيَّارَةِ

(۹) خونخوار بھیڑیوں نے کسانوں کی بکریاں کھالیں۔

اَكَلَتِ الذِّيَابُ الْمُفْتَرِسَةُ شِيَاهُ الْفَلاَّحِيْنَ

(۱۰) دونوں بھائیوں نے ایک فٹ بال خریدا۔

اِشْتَرَى الْاَخَوَانِ كُرَةَ قَدَمٍ

(۱۱) محمود کے دونوں بیٹے بیمار ہو گئے۔

مَرِضَ ابْنَا مَحْمُوْدٍ

(۱۲) بیماریاں بڑھ گئیں اور مخلص اطباء کم ہو گئے۔

اِزْدَادَتِ الْاَمْرَاضُ وَقَلَّ الْاَطِبَّاءُ الْمُخْلِصُوْنَ

اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ

(آٹھواں سبق)

(فعل کی قسمیں، ماضی، مضارع، امر و نہی)

فعل کی مشہور تین قسمیں ہیں۔ ماضی، مضارع، امر و نہی۔

(۱) فعل ماضی: اس فعل کو کہتے ہیں کہ جو گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کے "ہونے" یا "کرنے" پر دلالت کرے جیسے کَتَبَ حَامِدٌ كِتَابًا (حامد نے ایک خط لکھا)

(۲) فعل مضارع: اس فعل کو کہتے ہیں جو زمانہ حال یا زمانہ مستقبل میں کسی کام کے واقع ہونے پر دلالت کرے جیسے يَكْتُبُ حَامِدٌ (حامد لکھتا ہے) (یا لکھے گا)۔

(۳) فعل امر: اس فعل کا نام ہے کہ جس میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے جیسے اِقْرَأْ (پڑھ)

فعل نہی: اس فعل کو کہتے ہیں کہ جس میں کسی کام سے باز رہنے کا حکم دیا جائے جیسے لَاتَقْرَءْ (مت پڑھ)

فائدہ: فعل نہی بھی فعل امر ہی کی ایک قسم ہے کیونکہ اس میں بھی درحقیقت حکم ہی پایا جاتا ہے فرق یہ ہے کہ امر میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جاتا ہے اور نہی میں کسی کام سے باز رہنے کا حکم ہوتا ہے۔

اثبات و نفی: جس فعل سے کسی کام کا ہونا یا کرنا سمجھا جائے اس کو اثبات یا فعل مثبت کہتے ہیں اور جس فعل میں کسی کام کا "نہ ہونا" یا "نہ کرنا" سمجھا جائے اس کو "نفی" یا فعل منفی کہا جاتا ہے۔ یہ فعل ماضی کے شروع میں ما نافیہ اور فعل مضارع کے شروع میں لا نافیہ بڑھانے سے بن جاتا ہے جیسے مَا كَتَبَ (نہیں لکھا) اور لَا يَكْتُبُ (نہیں لکھتا ہے یا نہیں لکھے گا) اسی طرح لَمْ اور لَنْ کے ساتھ فعل کی نفی کی جاتی ہے جس کا بیان آگے

آئے گا۔

فعل ماضی کے چودہ صیغے آتے ہیں اور اسی طرح فعل مضارع کے بھی ذیل میں اس کا نقشہ دیا جاتا ہے۔

	غائب			حاضر			متکلم	
	واحد	تثنیہ	جمع	واحد	تثنیہ	جمع	واحد	تثنیہ
مذکر	كَتَبَ	كَتَبَا	كَتَبُوْا	كَتَبْتَ	كَتَبْتُمَا	كَتَبْتُمْ	كَتَبْتُ	كَتَبْنَا
مؤنث	كَتَبَتْ	كَتَبَتَا	كَتَبْنَ	كَتَبْتِ	كَتَبْتُمَا	كَتَبْتُنَّ		

اَلتَّمْرِيْنُ (۴۵) مشق نمبر (۴۵)

(فاعل جب کہ ضمیر ہو)

درس نمبر ۷ میں تمہیں یہ بتایا گیا تھا کہ فعل کا فاعل جب کوئی اسم ظاہر ہو تو فعل ہمیشہ واحد ہی لایا جائے گا البتہ تذکیر و تانیث میں فعل اپنے فاعل کے مطابق ہوگا۔ اس کی مشق تمرین نمبر ۴۳، نمبر ۴۴ کر چکے ہیں۔ اب دوسری صورت لو یعنی جب فاعل اسم ضمیر ہو یعنی ایسی صورت میں فعل اپنی ضمیر کے مطابق ہی آئے گا یعنی واحد کے لئے واحد اور تثنیہ اور جمع کے لئے تثنیہ، جمع ہی آئے گا۔ ذیل کی تمرینات میں اس کی مشقیں دی جا رہی ہیں اس کا لحاظ رکھو۔

اردو میں ترجمہ کرو۔

(۱) جَاءَ الْقِطَارُ وَ وَقَفَ عَلَى الرَّصِيْفِ

ریل آئی اور پلیٹ فارم پر رک گئی۔

(۲) طَارَتِ الْحَمَامَةُ وَجَلَسَتْ عَلَى الشَّجَرَةِ

کبوتری نے پرواز کی اور درخت پر بیٹھ گئی۔

(۳) خَرَجَ مَحْمُوْدُ بِبَنْدُوْقِيَّةٍ وَصَادَ ظَبْيًا

محمود اپنی بندوق کے ساتھ نکلا اور اس نے ایک ہرن شکار کیا۔

(۴) رَأَتْ فَاطِمَةُ الصَّيْدَ وَفَرِحَتْ

فاطمہ نے شکار کو دیکھا اور خوش ہوئی۔

(۵) اِجْتَمَعَتِ الْأَخَوَاتُ وَطَبَخْنَ اللَّحْمَ

بہنیں اکٹھی ہوئیں اور انہوں نے گوشت پکایا۔

(۶) عَجَنَتِ الْبِنْتَانِ وَخَبَزَتَا الْخُبْزَ

دو لڑکیوں نے آٹا گوندھا اور انہوں نے روٹیاں پکائیں۔

(۷) دَعَوْتُ الْإِخْوَانَ وَأَرْسَلْتُ إِلَيْهِمْ

میں نے دوستوں کو مدعو کیا اور ان کو خط بھیجا۔

(۸) أَسْرَعَ الْخَادِمَانِ وَأَحْضَرَا الطَّعَامَ

دونوں نوکروں نے جلدی کی اور کھانا حاضر کیا۔

(۹) جَاءَ الضُّيُوْفُ وَجَلَسُوْا حَوْلَ الْمَائِدَةِ

مہمان تشریف لائے اور دستر خوان کے ارد گرد بیٹھے۔

(۱۰) جَلَسْنَا مَعَ الضُّيُوْفِ وَأَكَلْنَا مَعَهُمْ

ہم مہمانوں کے ساتھ بیٹھ گئے اور ان کے ساتھ ہم نے کھانا کھایا۔

(۱۱) شَرِبْتُمُ الْمَاءَ الْبَارِدَ وَارْتَوَيْتُمْ

تم نے ٹھنڈا پانی پیا اور سیر ہو گئے۔

(۱۲) صَنَعَتِ الشَّايَ فَأَحْسَنَتِ الصُّنْعَ

اس ایک عورت نے چائے بنائی اور اچھی بنائی۔

(۱۳) كَفَرْتُمَا زَوْجَيْكُمَا وَعَصَيْتُمَا اللّٰهَ

تم دونوں نے اپنے خاوندوں کی ناشکری کی اور اللہ کی نافرمانی کی۔

(۱۴) سَمِعْتُنَّ كَلَامَ اللّٰهِ وَبَكَيْتُنَّ

تم عورتوں نے اللہ کا کلام سنا اور روئیں۔

(۱۵) اَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا

اللہ نے بیع وشراء کو حلال کیا اور سود کو حرام قرار دیا۔

(۱۶) حَفِظْتَ شَيْئًا وَّ غَابَتْ عَنْكَ اَشْيَاءُ

تو نے ایک چیز یاد کی اور کئی چیزیں تجھ سے غائب (بھول گئیں) ہوگئیں۔

فائدہ: تمرین نمبر۴۳ سے تمرین نمبر۰ ۷ تک التزاماً جملہ فعلیہ ہی لکھوائے جائیں۔ تمرین ۴۵ سے نمبر ۵۰ تک اس بات کا التزام کیا گیا ہے کہ فاعل ظاہر اور فاعل ضمیر دونوں کی مشق ہو جائے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۴۶) مشق نمبر (۴۶)

خالی جگہوں کو پر کریں۔ — خالی جگہوں میں آنے والے کلمات

(۱) تَغَيَّمَتِ السَّمَآءُ وَ...... مَطَرًا كَثِيْرًا (اَمْطَرَتْ)

(۲) .... رِيْحٌ عَاصِفٌ وَقَلَعَتِ الْاَشْجَارَ (هَبَّتْ)

(۳) اَطْلَقَ خَالِدٌ الْبُنْدُوقِيَّةَ وَ .... حَمَامَةً (صَادَ)

(۴) .... حَامِدٌ وَ مَحْمُوْدٌ مَرْكَبَةً وَرَكِبَا عَلَيْهَا (اِكْتَرٰى)

(۵) غَيَّرَ اُولٰٓئِكَ .... مَلَابِسَهُمْ وَ .... اِلَى الْمُصَلّٰى

(اَلْاَوْلَادُ) (ذَهَبُوْا)

(۶) .... الْبَنَاتُ الدَّقِيْقَ وَطَبَخْنَ الرَّغِيْفَ (عَجَنَتْ)

(۷) تَوَضَّأَتِ الْبِنْتَانِ وَ .... صَلٰوةَ الْفَجْرِ (صَلَّتَا)

(۸) .... الصَّدِيْقَانِ بَعْدَ مُدَّةٍ وَتَعَانَقَا (حَضَرَ) (جَاءَ) (لَقِيَ)

(۹) دَخَلَ عَلَى الْاَمِيْرِ رِجَالٌ وَ .... طَوِيْلًا (قَعَدُوْا)

(۱۰) .... اَيَّامُ السُّرُوْرِ بِسُرْعَةٍ عَجِيْبَةٍ (خَتَمَتْ) (ذَهَبَتْ)

اَلتَّمْرِيْنُ (۴۷) مشق نمبر (۴۷)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) حامد نے اذان سنی اور بچوں کو جگایا۔

سَمِعَ حَامِدٌ نِ الْاَذَانَ وَاَنْهَضَ الْاَطْفَالَ

(۲) دو چھوٹے بچوں نے سحری کھائی اور روزہ رکھا۔

اَكَلَ الْوَلَدَانِ الصَّغِيْرَانِ السَّحُوْرَ وَصَامَا

(۳) ان دو عورتوں نے کھانا پکایا اور مسکینوں کو کھلایا۔

طَبَخَتْ هَاتَانِ امْرَأَتَانِ الطَّعَامَ وَاَطْعَمَتَا الْمَسَاكِيْنَ

(۴) تم دونوں آگرہ گئے اور تاج محل دیکھا۔

ذَهَبْتُمَا اِلٰى آكِرَةَ وَشَاهَدْتُمَا قَصْرَ التَّاجِ

(۵) ان لوگوں نے حج کیا اور مسجد نبوی کی زیارت کی۔

حَجَّ اُولٰئِكَ النَّاسُ وَزَارُوْا الْمَسْجِدَ النَّبَوِيَّ

(۶) مدرسۃ البنات کی لڑکیاں بس پر سوار ہوئیں اور مدرسہ گئیں۔

رَكِبَتْ تِلْمِيْذَاتُ مَدْرَسَةِ الْبَنَاتِ الْاُتُوْبِيْسَ وَذَهَبْنَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ

(۷) ہم لوگوں نے ٹکٹ خریدا پھر ریل گاڑی پر سوار ہوئے۔

اِشْتَرَيْنَا التَّذَاكِرَ فَرَكِبْنَا الْقِطَارَ

(۸) تم عورتوں نے عربی پڑھنا سیکھا

تَعَلَّمْتُمَا قِرَاءَةَ الْعَرَبِيَّةِ

(۹) تم دو عورتوں نے اپنے بچوں کو ادب سکھایا۔

اَدَّبْتُنَّ اَطْفَالَكُنَّ۔

(۱۰) تو نے اپنے دوستوں کو چائے پر مدعو کیا۔

دَعَوْتُ اَصْدِقَاءَكَ عَلَى الشَّايِ

(۱۱) میں نے ان کے سامنے ایک تقریر کی اور اسلام کی طرف بلایا۔

خَطَبْتُ اَمَامَ هٰؤُلَاءِ خُطْبَةً وَدَعَوْتُهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ

(۱۲) ننھی فاطمہ بازار گئی اور ایک گڑیا خریدی۔

ذَهَبَتْ فَاطِمَةُ الصَّغِيْرَةُ اِلَى السُّوْقِ وَاشْتَرَتْ دُمْيَةً

(۱۳) تو (ایک عورت) نے قرآن پڑھا اور سنت پر عمل کیا۔

قَرَاْتِ امْرَاَةٌ بِالْقُرْآنِ وَ عَمِلَتْ بِالسُّنَّةِ

(۱۴) خالد و ہشام نے غسل کیا اور کپڑے دھوئے۔

اِغْتَسَلَ خَالِدٌ وَهِشَامٌ وَغَسَلَا ثِيَابَهُمَا

(۱۵) درجہ چہارم کے لڑکوں نے تقریریں کیں اور انعامات پائے۔

خَطَبَ تَلَامِيْذُ الصَّفِّ الرَّابِعِ وَنَالُوْا جَوَائِزَ

(۱۶) خوشحال مسلمانوں نے غریبوں کو کھانا کھلایا اور ان کو کپڑے پہنائے۔

اَطْعَمَ الْمُسْلِمُوْنَ الْمُتْرِفُوْنَ الْفُقَرَآءَ وَكَسَوْهُمْ مَلَابِسَ۔

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ (۱)

(نواں سبق)

فعل مضارع (۱)

ماضی کی طرح مضارع کے بھی چودہ صیغے آتے ہیں اس کے اندر زمانہ حال و استقبال دونوں پائے جاتے ہیں۔ یہ فعل ماضی سے بنایا جاتا ہے۔ اس کے شروع میں (ا، ت، ی، ن) میں سے کسی حرف کا ہونا ضروری ہے یہ چاروں حروف علامت مضارع کہلاتے ہیں۔ اس کے بنانے کا قاعدہ صرف کی کسی کتاب میں دیکھو ذیل میں صرف گردانیں دی جاتی ہیں۔

	واحد			حاضر			متکلم	
	واحد	تثنیہ	جمع	واحد	تثنیہ	جمع	واحد	تثنیہ وجمع
مذکر	یَکْتُبُ	یَکْتُبَانِ	یَکْتُبُوْنَ	تَکْتُبُ	تَکْتُبَانِ	تَکْتُبُوْنَ	اَکْتُبُ	نَکْتُبُ
مؤنث	تَکْتُبُ	تَکْتُبَانِ	یَکْتُبْنَ	تَکْتُبِیْنَ	تَکْتُبَانِ	تَکْتُبْنَ		

اَلتَّمْرِیْنُ (۴۸) مشق نمبر (۴۸)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) یَقْطِفُ الْوَلَدُ الزَّهْرَةَ وَیَشُمُّهَا

لڑکا پھول توڑتا ہے اور اس کو سونگھتا ہے۔

(۲) تُحِبُّ فَاطِمَةُ الْقِطَّ وَتَلْعَبُ مَعَهَا

فاطمہ بلی سے محبت کرتی ہے اور اس کے ساتھ کھیلتی ہے۔

(٣) يَلْعَبُ الْوَلَدَانِ كُرَةَ الْقَدَمِ وَيَمْرَحَانِ

دونوں لڑکے فٹبال کھیلتے ہیں اور خوشی سے اتراتے ہیں۔

(٤) يُطْلِقُ الصَّيَّادُوْنَ الْبَنَادِقَ وَيَصِيْدُوْنَ الطُّيُوْرَ

شکاری بندوقیں چلاتے ہیں اور پرندوں کو شکار کرتے ہیں۔

(٥) تَخْدِمُ الْبِنْتَانِ اَبَوَيْهِمَا وَتَمْتَثِلَانِ اَمْرَهُمَا

دونوں بچیاں اپنے ماں باپ کا ہاتھ بٹاتی ہیں اور ان کا حکم مانتی ہیں۔

(٦) تَخْرُجُ اِلَى السُّوْقِ وَتَشْتَرِى الْحَوَائِجَ

تو بازار کی طرف نکلتا ہے اور ضروری چیزیں خریدتا ہے۔

(٧) تَتَجَمَّلُ الْاَفْرَنْجِيَاتُ بِالْمَلَابِسِ وَيَخْرُجْنَ سَافِرَاتٍ

انگریزی لڑکیاں کپڑوں سے زیب و زینت حاصل کرتی ہیں اور بے پردہ ہو کر نکلتی ہیں۔

(٨) يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِى الصَّدَقَاتِ

اللہ تعالیٰ سود کو ختم کرتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا ہے۔

(٩) اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ

کیا تم لوگ لوگوں بھلائی کا حکم کرتے ہو اور اپنے آپ کو بھلاتے ہو۔

(١٠) تَسْتَيْقِظَانِ صَبَاحًا وَتَخْرُجَانِ اِلَى الْبَسَاتِيْنِ

تم دونوں صبح جاگتے ہو اور باغوں کی طرف نکلتے ہو۔

(١١) تَذْكُرِيْنَ اللّٰهَ وَتَشْكُرِيْنَ نِعَمَهُ

تو اللہ کا ذکر کرتی ہے اور اس کی نعمتوں کا شکریہ ادا کرتی ہے۔

(١٢) تَعْرِفْنَ اللّٰهَ وَتَسْتَعِيْنَ بِهِ فِى فِعْلِ الْخَيْرَاتِ

تم عورتیں اللہ کو پہچانتی ہو اور بھلائی کے کاموں میں اس سے مدد مانگتی ہو۔

(١٣) أُحِبُّ كَرِيْمَ الطِّبَاعِ وَاَكْرَهُ سَيِّئَ الْاَخْلَاقِ

میں شریف طبیعت والے آدمی سے محبت کرتا ہوں اور برے اخلاق والے کو ناپسند کرتا ہوں۔

(١٤) نَتَّبِعُ السُّنَّةَ وَنَكْرَهُ الْغُلُوَّ فِي الدِّيْنِ

ہم سنت کی اتباع کرتے ہیں اور دین میں غلو کو پسند نہیں کرتے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (٤٩) مشق نمبر (٤٩)

خالی جگہ کو پر کریں۔

(١) ...... الْبَرْقُ وَ يَخْطَفُ الْاَبْصَارَ (يَلْمَعُ)

(٢) تَخَافُ الْبِنْتُ الْقِطَّ وَ .... مِنْهُ (تَفِرُّ)

(٣) ...... اَلصَّيَّادَانِ الشَّبَكَةَ وَيَصِيْدُوْنَ السَّمَكَ (يُلْقِيْ)

(٤) يُحِبُّ الْاَغْنِيَاءُ السُّمْعَةَ وَ ...... اَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيْلِهَا (يُصْرِفُوْنَ)

(٥) ...... الْبِنْتَانِ الدَّقِيْقَ وَتَخْبِزَانِ الرَّغِيْفَ (تَعْجِنُ)

(٦) تُوْقِدُ الْبَنَاتُ الْمُوْقِدَ وَ ...... اَللَّحْمَ (يَطْبَخْنَ)

(٧) ...... فِي الْحَدِيْقَةِ وَتَقْطِفُ الْاَزْهَارَ (تَدْخُلُ)

(٨) ......تَرْكَبَانِ الدَّرَّاجَةَ وَ ...... اِلَى الْمَدْرَسَةِ (تَذْهَبَانِ)

(٩) ...... اِلَى النَّهْرِ وَتَتَعَلَّمُوْنَ السِّبَاحَةَ (تَمْشُوْنَ)

(١٠) تَطْبَخْنَ الطَّعَامَ وَ ...... ثِيَابَ اَوْلَادِكُنَّ (تَغْسِلْنَ)

(١١) ...... الدَّرَّاجَةَ وَارْكَبُ عَلَيْهَا (اَكْتَرِيْ)

(١٢) نَخْرُجُ اِلَى الْبَسَاتِيْنِ...... (وَنَتَنَزَّهُ)

اَلتَّمْرِيْنُ (٥٠) مشق نمبر (٥٠)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) سورج ڈوبتا ہے اور تاریکی چھا جاتی ہے۔
تَغْرُبُ الشَّمْسُ وَيَغْشَى الظَّلَامُ

(۲) فاطمہ شمع جلاتی ہے اور اپنا سبق یاد کرتی ہے۔
تُوقِدُ فَاطِمَةُ الشَّمْعَةَ وتَحْفَظ دَرْسَهَا

(۳) حامد اور محمود بازار سے واپس آتے ہیں اور گھر میں داخل ہوتے ہیں۔
يَرْجِعُ حَامِدٌ وَمَحْمُودٌ مِنَ السُّوقِ ويَدْخُلَانِ الْبَيْتَ

(۴) فاطمہ اور صفیہ کھڑی ہوتی ہیں اور سلام کرتی ہیں۔
تَقُومُ فَاطِمَةُ وَصَفِيَّةُ وتُسَلِّمَانِ

(۵) درجہ پنجم کے طلبہ مقالے لکھتے ہیں اور تقریریں کرتے ہیں۔
يَكْتُبُ طَلَبَةُ الصَّفِ الْخَامِسِ مَقَالاتٍ ويَخْطِبُوْنَ

(۶) تم دونوں کھیل میں اپنا وقت ضائع کرتے ہو۔
تُضَيِّعَانِ وَقْتَكُمَا فِي اللَّعِبِ

(۷) مسلمان عورتیں قرآن پڑھتی ہیں اور سنت پر عمل کرتی ہیں۔
تَقْرَأُ النِّسَآءُ الْمُسْلِمَاتُ الْقُرْآنَ وَيَعْمَلْنَ بِالسُّنَّةِ

(۸) تو غریبوں کی مدد کرتا ہے اور اجر کا مستحق ہوتا ہے۔
تَنْصُرُ الْفُقَرَآءَ وتَسْتَحِقُّ الْجَزَآءَ

(۹) تم لوگ دن بھر کارخانہ میں کام کرتے ہو۔
تَعْمَلُوْنَ فِي الْمَصْنَعِ الْيَوْمَ الْكَامِلَ

(۱۰) تم عورتیں اپنے بچوں کی پرورش کرتی ہو۔
تُرَبِّيْنَ أَوْلَادَكُنَّ

(۱۱) تو مشکل کام کرتی ہے اور تھک جاتی ہے۔

تَعْمَلُ بِاَعْمَالٍ شَاقَّةٍ و تَتْعَبِيْنَ

(۱۲) میں ہر روز صبح سویرے اٹھتا ہوں۔

اَسْتَيْقِظُ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ كُلَّ يَوْمٍ

(۱۳) فرید کے دونوں بیٹے فصیح عربی بولتے ہیں۔

يَتَكَلَّمُ اِبْنَا فَرِيْدٍ بِالْعَرَبِيَّةِ الْفَصِيْحَةِ

(۱۴) ہم لوگ اللہ کی بندگی کرتے ہیں اور اس سے مدد چاہتے ہیں۔

نَعْبُدُ اللّٰهَ وَ نَسْتَعِيْنُهٗ

اَلتَّمْرِيْنُ (۵۱) مشق نمبر (۵۱)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) لَايَبْخَلُ الْكَرِيْمُ بِمَالِهٖ

مہربان آدمی اپنے مال میں بخل نہیں کرتا۔

(۲) لَا تَدُوْمُ صَدَاقَةُ اللَّئِيْمِ

کمینے کی دوستی ہمیشہ نہیں رہتی۔

(۳) لَا يَأْمَنُ الْعَجُوْلُ مِنَ الْعِثَارِ

جلدی کرنے والا پھسلنے سے نہیں بچ سکتا۔

(۴) تَتَغَيَّمُ السَّمَآءُ وَلَا تُمْطِرُ

مطلع (آسمان) ابر آلود (بادلوں والا) ہے اور برستا نہیں۔

(۵) مَارَبِحَتْ تِجَارَتُنَا فِي الْعَامِ الْمَاضِي

پچھلے سال ہمارا کاروبار نفع بخش نہیں رہا۔

(۶) مَاحَرَثَ الْفَلَّاحُوْنَ اَرْضَهُمْ وَمَا بَذَرُوْا

کاشتکاروں نے اپنے زمینوں میں نہ ہل چلائے نہ بیج بوئے۔

(۷) مَاعَابَ رَسُوْلُ اللّٰہِ طَعَامًا قَطُّ

رسول پاکؐ نے کھانے میں کبھی نقص نہیں نکالا۔

(۸) مَاجَعَلَ اللّٰہُ لِرَجُلٍ مِنْ قَلْبَیْنِ فِی جَوْفِہٖ

اللہ تعالیٰ نے کسی آدمی کے سینے میں دو دل نہیں بنائے۔

(۹) مَاقَدَرُو اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ

ان لوگوں نے اللہ کی قدر نہ کی جیسا کہ اس کا حق تھا۔

(۱۰) تَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَلَاتَخَافُوْنَ اللّٰہَ

تم لوگوں پر ظلم کرتے ہو اور اللہ سے نہیں ڈرتے ہو۔

(۱۱) لَایُفْلِحُ الظَّالِمُوْنَ اَبَدًا

ظالم لوگ کبھی کامیاب نہیں ہونگے۔

(۱۲) تَجْرِی الرِّیَاحُ بِمَا لَا تَشْتَھِی السُّفُنُ

ہوائیں کشتیوں کے مخالف سمت چلتی ہیں۔

اَلتَّمْرِیْنُ (۵۲) مشق نمبر (۵۲)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) اللہ تعالیٰ زمین میں بگاڑ کو پسند نہیں کرتا۔

لَا یُحِبُّ اللّٰہُ الْفَسَادَ فِی الْاَرْضِ

(۲) تم دونوں وقت پر نہیں پہنچے۔

مَاوَصَلْتُمَا عَلَی الْوَقْتِ الْمُعَیَّنِ

(۳) تمہارے والد دہلی سے واپس نہیں آئے۔

مَاعَادَ اَبُوْکُمْ مِنَ الدِّھْلِی

(۴) تم لوگوں نے اپنے اسباق یاد نہیں کئے۔

مَاحَفِظْتُمْ دُرُوْسَكُمْ

(۵) میں کبھی اونٹ پر سوار نہیں ہوا۔

مَارَكِبْتُ الْجَمَلَ قَطُّ

(۶) تو صبح سویرے نہیں اٹھتی

لَا تَسْتَيْقِظِيْنَ مُبَكِّرًا

(۷) فاطمہ اپنی کتاب کی حفاظت نہیں کرتی۔

لَا تُحَافِظُ فَاطِمَةُ عَلٰى كِتَابِهَا

(۸) نیکی کبھی برباد نہیں جاتی۔

لَاتَضِيْعُ الْحَسَنَةُ اَبَدًا

(۹) میں کسی امتحان میں فیل نہیں ہوا۔

مَارَسَبْتُ فِي اِخْتِبَارٍ قَطُّ

(۱۰) تم سب اپنے اسباق یاد نہیں کرتیں۔

لَا تَحْفَظْنَ دُرُوْسَكُنَّ

(۱۱) محنتی لڑکے مدرسے سے غیر حاضر نہیں ہوتے

لَا يَتَغَيَّبُ الْاَوْلَادُ الْمُجِدُّوْنَ عَنِ الْمَدْرَسَةِ

(۱۲) اچھے بچے شریروں کے ساتھ نہیں کھیلتے۔

لَايَلْعَبُ الْاَطْفَالُ الصَّالِحُوْنَ مَعَ الْاَشْرَارِ

(۱۳) مسلمان عورتیں بے پردہ نہیں نکلتیں۔

اَلنِّسَآءُ الْمُسْلِمَاتُ لَاتَتَبَرَّجْنَ

(۱۴) ہم لوگ فحش لٹریچر (کتابوں) کا مطالعہ نہیں کرتے۔

لَا نُطَالِعُ الْكُتُبَ الْمَاجِنَةَ

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ (۲)

نواں سبق (۲)

(فعل مستقبل)

تم نے درس نمبر ۹ میں بھی پڑھا ہے کہ فعل مضارع میں زمانہ حال اور استقبال دونوں پائے جاتے ہیں۔ ذیل میں فعل مستقبل کے جملے لکھے جاتے ہیں۔ ان کا ترجمہ فعل مضارع ہی سے کیا جائے گا۔

کبھی فعل مضارع جو استقبال کے لئے آتا ہے۔ اس پر ''س'' اور ''سَوْفَ'' داخل کر دیتے ہیں ''س'' کے داخل ہونے کے بعد فعل مضارع مستقبل کے معنی میں خاص ہو جاتا ہے ''س'' مستقبل قریب اور ''سَوْفَ'' مستقبل بعید کے لئے لاتے ہیں۔

(۱) سَاُهْدِیْ اِلَیْكَ كِتَابًا مُمْتِعًا

(عنقریب میں تم کو ایک مفید کتاب ہدیہ کروں گا)

(۲) سَتَلْعَبُ فِرْقَتُنَا غَدًا ہماری ٹیم کل کھیلے گی۔

اَلتَّمْرِیْنُ (۵۳) مشق نمبر (۵۳)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) میں عربی زبان میں تقریر کروں گا۔

سَاَخْطُبُ خُطْبَةً فِی الْعَرَبِیَّةِ

(۲) میرے والد مجھے عنقریب ایک انعام دینگے۔

سَوْفَ یُعْطِیْنِیْ وَالِدِیْ جَائِزَةً

(۳) ہم دونوں اس سال چھٹیوں میں گھر نہیں جائیں گے۔

لَانَذْهَبُ اِلَی الْبَیْتِ فِی تَعْطِیْلَاتِ هٰذِهِ السَّنَةِ

(۴) محمود اور سالم کل ہوائی جہاز سے سفر کریں گے۔

سَیُسَافِرُ مَحْمُوْدٌ وَّسَالِمٌ بِالطَّائِرَةِ غَدًا

(۵) آج شام کی ٹرین سے میں دہلی جاؤں گا۔

سَأَذْهَبُ الْیَوْمَ اِلَی الدِّهْلِی بِالْقِطَارِ الْمَسَائِیِّ

(۶) فاطمہ اپنی ماں کے ساتھ ایک شادی میں جائے گی۔

سَتَذْهَبُ فَاطِمَةُ مَعَ اُمِّهَا فِی عُرْسٍ

(۷) تمہارا باغ اس سال خوب پھلے گا۔

سَتُثْمِرُ حَدِیْقَتُکُمْ جَیِّدًا فِی هٰذِهِ السَّنَةِ

(۸) ہم اگلے سال اپنے باغ میں آم کے درخت لگائیں گے۔

سَوْفَ نَغْرِسُ فِی بُسْتَانِنَا اَشْجَارَ الْمَانْجُوْ فِی الْعَامِ الْآتِی

(۹) تمہاری محنت ضائع جائے گی۔

سَیَذْهَبُ سَعْیُکُمْ عَبَثًا

(۱۰) تم لوگ اپنی محنت کا صلہ پاؤ گے۔

سَتَنَالُوْنَ جَزَاءَ جُهْدِکُمْ

(۱۱) آج ٹرین ایک گھنٹہ لیٹ آئے گی۔

اَلْیَوْمَ یَتَأَخَّرُ الْقِطَارُ سَاعَةً

(۱۲) آپ لوگ ریل کے وقت سے پہلے پہنچیں گے۔

سَتَبْلُغُوْنَ قَبْلَ وَقْتِ الْقِطَارِ

(۱۳) اس سال گرمی سخت پڑے گی۔

سَیَشْتَدُّ الْحَرُّ فِی هٰذَا الْعَامِ

(۱۴) تو اپنے والد کے ساتھ خانہ کعبہ کی زیارت کریگی۔

سَوْفَ تَزُوْرِيْنَ الْكَعْبَةَ مَعَ اَبِيْكِ

(۱۵) یہ لوگ زیادتیوں سے باز نہیں آئیں گے۔

لَا يَنْتَهِيْ هٰؤُلَاءِ النَّاسُ عَنْ عَادَاتِهِمْ

(۱۶) اللہ مشرکین کو معاف نہیں فرمائے گا۔

لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ لِلْمُشْرِكِيْنَ

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ (۳)

نواں سبق (۳)

اردو میں کچھ افعال ایسے آتے ہیں جن میں استمرار کے معنی پائے جاتے ہیں۔ جیسے میں آرہا ہوں۔ محمود بازار جارہا ہے، حامد سو رہا ہے وغیرہ۔ مگر عربی زبان میں اس کے لئے کوئی مستقل فعل نہیں آتا۔ اس لئے کبھی اس کا ترجمہ فعل مضارع سے کرتے ہیں اور کبھی اسم فاعل سے، ذیل کے جملوں کی عربی دیکھو۔

(۱) محمود بازار جارہا ہے۔

يَذْهَبُ مَحْمُوْدٌ اِلَى السُّوْقِ یا مَحْمُوْدٌ ذَاهِبٌ اِلَى السُّوْقِ

(۲) بادل برس رہا ہے۔ تُمْطِرُ السَّمَآءُ یا اَلسَّمَآءُ مُمْطِرَةٌ

(۳) بچہ سو رہا ہے۔ اَلطِّفْلُ نَائِمٌ

(۴) فاطمہ سبق یاد کر رہی ہے۔ تَحْفَظُ فَاطِمَةُ الدَّرْسَ

ذیل میں اردو کے ایسے ہی جملے لکھے جاتے ہیں۔ ان کا ترجمہ تم فعل مضارع ہی سے کرو۔

اَلتَّمرِینُ (۵۴) مشق نمبر (۵۴)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) میں اپنے والد کو خط لکھ رہا ہوں۔

اَکْتُبُ رِسَالَةً اِلٰی اَبِیْ

(۲) فاطمہ اپنی گڑیا سے کھیل رہی ہے۔

تَلْعَبُ فَاطِمَةُ بِلُعْبَتِهَا

(۳) یہ لڑکیاں پھول جمع کر رہی ہیں۔

هٰؤُلَآءِ الْبَنَاتُ يَجْمَعْنَ الْاَزْهَارَ

(۴) میری ماں میرے لئے کھانا پکا رہی ہے۔

تَطْبُخُ اُمِّی طَعَامًا لِّیْ

(۵) محمود اپنا سبق یاد کر رہا ہے۔

يَحْفَظُ مَحْمُوْدٌ دَرْسَهٗ

(۶) یہ لڑکے اپنے اسکول جا رہے ہیں۔

هٰؤُلَآءِ الْاَوْلَادُ يَذْهَبُوْنَ اِلٰی مَدْرَسَتِهِمْ

(۷) دونوں مزدور کنواں کھود رہے ہیں۔

اَلْعَامِلَانِ يَحْفِرَانِ الْبِئْرَ

(۸) یہ بڑھئی کرسیاں بنا رہا ہے۔

هٰذَا النَّجَّارُ يَصْنَعُ الْكَرَاسِيَّ

(۹) حامد عربی زبان میں تقریر کر رہا ہے۔

يَخْطُبُ حَامِدٌ فِی اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ

(۱۰) عائشہ قرآن مجید کی تلاوت کر رہی ہے۔

عَائِشَةُ تَتْلُو الْقُرْآنَ الْمَجِيْدَ

(۱۱) بوڑھی خادمہ صحن میں جھاڑو دے رہی ہے۔
تَكْنِسُ الْخَادِمَةُ الْعَجُوْزُ فِي السَّاحَةِ

(۱۲) محمود کا خادم گائے دوہ رہا ہے۔
يَحْلُبُ خَادِمُ مَحْمُوْدٍ نِ الْبَقَرَةَ

(۱۳) تم دونوں روٹیاں پکا رہی ہو۔
تَطْبَخَانِ الرَّغِيْفَ

(۱۴) تم مجھ سے ایک معمولی بات پر جھگڑ رہی ہو۔
تُخَاصِمِيْنَنِيْ فِيْ مَسْئَلَةٍ طَبِيْعِيَّةٍ

(۱۵) یہ لاری اسٹیشن جا رہی ہے۔
تَذْهَبُ هٰذِهِ الْحَافِلَةُ اِلَى الْمُحَطَّةِ

(۱۶) چرواہے گا رہے ہیں اور خوش ہو رہے ہیں۔
الرُّعَاةُ يُغَنُّوْنَ وَيَفْرَحُوْنَ

اَلدَّرْسُ الْعَاشِرُ

(دسواں سبق)

(فعل مجہول نائب فاعل)

صرف ونحو کی کتابوں میں تم نے فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریف تم نے پڑھی ہوگی "جس فعل کا فاعل معلوم ہو اس کو فعل معروف کہتے ہیں، اور جس فعل کا فاعل معلوم نہ ہو اس کو فعل مجہول کہتے ہیں۔ اب تک جملہ فعلیہ کی جتنی مشقیں گزری ہیں وہ

سب فعل معروف کی مشقیں تھیں۔ اب چند مشقیں فعل مجہول کی لکھی جاتی ہیں اس سلسلہ میں حسب ذیل باتیں یاد رکھو۔

(۱) فعل مجہول میں فاعل نہیں ہوتا۔ مگر اس کی جگہ مفعول بہ اس کا قائم مقام ہوتا ہے جو نائب فاعل کہلاتا ہے۔

(۲) نائب فاعل بھی ہمیشہ اسم ہی ہوتا ہے اور مرفوع ہوتا ہے۔

(۳) فعل مجہول کی تذکیر و تانیث اور جمع و تثنیہ کے لئے نائب فاعل کا لحاظ کیا جائیگا جس طرح فعل معروف فاعل حقیقی کا لحاظ کیا جاتا ہے۔

ذیل میں ماضی مجہول اور مضارع مجہول کی گردانیں لکھی جاتی ہیں ان کے بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ:۔

(۱) ماضی معروف کے پہلے حرف کو ضمہ اور آخری حرف سے پہلے حرف کو کسرہ دیکر ماضی مجہول بنا لیتے ہیں۔ جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ حَامِدًا سے ضُرِبَ حَامِدٌ وغیرہ یہ ثلاثی مجرد کا قاعدہ ہے۔ ثلاثی مزید اور رباعی مزید فیہ کے ماضی میں آخر سے پہلے حرف کو کسرہ اور باقی متحرک حروف کو ضمہ دیا جاتا ہے البتہ ماضی کا آخری حرف ہر حال میں مفتوح ہوتا ہے۔

(۲) اور مضارع معروف کے پہلے حرف کو ضمہ اور آخر سے پہلے حرف کو فتحہ دینے سے مضارع مجہول بن جاتا ہے جیسے یَضْرِبُ زَیْدٌ حَامِدًا سے یُضْرَبُ حَامِدٌ وغیرہ۔

ماضی	مذکر	ضُرِبَ	ضُرِبَا	ضُرِبُوْا	ضُرِبْتَ	ضُرِبْتُمَا	ضُرِبْتُمْ	ضُرِبْتُ
مجہول	مؤنث	ضُرِبَتْ	ضُرِبَتَا	ضُرِبْنَ	ضُرِبْتِ	ضُرِبْتُمَا	ضُرِبْتُنَّ	ضُرِبْنَا
مضارع مذکر	يُضْرَبُ، يُضْرَبَانِ، يُضْرَبُوْنَ	تُضْرَبُ، تُضْرَبَانِ، تُضْرَبُوْنَ	اُضْرَبُ					
مجہول مؤنث	تُضْرَبُ، تُضْرَبَانِ، يُضْرَبْنَ	تُضْرَبِيْنَ، تُضْرَبَانِ تُضْرَبْنَ	تُضْرَبُ					

فائدہ: فعل لازم سے فعل مجہول نہیں بنتا کیونکہ فعل لازم کا مفعول بہ نہیں آتا۔ جو فاعل کا قائم مقام بن سکے۔ ہاں البتہ ایسے افعال جو ب داخل کر کے متعدی بنا لئے جاتے ہیں تو ان کا فعل مجہول بھی اسی طرح آئے گا جیسے ذَهَبَ بِهِ زَيْدٌ (زید اس کو لے گیا) سے ذُهِبَ بِهٖ وہ لے جایا گیا۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۵۵) مشق نمبر (۵۵)

(ماضی مجہول)

اردو میں ترجمہ کرو۔

(۱) سُرِرْتُ بِنَجَاحِكَ فِي الْاِمْتِحَانِ

میں امتحان میں تیری کامیابی پر خوش ہوا۔

(۲) حُصِدَ الزَّرْعُ فِي اَوَائِلِ الرَّبِيْعِ

موسم بہار کے شروع کے دنوں میں فصل کاٹی گئی۔

(۳) جُرِحَ اِبْنَا مَحْمُوْدٍ وَحُمِلَا اِلَى الْمُسْتَشْفٰى

محمود کے دونوں بیٹے زخمی ہو گئے اور ہسپتال لے جائے گئے۔

(۴) حُرِّمَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ اَكْلُ الرِّبٰوا وَ مُنِعُوْا عَنِ الْاِرْتِشَاءِ

مسلمانوں پر سود کھانا حرام کر دیا گیا اور ان کو رشوت لینے سے روک دیا گیا۔

(۵) اُمِرَتْ نِسَآءُ الْمُسْلِمِيْنَ بِالْحِجَابِ وَحُظِرْنَ مِنَ السُّفُوْرِ

مسلمان کی عورتوں کو پردہ کرنے کا حکم کیا گیا اور بے پردہ رہنے سے منع کر دیا گیا۔

(۶) قُطِعَتْ يَدُ السَّارِقِ جَزَاءً بِمَا سَرَقَ

چور کا ہاتھ اس چیز کے بدلے میں کاٹا گیا جو اس نے چوری کی۔

(۷) بُعِثَ مُوْسٰى اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَائِهٖ

موسیٰ فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف بھیجے گئے۔

(۸) زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْءُ عَمَلِهٖ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ

فرعون کے واسطے اس کے برے اعمال مزین کئے گئے اور سیدھے راستے سے روک دیا گیا۔

(۹) وَمَا اُمِرُوْا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ

اور نہیں حکم دیئے گئے وہ مگر یہ کہ وہ اللہ کی عبادت کریں۔

(۱۰) وَمَا اُوْتِيْتُمْ مِنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلاً

اور نہیں دیئے گئے ہو تم علم سے مگر تھوڑا سا حصہ۔

(۱۱) قُبِضَ عَلٰى لِصَّيْنِ وَسِيْقَ بِهِمَا اِلٰى مَحَلِّ الشُّرْطَةِ۔

دو چور پکڑے گئے اور دونوں تھانے میں لے جائے گئے۔

(۱۲) بُهِتَ الْكَاذِبُوْنَ حِيْنَ سُئِلُوْا

جھوٹے لوگ خاموش رہ گئے جب ان سے سوال کئے گئے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۵۶) مشق نمبر (۵۶)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) حضرت عمر فاروقؓ ایک مجوسی غلام کے ہاتھوں شہید کئے گئے۔

اُسْتُشْهِدَ عُمَرُ الْفَارُوْقُ بِيَدِ غُلَامٍ مَجُوْسِيٍّ

(۲) حضرت عمرؓ کے بعد حضرت عثمانؓ خلیفہ مقرر کئے گئے۔

اُسْتُخْلِفَ عُثْمَانُ بَعْدَ عُمَرَ

(۳) غزوۂ بدر میں قریش کے بڑے بڑے سردار مارے گئے۔

قُتِلَ الرُّؤَسَاءُ الْكِبَارُ مِنْ قُرَيْشٍ فِيْ غَزْوَةِ الْبَدْرِ

(۴) ہجرت سے پہلے مسلمانوں پر بہت ظلم کیا گیا اور وہ اپنے گھروں سے نکالے گئے۔

ظُلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ قَبْلَ الْهِجْرَةِ ظُلْمًا شَدِيْدًا وَ اُخْرِجُوْ عَنْ دِيَارِهِمْ

(۵) فتح مکہ کے دن تمام قریش معاف کر دیئے گئے۔

عُفِيَ عَنْ كَافَّةِ قُرَيْشٍ يَوْمَ الْفَتْحِ

(۶) خانہ کعبہ کو بتوں سے پاک کیا گیا۔

طُهِّرَ بَيْتُ اللّٰهِ عَنِ الْاَصْنَامِ۔

(۷) ابوبکر صدیقؓ کے زمانہ میں قرآن ایک صحیفہ میں جمع کیا گیا۔

جُمِعَ الْقُرْاٰنُ فِي صَحِيْفَةٍ وَاحِدَةٍ فِي عَهْدِ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِؓ

(۸) ۳ھ میں شراب حرام کی گئی۔

حُرِّمَتِ الْخَمْرُ فِي الْعَامِ الثَّالِثِ مِنَ الْهِجْرَةِ

(۹) غزوۂ احد میں حضرت حمزہؓ شہید کیے گئے۔

اُسْتُشْهِدَ حَمْزَةُ فِي غَزْوَةِ اُحُدٍ

(۱۰) مسلمان عورتیں نوحہ کرنے سے روک دی گئیں۔

مُنِعَتِ النِّسَآءُ الْمُسْلِمَاتُ عَنِ النِّيَاحَةِ

(۱۱) کل رات میری سائیکل چوری ہو گئی اور چور نہ پکڑا گیا۔

سُرِقَتْ دَرَّاجَتِيْ فِي اللَّيْلَةِ الْمَاضِيَةِ وَمَا قُبِضَ عَلَى السَّارِقِ

(۱۲) ان لڑکیوں کو پردہ کا حکم دیا گیا اور بازار جانے سے روک دی گئیں۔

اُمِرَتْ هٰؤُلَآءِ الْبَنَاتُ بِالْحِجَابِ وَ مُنِعْنَ عَنْ ذِهَابٍ اِلَى السُّوْقِ

(۱۳) دونوں قاتلوں کو پھانسی کا حکم دیا گیا اور ان کو پھانسی دی گئی۔

اُمِرَ الْقَاتِلَانِ بِالشَّنْقِ وَشُنِقَا۔

(۱۴) درجہ دوم کے طلبہ بلائے گئے اور سوال پوچھے گئے۔

دُعِيَ طُلَّابُ الصَّفِّ الثَّانِيْ وَسُئِلُوْا

اَلتَّمرِینُ (۵۷) مشق نمبر (۵۷)

مضارع مجہول

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) لَا یُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ مَرَّتَیْنِ

مومن ایک سوراخ سے دومرتبہ نہیں ڈسا جاتا۔

(۲) لَایُدْرَكُ الْمَجْدُ اِلَّا بِتَضْحِیَةٍ

بزرگی قربانی دیئے بغیر حاصل نہیں ہوتی۔

(۳) یُخْتَبَرُ الصَّدِیْقُ عِنْدَ بَلِیَّةٍ

دوست مشکل وقت میں آزمایا جاتا ہے۔

(۴) تُعْرَفُ مَوَاهِبُ الرَّجُلِ بِحُسْنِ اِخْتِیَارِهٖ

آدمی کی قابلیتوں کا علم اس کے حسن اختیار سے ہوتا ہے۔

(۵) تُفْتَحُ الدَّكَاكِیْنُ فِی السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ

دکانیں دس بجے کھولی جاتی ہیں۔

(۶) تُغْلَقُ الْمَدَارِسُ لِعُطْلَةِ الصَّیْفِ فِی مَایُوْ

گرمیوں کی تعطیلات کے واسطے سکول مئی میں بند کئے جاتے ہیں۔

(۷) یُزْرَعُ الْقُمْحُ فِی الْخَرِیْفِ وَیُحْصَدُفِی الرَّبِیْعِ

گندم خزاں کے موسم میں کاشت کی جاتی ہےاورموسم بہار میں کاٹی جاتی ہے۔

(۸) تُصْنَعُ الْاَحْذِیَةُ مِنَ الْجِلْدِ

جوتے چمڑے سے بنائے جاتے ہیں۔

(۹) یُطْحَنُ الْقُمْحُ فِی الرَّحٰی اَوِالطَّاحُوْنِ

گندم چکی میں پیسی جاتی ہے۔

(۱۰) سَتُرْسَلُ الْكُتُبُ بِالطَّيَّارَةِ

عنقریب کتابیں ہوائی جہاز کے ذریعے بھیجی جائیں گی۔

(۱۱) يُكْرَمُ اَبُوْكَ اَيْنَ حَلَّ وَسَارَ

آپ کے والد کی عزت کی جاتی ہے جہاں اُتریں جہاں جائیں۔

(۱۲) يُقَاتِلُوْنَ الْمُجَاهِدُوْنَ فَيَقْتُلُوْنَ وَ يُقْتَلُوْنَ

مجاہد قتال کرتے ہیں پس قتل کرتے ہیں اور شہید کیے جاتے ہیں۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۵۸) مشق نمبر (۵۸)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے۔

تُعْرَفُ الشَّجَرَةُ بِثَمَرِهَا

(۲) انسان اپنی سیرت (کردار) سے جانا جاتا ہے۔

يُعْرَفُ الْاِنْسَانُ بِاَفْعَالِهٖ

(۳) مصر میں روئی کاشت کی جاتی ہے۔

يُزْرَعُ الْقُطْنُ فِي مِصْرَ

(۴) اس کھیت میں سرسوں بوئی جاتی ہے۔

يُزْرَعُ الْخَرْدَلُ فِي هٰذِهِ الْمَزْرَعَةِ

(۵) میرا باغ نہر کے پانی سے سیراب کیا جاتا ہے۔

يُسْقَى الْبُسْتَانُ بِمَاءِ النَّهْرِ

(۶) ہندوستان کے اکثر صوبوں میں روٹی کھائی جاتی ہے۔

يُوْكَلُ الرَّغِيْفُ فِي اَكْثَرِ مُقَاطَعَاتِ الْهِنْدِ

(۷) عربی زبان بہت سے ملکوں میں بولی اور سمجھی جاتی ہے۔

تُكَلَّمُ اللُّغَةُ الْعَرَبِيَّةُ فِي كَثِيْرٍ مِّنَ الْبِلَادِ وَتُفْهَمُ

(۸) بنارس میں ریشمی کپڑے بنے جاتے ہیں۔

يُنْسَجُ ثِيَابُ الْحَرِيْرِ فِي بَنَارِسَ

(۹) الماریاں شیشم اور ساکھو کی بنائی جاتی ہیں۔

تُصْنَعُ الْخِزَانَاتُ مِنَ السَّاسَمِ وَالسَّاجِ

(۱۰) قیامت کے دن ہر شخص کا محاسبہ کیا جائے گا۔

يُحَاسَبُ كُلُّ امْرِئٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

(۱۱) نیکوں کو نیکی کا اور بروں کو ان کی برائی کا بدلہ دیا جائے گا۔

يُجْزَى الصَّالِحُوْنَ بِحَسَنَاتِهِمْ وَالْمُسِيْؤُوْنَ بِسَيِّاٰتِهِمْ

(۱۲) مجرمین کو ان کے جرم کی وجہ سے سزا دی جائیگی۔

يُعَاقَبُ الْمُجْرِمُوْنَ بِجُرْمِهِمْ

(۱۳) ہمارے مدرسے میں عنقریب ایک جلسہ منعقد کیا جائے گا۔

سَوْفَ تُنْعَقَدُ حَفْلَةٌ فِي مَدْرَسَتِنَا

(۱۴) پاس ہونے والے طلباء کے درمیان انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

تُوَزَّعُ الْجَوَائِزُ بَيْنَ الطُّلَّابِ الْفَائِزِيْنَ

اَلدَّرْسُ الْحَادِيْ عَشَرَ (۱)

(گیارہواں سبق) (۱)

(ماضی بعید و ماضی استمراری)

فعل ماضی کی دو قسمیں ہیں ماضی بعید اور ماضی استمراری۔

(۱) فعل ماضی کے شروع میں کَانَ بڑھا دینے سے فعل ماضی بعید بن جاتا ہے۔ جیسے ذَهَبَ سے كَانَ ذَهَبَ (وہ گیا تھا) اور ذَهَبُوْا سے كَانُوا ذَهَبُوْا وہ گئے تھے۔

(۲) اسی طرح فعل مضارع کے شروع میں اگر کان بڑھا دیا جائے تو ماضی استمراری بن جاتی ہے۔ جیسے يَذْهَبُ سے كَانَ يَذْهَبُ (وہ جاتا تھا) اور يَذْهَبُوْنَ سے كَانُوْا يَذْهَبُوْنَ (وہ جاتا تھا) اور يَذْهَبُوْنَ سے كَانُوْا يَذْهَبُوْنَ (وہ لوگ جاتے تھے) اور ان کی پوری گردان حسب ذیل طریقے پر آئے گی۔

(۱) فعل ماضی بعید کی گردان

مذکر غائب	كَانَ ذَهَبَ	كَانَا ذَهَبَا	كَانُوْا ذَهَبُوْا
مؤنث غائب	كَانَتْ ذَهَبَتْ	كَانَتَا ذَهَبَتَا	كُنَّ ذَهَبْنَ
مذکر حاضر	كُنْتَ ذَهَبْتَ	كُنْتُمَا ذَهَبْتُمَا	كُنْتُمْ ذَهَبْتُمْ
مؤنث حاضر	كُنْتِ ذَهَبْتِ	كُنْتُمَا ذَهَبْتُمَا	كُنْتُنَّ ذَهَبْتُنَّ
واحد متکلم	كُنْتُ ذَهَبْتُ	جمع متکلم	كُنَّا ذَهَبْنَا

(۴) فعل ماضی استمراری کی گردان

مذکر غائب	كَانَ يَذْهَبُ	كَانَا يَذْهَبَانِ	كَانُوْا يَذْهَبُوْنَ
مؤنث غائب	كَانَتْ تَذْهَبُ	كَانَتَا تَذْهَبَانِ	كُنَّ يَذْهَبْنَ
مذکر حاضر	كُنْتَ تَذْهَبُ	كُنْتُمَا تَذْهَبَانِ	كُنْتُمْ تَذْهَبُوْنَ
مؤنث حاضر	كُنْتِ تَذْهَبِيْنَ	كُنْتُمَا تَذْهَبَانِ	كُنْتُنَّ تَذْهَبْنَ
واحد متکلم	كُنْتُ أَذْهَبُ	جمع متکلم	كُنَّا نَذْهَبُ

فائدہ: ماضی بعید اور ماضی استمراری دونوں میں كَانَ کا فعل ماضی ہی رہے گا۔ جیسا کہ اوپر کے نقشہ سے ظاہر ہے۔

اسی طرح ماضی بعید اور ماضی استمراری اگر مجہول ہوں جب بھی كَانَ اوپر کے نقشہ کے مطابق ہی رہے گا اور تبدیلی صرف بعد والے فعل میں ہوگی جیسے كَانَ كُتِبَ (لکھا گیا تھا) اور كَانَ يُكْتَبُ (لکھا جاتا تھا)

اَلتَّمْرِيْنُ (۵۹) مشق نمبر (۵۹)

(ماضی بعید)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) كُنْتُ تَلَقَّيْتُ كِتَابَكَ مُنْذُ أُسْبُوْعٍ

میں نے آپ کا مکتوب ایک ہفتہ پہلے حاصل کیا۔

(۲) كُنْتُ رَأَيْتُكَ فِي مَدِيْنَةِ بَمْبَائِي

میں نے آپ کو بمبئی کے شہر میں دیکھا تھا۔

(۳) كُنَّا زُرْنَا بَيْتَ اللّٰهِ فِي الْعَامِ الْمَاضِي

ہم نے پچھلے سال اللہ کے گھر کی زیارت کی تھی۔

(۴) كُنْتُمَا جُرِحْتُمَا فِي سَاحَةِ الْحَرْبِ

تم دونوں لڑائی کے میدان میں زخمی کئے گئے تھے۔

(۵) كَانَ قُتِلَ كَثِيْرٌ مِّنَ الْاَعْدَاءِ

دشمنوں میں سے بہت سے قتل کئے گئے تھے۔

(۶) كُنْتُنَّ حَزِنْتُنَّ بِفَقْدِ اَبِيْكُنَّ

تم سب عورتیں اپنے باپ کی موت پر غمزدہ ہوئی تھیں۔

(۷) مَا كُنْتَ عَرَفْتَنِيْ وَلٰكِنِّيْ كُنْتُ عَرَفْتُكَ

آپ نے مجھے نہیں پہچانا تھا مگر میں نے آپ کو پہچان لیا تھا۔

(۸) كُنَّا خَرَجْنَا اِلَى الْغَابَةِ وَصِدْنَا الطُّيُوْرَ

ہم جنگل کی طرف نکلے تھے اور ہم نے پرندے شکار کئے تھے۔

(۹) كُنْتُمْ اُخْرِجْتُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ وَحُرِمْتُمْ مِنْ اَمْوَالِكُمْ

تم اپنے گھروں سے نکالے گئے اور اپنے اموال سے محروم کر دیئے گئے تھے۔

(۱۰) مَا كَانَ عُوْقِبَ اَحَدٌ مِنْ تَلَامِيْذِ الصَّفِّ الْاَوَّلِ

پہلی جماعت کے شاگردوں میں سے کسی کو سزا نہ دی گئی تھی۔

(۱۱) مَا كُنْتُمْ حَفِظْتُمْ دُرُوْسَكُمْ فَضُرِبْتُمْ

تم نے اپنے اسباق یاد نہیں کئے تھے اسی لئے تمہاری پٹائی کی گئی۔

(۱۲) كُنْتُنَّ ذَهَبْتُنَّ اِلَى الْمُصَلّٰى يَوْمَ الْفِطْرِ

تم سب عورتیں عید الفطر کے دن عید گاہ گئی تھیں۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۶۰) مشق نمبر (۶۰)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) میں نے آپ کا مقالہ پڑھا تھا۔

كُنْتُ قَرَأْتُ مَقَالَتَكَ

(۲) پچھلے ہفتے میں نے آپ کو خط لکھا تھا۔

كُنْتُ كَتَبْتُ رِسَالَةً اِلَيْكَ فِي الْاُسْبُوْعِ الْمَاضِي

(۳) تم نے اس سے پہلے تاج محل نہیں دیکھا تھا

مَا كُنْتُمْ شَاهَدْتُمْ "التَّاج مَحَلْ" قَبْلَ هٰذَا

(۴) ہم دونوں چھٹیوں میں گھر نہیں گئے تھے۔

ما كُنَّا ذَهَبْنَا اِلَى الْبَيْتِ فِي التَّعْطِيْلَاتِ

(۵) میں پچھلے سال بھی آپ سے ملا تھا۔

كُنْتُ لَقِيْتُكَ فِي السَّنَةِ الْمَاضِيَةِ اَيْضًا

(۶) آپ دونوں نے مجھ کو نہیں پہچانا تھا۔

مَا كَانَا عَرَفَانِيْ۔

(۷) آپ لوگوں نے میری بڑی عزت فرمائی تھی۔

كُنْتُمْ اَكْرَمْتُمُوْنِيْ اِكْرَامًا

(۸) فاطمہ میرے ساتھ کل بازار گئی تھی۔

كَانَتْ فَاطِمَةُ ذَهَبَتْ مَعِيَ اِلَى السُّوْقِ اَمْسِ

(۹) اس نے اپنے لئے ایک گڑیا خریدی تھی۔

كَانَتْ اِشْتَرَتْ دُمْيَةً لَّهَا

(۱۰) تم عورتوں نے میری تقریر سنی تھی۔

كُنْتُنَّ سَمِعْتُنَّ خِطَابِيْ

(۱۱) میں نے لوگوں کو خیر کی طرف بلایا تھا۔

كُنْتُ دَعَوْتُهُمْ اِلَى الْخَيْرِ

(۱۲) وہ لوگ اذان سے پہلے جاگ گئے تھے۔
كَانُوْا قَدِ انْتَبَهُوْا قَبْلَ الْاَذَانِ
(۱۳) تم لوگ کل کھانے پر مدعو کئے گئے تھے۔
كُنْتُمْ دُعِيْتُمْ لِطَعَامِ اَمْسِ
(۱۴) پارسال عید کی نماز جامع مسجد میں پڑھی گئی تھی۔
كَانَتْ صُلِّيَتْ صَلٰوةُ الْعِيْدِ فِي الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ فِي السَّنَةِ الْمَاضِيَةِ

اَلتَّمْرِيْنُ (۶۱) مشق نمبر (۶۱)

ماضی استمراری

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) كُنْتُ اَسْتَيْقِظُ صَبَاحًا وَاَتْلُو الْقُرْآنَ
میں صبح جاگتا تھا اور قرآن کی تلاوت کرتا تھا۔
(۲) كُنْتُ اَسْمَعُ تَغْرِيْدَ الطُّيُوْرِ عَلَى الْاَغْصَانِ
میں شاخوں پر پرندوں کی چہچہاہٹ سنتا تھا۔
(۳) كَانَ يَسْكُنُ مَعِيَ رَجُلَانِ مِنْ اَهْلِ الْقَرْيَةِ
میرے ساتھ گاؤں کے دو آدمی رہتے تھے۔
(۴) وَكَانَ يَعْمَلَانِ فِي مَعْمَلٍ وَكُنْتُ اَتَعَلَّمُ فِي الْكُلِّيَّةِ
وہ دونوں ایک کارخانے میں کام کرتے تھے اور میں کالج میں تعلیم حاصل کرتا تھا۔
(۵) كَانَ يَحْرُثُ قَرَوِيٌّ اَرْضَهٗ وَيُغَنِّيْ
ایک گاؤں کا رہنے والا اپنے کھیت میں ہل چلاتا تھا اور گانا گاتا تھا۔
(۶) كُنَّا نَخْرُجُ اِلَى الْبُسْتَانِ وَنَنْشَقُ الْهَوَاءَ

ہم باغ کی جانب نکلتے تھے اور ہوا کھاتے تھے۔

(۷) كَانَتْ تَرْقَعُ اُمِّيْ ثِيَابِيْ وَ تَطْبُخُ لِيَ الطَّعَامَ

میری امی میرے کپڑوں کو پیوند لگاتی تھی اور میرے لئے کھانا پکاتی تھی۔

(۸) كَانَتْ تَذْهَبُ اُخْتَايَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ وَتَتَعَلَّمَانِ

میری دو ہمشیرائیں مدرسہ میں جاتیں تھیں اور پڑھتیں تھیں۔

(۹) كَانَتْ تَقْطِفُ الْبَنَاتُ الْاَزْهَارَ وَيَفْرَحْنَ

لڑکیاں پھول توڑتی تھیں اور خوش ہوتی تھیں۔

(۱۰) كُنَّ يَسْمَعْنَ الْخُطْبَةَ مِنْ وَّرَآءِ الْحِجَابِ

وہ سب خواتین پردے کے پیچھے خطاب سنتی تھیں۔

(۱۱) كُنْتِ تَبْكِيْنَ عَلٰى وَلَدِكِ وَ تَذْكُرِيْنَ حِوَارَهٗ

تو اپنے بچے پر روتی تھی اور اس کی گفتگو یاد کرتی تھی۔

(۱۲) كُنْتُنَّ تَحْمِلْنَ الْجِرَارَ وَ تَسْقِيْنَ الْجَرْحٰى

تم سب عورتیں گھڑے اٹھاتی تھیں اور زخمیوں کو پانی پلاتی تھیں

اَلتَّمْرِيْنُ (۶۲)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) میں اس باغ میں ہر روز ٹہلنے آتا تھا۔

كُنْتُ اَجِيْئُ فِيْ هٰذِهِ الْحَدِيْقَةِ كُلَّ يَوْمٍ لِلتَّجَوُّلِ

(۲) اس گھر میں ایک ایرانی تاجر رہتا تھا۔

كَانَ يَسْكُنُ فِيْ هٰذَا الْمَنْزِلِ تَاجِرٌ اِيْرَانِيٌّ

(۳) وہ مجھ سے کبھی عربی اور کبھی فارسی میں باتیں کرتا تھا۔

كَانَ يَتَكَلَّمُ مَعِيَ اَحْيَانًا فِي الْعَرَبِيَّةِ وَاَحْيَانًا فِي الْفَارِسِيَّةِ

(۴) میری بہن مجھ سے بڑی محبت کرتی تھی۔
كَانَتْ اُخْتِيْ تُحِبُّنِيْ جِدًّا

(۵) ہم دونوں ایک ساتھ کھیلا کرتے تھے۔
كُنَّا نُلَاعِبُ

(۶) عہد اسلامی میں چور کا ہاتھ کاٹا جاتا تھا۔
كَانَتْ تُقْطَعُ يَدُ السَّارِقِ فِي عَهْدِ الْاِسْلَامِ

(۷) شراب پینے والوں کو کوڑے لگائے جاتے تھے۔
كَانَ شَارِبُوا الْخَمْرِ يُجْلَدُوْنَ

(۸) کل بڑے زور کی بارش ہو رہی تھی۔
كَانَتِ السَّمَآءُ تُمْطِرُ اَمْسِ مَطَرًا غَزِيْرًا

(۹) فاطمہ قرآن مجید کی تلاوت کر رہی تھی۔
كَانَتْ فَاطِمَةُ تَتْلُو الْقُرآنَ الْمَجِيْدَ

(۱۰) تو مہمانوں کیلئے کھانا پکا رہی تھی۔
كُنْتِ تَطْبَخِيْنَ الطَّعَامَ لِلضُّيُوْفِ

(۱۱) اس کھیت میں کل ایک مور ناچ رہا تھا۔
كَانَ يَرْقُصُ طَاؤُسٌ اَمْسِ فِي هٰذَا الْحَقْلِ

(۱۲) تم دونوں ندی میں تیرنا سیکھ رہے تھے۔
كُنْتُمَا تَتَعَلَّمَانِ السِّبَاحَةَ فِي النَّهْرِ

(۱۳) ہم لوگ آپ کا ایک گھنٹہ سے انتظار کر رہے تھے۔
كُنَّا نَنْتَظِرُكَ مُنْذُ سَاعَةٍ

(۱۴) تم عورتیں قرآن پاک کا درس سن رہی تھیں۔
كُنْتُنَّ تَسْمَعْنَ دَرْسَ الْقُرآنِ

اَلدَّرْسُ الْحَادِیْ عَشَرَ (۲)

بارہواں سبق (۲)

(ماضی استمراری منفی)

ماضی بعید میں چونکہ دونوں فعل ماضی ہی ہوتے ہیں اس لئے شروع میں ما نافیہ بڑھا کر حسب قاعدہ اسے مثبت سے منفی بنا لیتے ہیں۔ جیسے کُنْتُ ذَهَبْتُ سے مَا كُنْتُ ذَهَبْتُ (میں نہیں گیا تھا)

مگر ماضی استمراری میں چونکہ کان فعل ماضی اور بعد کا فعل فعل مضارع ہوتا ہے اس لئے اس کے منفی صیغے بنانے کے دو طریقے ہیں۔

(۱) یہ کہ کَانَ کے شروع میں مَا نافیہ بڑھا دیا جائے جیسے مَا كَانَ يَلْعَبُ (وہ) نہیں کھیلتا تھا۔

(۲) دوسرا طریقہ یہ ہے کہ کَانَ کے بعد دوسرے فعل کے شروع میں لائے نفی لگا دیا جائے جیسے كَانَ لَا يَلْعَبُ (وہ نہیں کھیلتا تھا)

اَلتَّمْرِيْنُ (۶۳) مشق نمبر (۶۳)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) مَا كَانَ يَذْهَبُ مَحْمُوْدٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ

محمود مدرسہ نہ جاتا تھا۔

(۲) كَانَ لَا يَحْفَظُ اِبْنُكَ دَرْسَهٗ

تیرا بیٹا اپنا سبق یاد نہ کرتا تھا۔

(۳) مَا كُنْتُمْ تَلْعَبُوْنَ فِي الْمُبَارَاةِ

تم لوگ میچ نہیں کھیلتے تھے۔

(۴) كُنْتُمْ لَا تُحْسِنُوْنَ السِّبَاحَةَ مِنْ قَبْلُ

تم اس سے قبل اچھا نہیں تیرا کرتے تھے۔

(۵) مَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتَابٍ

تو اس سے قبل کوئی کتاب نہیں پڑھتا تھا۔

(۶) كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُنْكَرٍ فَعَلُوْهُ

وہ لوگ ایک دوسرے کو اس برائی سے نہ روکتے تھے جس کو وہ کرتے تھے۔

(۷) مَا كُنْتِ تَلْعَبِيْنَ مَعَ اَتْرَابِكِ

تو اپنی ہم عمروں کے ساتھ نہیں کھیلتی تھی۔

(۸) كُنْتِ لَا تَقْبَلِيْنَ الْهَدِيَّةَ مِنْ اَحَدٍ

تو کسی سے ہدیہ قبول نہ کرتی تھی۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۶۴) مشق نمبر (۶۴)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) میں بنگلہ زبان نہیں سمجھتا تھا۔

مَا كُنْتُ اَفْهَمُ لُغَةَ بَنْجَلَةَ۔

(۲) وہ سب اردو زبان نہیں جانتے تھے۔

كَانُوْا لَا يَعْلَمُوْنَ لُغَةَ الْاُرْدِيَّةِ

(۳) میں امتحانات میں فیل نہیں ہوا تھا۔

مَا كُنْتُ رَسَبْتُ فِى الْاِمْتِحَانَاتِ

(۴) ہم لوگ کسی پر ظلم نہیں کرتے تھے۔

مَا كُنَّا نَظْلِمُ عَلٰى اَحَدٍ

(۵) تم لوگ میرے ساتھ ٹہلنے نہیں نکلے تھے۔
اَلْغَرَضُ مِنَ التَّعَلُّمِ اَنْ تَكُوْنَ الْاَوْلَادُ ذَا اَخْلَاقٍ نَبِیْلَةٍ

(۵) تم پر واجب ہے کہ اپنے اساتذہ کی عزت کرو۔

یَجِبُ عَلَیْكُمْ اَنْ تُكَرِّمُوْا اَسَاتِذَتَكُمْ

(۶) ہم چاہتے ہیں کہ کل آپ لوگوں کو کھانے پر مدعو کریں۔

نُرِیْدُ اَنْ نَدْعُوَكُمْ غَدًا اِلَى الْمَادُبَةِ

(۷) تم لوگ صبح سویرے اٹھنے کے عادی بنو۔

اِعْتَادُوْا الْاِسْتِیْقَاظَ فِی الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ

(۸) ہم جلدی کر رہے ہیں تا کہ مدرسہ وقت پر پہنچیں۔

نَسْتَعْجِلُ كَیْ نَبْلُغَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ فِی الْمِیْعَادِ

(۹) دھیمی روشنی میں نہ پڑھو تا کہ نگاہ کمزور نہ ہو۔

لَاتَقْرَءُوْا فِي الضَّوْءِ الضَّئِيْلِ كَيْ لَايَضْعَفُ بَصَرُكُمْ

(۱۰) کل ہم لوگ ہوائی اڈہ پر گئے تا کہ ہوائی جہاز کو قریب سے دیکھ سکیں۔

ذَهَبْنَا اَمْسِ اِلَى الْمَطَارِ لِنَزُوْرَ الطَّائِرَةَ عَنْ قَرِيْبٍ

(۱۱) امید کی جاتی ہے کہ اس سال فصل زیادہ اچھی ہوگی۔

يُرْجىٰ اَنْ تَحْسُنَ مَحَاصِيْلُ زِرَاعِيَّةٌ فِي هٰذِهِ السَّنَةِ

(۱۲) تب غلہ سستا ہوگا اور لوگ پریشانیوں سے نجات پائیں گے۔

اِذَنْ تَرْخُصُ الْغَلَّةُ وَيَنْجُوا النَّاسُ مِنَ الْبُؤْسَاءِ

(۱۳) مہتمم صاحب چاہتے ہیں کہ پاس ہونے والے طلباء کے درمیان انعامات تقسیم کئے جائیں۔

يَوَدُّ الْمُدِيْرُ اَنْ تُوَزَّعَ الْجَوَائِزُ بَيْنَ الطُّلَّابِ النَّاجِحِيْنَ

(۱۴) تب لڑکے پڑھنے میں اور زیادہ محنت کریں گے۔

اِذَنْ يَزِيْدُ الطَّلَبَةُ الْاِجْتِهَادَ فِي التَّعَلُّمِ

اَلتَّمْرِيْنُ (۹۳) مشق نمبر (۹۳)

(اَنْ مقدرہ، لام تعلیل اور حتیٰ کے بعد)

(۱) خَرَجْتُ اِلَى الْبَسَاتِيْنَ لِاُرَوِّحَ نَفْسِيْ

میں اپنے دل (جی) کو تسکین بخشنے کے لئے باغ کی طرف نکلا۔

(۲) عَلَيْكُمْ اَنْ تَدَاوَمُوْا عَلَى الْعَمَلِ لِتَبْلُغُوْا مَرَامَكُمْ

تم پر ضروری ہے کہ کام پر ہیشگی اپناؤ تا کہ اپنے مقصد کو حاصل کرلو۔

(۳) لَاتَأْكُلَنَّ الطَّعَامَ حَتّٰى تَجُوْعَ

تو ہرگز کھانا کھا جب تک کہ تجھے بھوک نہ لگی ہو۔

(۴) وَلَا تَبْلَعْ لُقْمَةً حَتّٰى تُجِيْدَ مَضْغَهَا

اور تو لقمہ کو مت نگل یہاں تک کہ تو اس کو اچھی طرح چبالے۔

(۵) لَاتَدْخُلِ الصَّفَّ حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكَ

جماعت میں داخل نہ ہو جب تک تجھے اجازت نہ دیدی جائے۔

(۶) اَلْوِلْدَانُ لَايُمْدَحُوْنَ حَتّٰى يَنَالُوْا رِضَالْوَالِدَيْنِ

لڑکے جب تک ماں باپ کو راضی نہ کریں وہ قابل تعریف نہیں ہیں۔

(۷) وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصَارٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ

اور ہرگز تجھ سے راضی نہ ہوں گے یہود ونصاریٰ یہاں تک کہ تو ان کے دین کی پیروی کرے۔

(۸) لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ

تم ہرگز بھلائی کو نہیں پاسکو گے جب تک تم خرچ نہ کرڈالو اس سے جو تم محبوب رکھتے ہو۔

(۹) مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ

نہیں پیدا کیا میں نے جنوں اور انسانوں کو مگر اس لئے کہ وہ میری عبادت کریں۔

(۱۰) وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ

اور ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اس لئے کہ اس کی فرمانبرداری کی جائے اللہ کے حکم سے۔

(۱۱) بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ مَكَارِمَ الْاَخْلَاقِ

میں رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں تا کہ اعلیٰ اخلاق کی تکمیل کروں۔

(۱۲) اِسْتَيْقِظُوْا صَبَاحًا لِتَنْشَطُوْا فِيْ اَعْمَالِكُمْ

صبح کے وقت جاگو تا کہ اپنے کاموں میں چاک و چوبند رہو۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۹۴) مشق نمبر (۹۴)

(۱) محمود بازار گیا تا کہ گھر کے لئے ضروری سامان خریدے۔

ذَهَبَ مَحْمُوْدٌ اِلَى السُّوقِ لِيَشْتَرِىَ حَوَائِجَ الْبَيْتِ

(۲) کسان اپنے کھیت کی طرف ہل لے کر نکلا تا کہ اسے جوتے۔

خَرَجَ الْفَلاَّحُ اِلَى حَقْلِهٖ بِالْمِحْرَاثِ لِيَحْرُثَهٗ

(۳) میرے والد نے مجھے ایک انعام دیا تا کہ میری ہمت افزائی کریں۔

اَعْطَانِىْ اَبِىْ جَائِزَةً لِيُحَفِّزَنِىْ

(۴) محنتی طلبہ کے درمیان انعامات تقسیم کیے جاتے ہیں تا کہ وہ محنت کریں۔

تُوَزَّعُ الْجَوَائِزُ بَيْنَ الطَّلَبَةِ الْمُجْتَهِدِيْنَ لِيَبْذُلُوْا جُهُوْدَهُمْ

(۵) میرے والدین حجاز کا سفر کر رہے ہیں تا کہ خانہ کعبہ کا حج کریں۔

يُسَافِرُ وَالِدَاىَ اِلَى الْحِجَازِ لِيَحُجَّا الْكَعْبَةَ

(۶) یہ طلبہ مصر بھیجے جا رہے ہیں تا کہ وہاں اعلیٰ تعلیم پائیں۔

هٰؤُلاَءِ الطَّلَبَةُ يُبْعَثُوْنَ اِلٰى مِصْرَ لِيَتَلَقَّوُا الدِّرَاسَاتِ الْعُلْيَا هُنَاكَ

(۷) اللہ نے انبیاء اور رسول بھیجے تا کہ لوگ ان سے ہدایت پائیں۔

اَرْسَلَ اللّٰهُ الْاَنْبِيَاءَ وَالرُّسُلَ لِيَهْتَدِىَ النَّاسُ بِهِمْ

(۸) تم لوگ اپنے کمروں سے نہ نکلو یہاں تک کہ میں تم کو اجازت دوں۔

لَاتَخْرُجُوْا مِنْ غُرُفَاتِكُمْ حَتّٰى اٰذِنَ لَكُمْ

(۹) تم لوگ جلدی نہ کرو یہاں تک کہ کام ختم کرلو۔

لَا تُسْرِعُوْا حَتّٰى تُنْهُوا الْعَمَلَ

(۱۰) انسان فلاح نہیں پائے گا یہاں تک اپنے رب کی خوشنودی حاصل کرے۔

لَا يُفْلِحُ الْاِنْسَانُ حَتّٰى يَنَالَ رِضَا رَبِّهٖ

(۱۱) لوگوں کے اخلاق درست نہ ہوں گے جب تک کہ وہ دین حق کی پیروی نہ کریں۔

لَا تَصْلُحُ اَخْلَاقُ النَّاسِ حَتّٰى يَتَّبِعُوْا دِيْنَ الْحَقِّ

(۱۲) تو اپنے مقصد میں ہرگز کامیاب نہیں ہوگا جب تک کہ واقعی محنت نہ کرے۔

لَنْ تَفُوْزَ فِي مَقْصَدِكَ حَتّٰى تَجْتَهِدَ حَقًّا

(۱۳) میں آج ہرگز نہیں سوؤں گا یہاں تک کہ اپنا سبق یاد کرلو۔

لَنْ اَنَامَ الْيَوْمَ حَتّٰى اَحْفَظَ دَرْسِيْ۔

(۱۴) یہ لوگ جرائم سے کبھی ہرگز باز نہ آئیں گے یہاں تک کہ اس کو سزا ہو۔

هٰؤُلَآءِ لَنْ يَمْتَنِعُوْا عَنْ جَرَائِهِمْ حَتّٰى يُعَاقَبُوْا

اَلتَّمْرِيْنُ (۹۵) مشق نمبر (۹۵)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) اللہ اپنے بندوں سے ضرور محاسبہ کرے گا۔

لَيُحَاسِبَنَّ اللّٰهُ عِبَادَهٗ

(۲) تا کہ ہر ایک کو اس کے عمل کا بدلہ دے۔

لِيُجَازِيَ كُلَّ وَاحِدٍ بِعَمَلِهٖ

(۳) ہم لوگ پڑھنے میں ضرور محنت کریں گے تا کہ امتحان میں کامیاب ہوں۔

لَنَجْتَهِدَنَّ فِي التَّعَلُّمِ كَيْ نَفُوْزَ فِي الْاِخْتِبَارِ

(۴) ہم لوگ اپنے رب کی ہرگز نافرمانی نہیں کریں گے۔

لَنْ نَعْصِيَ رَبَّنَا

(۵) تب اللہ تم سے راضی ہوگا اور تم کو نیک بدلہ دے گا۔

اِذَنْ يَرْضَى اللّٰهُ عَنْكُمْ وَيُجْزِيَكُمْ اَحْسَنَ الْجَزَآءِ

(۶) میں چاہتا ہوں کہ تم کو کوئی قیمتی انعام دوں۔
اُرِيْدُ اَنْ اُعْطِيَكَ جَائِزَةً

(۷) تب میں بہت خوش ہوں گا اور پڑھنے میں ضرور محنت کروں گا۔
اِذَنْ اَفْرَحَ جِدًّا وَلَاَجْتَهِدَنَّ فِي التَّعَلُّمِ

(۸) کسی آدمی کی ہرگز مدح سرائی نہ کرو جب تک کہ اس کا تجربہ نہ کرلو۔
لَاتَمْدَحُنَّ اَحَدًا حَتّٰى تُجَرِّبُوْهُ

(۹) صفائی پسندیدہ چیز ہے۔
اَلنَّظَافَةُ شَيْءٌ مَحْبُوْبٌ

(۱۰) کھانے سے پہلے ہاتھ دھولو۔
اِغْسِلُوْا اَيْدِيَكُمْ قَبْلَ الطَّعَامِ

(۱۱) ہر روز صبح کو ضرور مسواک کیا کرو۔
اِسْتَاكُنَّ كُلَّ صَبَاحٍ

(۱۲) سونے سے پہلے کلی کرلیا کرو تا کہ دانتوں میں کچھ باقی نہ رہے۔
مَضْمَضُوْا قَبْلَ النَّوْمِ كَيْ لَايَبْقٰى شَيْءٌ بَيْنَ الْاَسْنَانِ

(۱۳) بہت سونا کاہلی کی علامت ہے۔
كَثْرَةُ النَّوْمِ عَلَامَةُ الْكَسْلِ

(۱۴) کسی کی کوئی چیز ہرگز نہ لو یہاں تک کہ وہ تم کو اس کی اجازت دے۔
لَاتَأْخُذُنَّ شَيْئَ اَحَدٍ حَتّٰى يَأْذِنَ لَكُمْ

(۱۵) صاف ہوا میں ٹہلا کرو۔
تَجَوَّلُوْا فِي الْهَوَاءِ الصَّافِي

(۱۶) نہار منہ ہرگز چائے نہ پیو۔

لَاَشْرَبَنَّ الشَّايَ قَبْلَ الْفُطُوْرِ

اَلتَّمْرِيْنُ (۹۶) مشق نمبر (۹۶)

(۱) فعل امر کے چھ صیغے ایسے لکھو جس میں ایک طالب علم کو مدرسے متعلق کاموں کی ہدایت کرو۔

(۱) عَزِيْزِیْ الطَّالِبُ۔ اِيْنَسْ بِالْمَدْرَسَةِ اَنْسَكَ الْبَيْتَ

(۲) وحَافِظْ عَلٰی مَوَاعِيْدِ الدَّرْسِ

(۳) وَاحْذَرْ تَضِيْعَ اَوْقَاتِكَ فِی اَثْنَاءِ التَّعْلِيْمِ

(۴) واَحْتَفِظْ بِكُتُبِكَ وَاَدَوَاتِكَ الدَّرْسِيَّةِ الْاُخْرٰی

(۵) وتَعَوَّدْ مُطَالَعَةَ الدُّرُوْسِ قَبْلَ قِرَاءَتِهَا وَالْمُذَاكَرَةِ بَعْدَ قِرَاءَتِهَا

(۶) وَاصِلْ فِی اِرْضَاءِ اَبَوَيْكَ وَاَسَاتِذَتِكَ دَائِمًا

فعل نہی کے ایسے چھ جملے لکھو کہ جس میں اپنی ملازمہ کو مطبخ سے متعلق چند باتوں سے منع کرو اور اس کی غرض بتاؤ۔

(۱) اَيَّتُهَا الْخَادِمَةُ لَا تُضَيِّعِیْ شَيْئًا مِنَ الطَّعَامِ وَلَوْ بِفُتَاتِ الْمَائِدَةِ

(۲) وَ لَا تُهَاوِنِیْ فِی رَفْعِ الْاٰنِيَةِ وَ طَيِّ الْمَائِدَةِ بَعْدَ الْفَرَاغِ مِنْ تَنَاوُلِ الطَّعَامِ

(۳) وَلَا تَكْسِلِیْ فِی غَسْلِهَا وَ تَنْظِيْفِهَا اَيْضًا

(۴) وَلَا تَتْرُكِی اٰنِيَةَ الْمَطْبَخِ مَكْشُوْفَةً بِغَيْرِ غِطَاءٍ

(۵) وَلَا تُبْقِی الْمُوْقِدَ مُوْقَدًا بَعْدَ انْطِبَاخِ الطَّعَامِ بِلُوْنِ ضَرُوْرَةٍ۔

(۶) لَا تُلْقِی الْغُسَالَةَ وَالْقُمَامَةَ قَرِيْبًا مِنَ الْمَطْبَخِ، فَاِنَّ كُلَّ هٰذَا اِقْتِضَاءُ الدِّيَانَةِ وَالطَّبِيْعَةِ وَخِلَافُهٗ فِعْلٌ مُسْتَنْكَرٌ يَاْتِیْ فِی اِثَارِ نُكْرَانِ الْجَمِيْلِ۔

اَلدَّرْسُ السَّابِعُ عَشَرَ (۱)

سترھواں سبق (۱)

(ادوات الاستفہام)

عربی میں استفہام کے لئے متعدد حروف آتے ہیں۔ جن میں سے چند مشہور ہیں۔ ہمزہ، ھَلْ۔ مَنْ، مَا، مَتٰی، اَیْنَ، کَیْفَ، کَمْ، اَیٌّ

(۱) ہمزہ اور ھل سے نفس مضمون جملہ کے متعلق سوال کیا جاتا ہے۔ جیسے اَاَکَلْتَ الطَّعَامَ یا ھَلْ اَکَلْتَ الطَّعَامَ (کیا تو نے کھانا کھایا) اس کا جواب نَعَمْ یا لَا کے ساتھ دیا جائیگا۔

(۲) ہمزہ کبھی دو چیزوں میں ایک کی تعیین کے لئے بھی آتا ہے۔ اَزَیْدٌ جَاءَ اَمْ مَحْمُوْدٌ؟ اس کا جواب تعیین کے ساتھ ہوگا۔

(۳) بقیہ حروف جو حسب ذیل معانی کے لئے آتے ہیں ان کا جواب بھی تعیین ہی کے ساتھ آئے گا۔

(۴) مَنْ (کون) ذوی العقول کے لئے آتا ہے جیسے مَنْ ھٰذَا (یہ کون شخص) ہے۔

(۵) مَا (کیا چیز) غیر ذوی العقول کے لئے آتا ہے جیسے مَا ھٰذَا (یہ کیا چیز ہے)

(۶) مَتٰی (کب) یہ زمانے کے لئے آتا ہے جیسے مَتٰی جِئْتَ؟ (تم کب آئے)

(۷) اَیْنَ (کہاں) یہ مکان اور جگہ کے لئے آتا ہے جیسے اَیْنَ تَذْھَبُ؟ (تم کہاں جاتے ہو)

(۸) کَیْفَ (کیا، کس طرح) حالت و کیفیت کے لئے آتا ہے۔ جیسے کَیْفَ اَنْتُمْ؟ (تم کیسے ہو)۔

(۹) کَمْ (کتنا کے) عدد کے لئے آتا ہے جیسے کَمْ اَخاكَ؟ (تمہارے کتنے (کتنے) بھائی ہیں)

(۱۰) اَیُّ (کون)، (کیا چیز) (کہاں) وغیرہ تمام معانی مذکورہ کے لئے۔

(۱۱) لِمَ (کیوں، کیونکر) یہ ما پر لام داخل کر کے بنایا گیا ہے۔ لِمَ کی طرح اور دوسرے حروف پر بھی حرف جار داخل کر کے اس سے کچھ مختلف معانی پیدا کر لئے جاتے ہیں۔ جیسے لِمَنْ (کس کا، کسی کے لئے وغیرہ) مِنْ اَیْنَ (کہاں سے) اِلٰی اَیْنَ (کدھر، کس طرف، کس جگہ، کہاں تک) حَتّٰی مَتٰی (کب تک) بِکَمْ رُوْبِیَةً (کتنے روپے) فِی کَمْ یَوْمٍ (کتنے دن میں) مُنْذُکَمْ یَوْمٍ (کے دن سے) وغیرہ۔

فائدہ: کَمْ استفہامیہ کے بعد لفظ عموماً مفرد (واحد) اور منصوب ہوتا ہے جیسے کَمْ رُوْبِیَّةً مگر کَمْ پر جب حرف جار داخل ہو جائیں تو وہ اسم مجرور بھی ہوسکتا ہے اور منصوب بھی۔ اوپر کی مثالوں پر غور کریں اَیُّ مضاف ہوتا ہے اس لئے اس کے بعد اسم مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے مجرور ہوتا ہے جسے اَیُّ کِتَابٍ تَقْرَأُ (تو کون سی کتاب پڑھتا ہے)

اَلتَّمْرِیْنُ (۹۷) مشق نمبر (۹۷)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اَیَذْهَبُ مَحْمُوْدٌ اِلٰی جُنَیْنَةِ الْحَیَوَانَاتِ؟

کیا محمود چڑیا گھر جائے گا؟

(۲) هَلْ رَاَیْتَ مَتْحَفَ لَكْنُوْ؟

کیا تو نے لکھنؤ کا عجائب گھر دیکھا؟

(۳) هَل تَسْكُنُ فِي دَارِ الْإِقَامَةِ؟

کیا تو ہوسٹل میں رہتا ہے؟

(۴) أَأَنْتَ قُلْتَ هٰذَا أَمْ أَخُوكَ؟

یہ بات تو نے کہی یا تیرے بھائی نے؟

(۵) أَتَأْكُلُ الْفُطُورَ قَبْلَ السَّابِعَةِ صَبَاحًا؟

کیا تو صبح سات بجے سے پہلے ناشتہ کر لیتا ہے؟

(۶) مَاتَأْكُلُ فِي الْفُطُورِ صَبَاحًا؟

تو صبح ناشتے میں کیا چیز کھاتا ہے۔

(۷) مَنْ كَانَ عِنْدَكَ أَمْسِ؟

کل تیرے پاس کون تھا؟

(۸) مَنْ يَسْكُنُ فِي هٰذِهِ الْغُرْفَةِ؟

اس کمرے میں کون رہتا ہے۔

(۹) مَتٰى تُغْلَقُ مَدْرَسَتُكُمْ لِعُطْلَةِ الصَّيْفِ

تمہارا مدرسہ گرمیوں کی چھٹیوں کے لئے کب بند ہوگا؟

(۱۰) أَيْنَ تَجْتَمِعُونَ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ؟

تم آج رات کہاں اکٹھے ہوں گے؟

(۱۱) فِي أَيِّ صَفٍّ تَقْرَأُ أَنْتَ؟

تو کس جماعت میں پڑھتا ہے؟

(۱۲) كَمْ تِلْمِيذًا يَقْرَأُ فِي صَفِّكَ

تیری جماعت میں کتنے شاگرد پڑھتے ہیں۔

اَلتَّمْرِیْنُ (۹۸) مشق نمبر (۹۸)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) کیا تمہارے والد دہلی جا رہے ہیں۔
اَیَذْھَبُ اَبُوْكَ اِلَی دِھْلِی؟

(۲) کیا تم اس آدمی کو پہچانتے ہو؟
ھَلْ تَعْرِفُ ھٰذَا الرَّجُلَ؟

(۳) کیا تم دونوں درجہ سوم میں پڑھتے ہو؟
اَتَدْرُسَانِ فِی الدَّرَجَةِ الثَّالِثَةِ؟

(۴) کیا خالد شہر میں رہتا ہے یا دار الاقامہ میں؟
اَیَسْکُنُ خَالِدٌ فِی الْبَلَدِ اَمْ فِی دَارِ الْاِقَامَةِ؟

(۵) کیا آپ چاول کھاتے ہیں یا روٹی؟
اَتَاْکُلُ الرُّزَّ اَمِ الرَّغِیْفَ؟

(۶) آپ شام کے کھانے میں کیا کھاتے ہیں؟
مَاذَا تَاْکُلُ فِی الْعَشَآءِ؟

(۷) محمود اپنے والد کو کیا لکھ رہا ہے؟
مَاذَا یَکْتُبُ مَحْمُوْدٌ اِلٰی اَبِیْهِ؟

(۸) زمین اور آسمان کو کس نے پیدا کیا؟
مَنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمَآءَ؟

(۹) آسمان سے بارش کون برساتا ہے؟
مَنْ یُمْطِرُ الْمَطَرَ مِنَ السَّمَآءِ؟

(۱۰) تم دونوں اپنے گھر کب جاؤ گے؟

مَتٰی تَذْهَبَانِ اِلٰی بَيْتِكُمْ

(۱۱) یہ لڑکیاں کہاں پڑھتی ہیں؟

اَيْنَ تَدْرُسُ هٰؤُلَآءِ الْبَنَاتُ؟

(۱۲) تم پہلے گھنٹے میں کون سی کتاب پڑھتے ہو؟

اَىَّ كِتَابٍ تَدْرُسُوْنَ فِي السَّاعَةِ الْاُوْلٰى

(۱۳) تمہارے درجے میں کتنی کتابیں پڑھائی جاتی ہیں؟

كَمْ كِتَابًا يُدَرَّسُ فِي دَرَجَتِكُمْ؟

(۱۴) دارالاقامہ میں کتنے طلبہ رہتے ہیں؟

كَمْ طَالِبًا يَسْكُنُ فِي دَارِ الْاِقَامَةِ؟

اَلتَّمْرِيْنُ (۹۹) مشق نمبر (۹۹)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) كَمْ رَكْعَةً تُصَلِّي فِي الْمَغْرِبِ؟

تو مغرب میں کتنی رکعت پڑھتا ہے؟

(۲) فِي كَمْ دَقِيْقَةً تَقْضِيْ صَلٰوتَكَ؟

کتنے منٹوں میں تو اپنے نماز ادا کرتا ہے؟

(۳) فِي كَمْ يَوْمٍ وَصَلْتَ اِلَى بَمْبَاى؟

کتنے دنوں میں تو بمبئی پہنچا؟

(۴) مُنْذُ كَمْ عَامٍ تَتَعَلَّمُ فِي هٰذِهِ الْمَدْرَسَةِ؟

کتنے سال سے تو اس مدرسے میں پڑھتا ہے؟

(۵) بِكَمْ رُوْبِيَّةً اِشْتَرَيْتَ الْحِذَاءَ؟

کتنے روپے میں تو نے جوتا خریدا؟

(۶) لِمَ ضَرَبْتَ هٰذَا الْوَلَدَ؟

کیوں تو نے اس لڑکے کو مارا؟

(۷) اِلٰى اَيْنَ تَقْصِدُ يَا مَحْمُوْدُ؟

اے محمود تو کس طرح (کہاں) کا ارادہ رکھتا ہے؟

(۸) مِنْ أَيْنَ اِشْتَرَيْتَ هٰذَا الْقَلَمَ؟

کہاں سے تو نے یہ قلم خریدا؟

(۹) بِاَيِّ شَيْئٍ يُقْطَعُ الْخَشَبُ؟

کس چیز کے ساتھ لکڑی کاٹی جاتی ہے؟

(۱۰) مِنْ اَيِّ شَيْئٍ تُصْنَعُ الْاَحْذِيَةُ؟

کس چیز سے جوتے بنائے جاتے ہیں؟

(۱۱) اِلٰى اَيِّ سَاعَةٍ تَرْجِعُ مِنَ السُّوْقِ؟

کتنے بجے تک تو بازار سے واپس آئے گا؟

(۱۲) حَتّٰى مَتٰى اُكَابِدُ تِلْكَ الْمَصَائِبَ؟

کب تک میں یہ مصیبتیں برداشت کرتا رہوں گا؟

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۰۰) مشق نمبر (۱۰۰)

(۱) تمہاری کتاب میں کتنے صفحے ہیں؟

كَمْ صَفْحَةً فِي كِتَابِكَ؟

(۲) اس کتاب میں کتنی مشقیں ہیں؟

كَمْ تَمْرِيْنًا فِي هٰذَا الْكِتَابِ؟

(۳) یہ جہاز کے دن میں جدہ پہنچے گا؟

فِي كَمْ يَوْمٍ تَبْلُغُ هٰذِهِ الطَّيَّارَةُ اِلٰى جَدَّةَ؟

(۴) کے گھنٹے میں تو نے یہ کتاب پڑھی؟

فِی کَمْ سَاعَةٍ قَرَأْتَ هٰذَ الْكِتَابَ؟

(۵) کتنے روپے میں تو نے یہ گھڑی خریدی؟

بِكَمْ رُوْبِيَةٍ اِشْتَرَيْتَ هٰذِهِ السَّاعَةَ

(۶) کتنے دام میں میز بیچو گے؟

بِكَمْ ثَمَنٍ تَبِيْعُ الطَّاوِلَةَ؟

(۷) کاغذ کس چیز سے (کا) بنایا جاتا ہے؟

مِنْ اَیِّ شَیْئٍ يُصْنَعُ الْوَرَقُ

(۸) زمین کس چیز سے جوتی جاتی ہے؟

بِاَیِّ شَیْئٍ تُحْرَثُ الْاَرْضُ

(۹) آپ لوگ اس وقت کہاں جا رہے ہیں۔

اَيْنَ تَذْهَبُوْنَ الْآنَ

(۱۰) یہ گھر کس کا ہے اور اس میں کون رہتا ہے؟

لِمَنْ هٰذَا الْبَيْتُ؟ وَمَنْ يَسْكُنُ فِيْهِ؟

(۱۱) کل مدرسے سے تم دونوں کیوں غیر حاضر رہے؟

لِمَ غِبْتُمَا اَمْسِ مِنَ الْمَدْرَسَةِ؟

(۱۲) آپ لوگ کب تک مصر سے واپس آئیں گے؟

مَتٰى تَرْجِعُوْنَ مِنْ مِصْرَ؟

(۱۳) کے بجے تک میں تمہارا انتظار کروں؟

اِلٰی اَیِّ سَاعَةٍ اَنْتَظِرُكَ؟

(۱۴) کتنے سال سے تم اس گھر میں رہتے ہو؟

مُذْ كَمْ سَنَةٍ تَسْكُنُ فِي هٰذَا الْبَيْتِ؟

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۰۱) مشق نمبر (۱۰۱)

اردو میں ترجمہ کریں

(۱) هَلْ هٰذِهِ الْقَلَنْسُوَةُ سَوْدَاءُ؟ کیا یہ ٹوپی سیاہ ہے؟	(۲) لَا بَلْ هِيَ حَمْرَاءُ نہیں بلکہ یہ سرخ ہے
(۳) هَلْ هٰذَا الْحِذَاءُ حَمْرَاءُ؟ کیا یہ جوتا سرخ ہے؟	(۴) لا بَلْ هُوَ اَسْوَدُ نہیں بلکہ وہ سیاہ ہے۔
(۵) هَلْ هٰذَانِ الْقَمِيْصَانِ اَصْفَرَانِ کہ دو قمیصیں زرد ہیں	(۶) لَابَلْ هُمَا اَبْيَضَانِ نہیں بلکہ وہ سفید ہیں
(۷) هَلْ هٰذَانِ الرَّجُلَانِ اَخَوَانِ؟ کیا یہ دونوں آدمی بھائی ہیں؟	(۸) لَابَلْ هُمَا صَدِيْقَانِ نہیں بلکہ وہ دونوں دوست ہیں
(۹) هَلْ هَاتَانِ الْبَقَرَتَانِ بَيْضَاوَانِ؟ کیا یہ دونوں گائیں سفید ہیں	(۱۰) لَابَلْ هُمَا صَفْرَاوَانِ نہیں بلکہ وہ زرد ہیں
(۱۱) اَهٰذِهِ الْبَقَرَاتُ سُوْدٌ؟ کیا یہ سب گائیں سیاہ ہیں	(۱۲) لَابَلْ هِيَ صُفْرٌ نہیں بلکہ وہ زرد ہیں
(۱۳) اَهٰذَا اِبْنُ عَمِّكَ اَمْ ذَاكَ؟ یہ تیرے چچے کا بیٹا ہے یا وہ؟	(۱۴) نَعَمْ هٰذَا اِبْنُ عَمِّي وَذَاكَ ابْنُ خَالِيْ جی ہاں یہ میرا چچازاد ہے اور وہ میرا ماموں زاد ہے
(۱۵) اَهٰؤُلَاءِ مُسَافِرُوْ مَكَّةَ؟ کیا یہ مکہ کے مسافر ہیں؟	(۱۶) لَابَلْ هُمْ مُمَثِّلُوا الْبِلَادِ الْعَرَبِيَّةِ جَمِيْعِهَا نہیں بلکہ وہ تمام عرب ممالک کے نمائندے ہیں

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۰۲) مشق نمبر (۱۰۲)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) کیا یہ روشنائی سرخ ہے؟ هَلْ هٰذَا الْحِبْرُ اَحْمَرُ؟	(۲) نہیں بلکہ یہ نیلی ہے۔ لَابَلْ هُوَ اَزْرَقُ
(۳) کیا یہ دوپٹہ زرد ہے؟ هَلْ هٰذَا الْخِمَارُ اَصْفَرُ؟	(۴) نہیں بلکہ یہ سبز ہے لَابَلْ هُوَ اَخْضَرُ
(۵) کیا یہ ٹوپیاں سفید ہیں؟ هَلْ هٰذِهِ الْقَلَانِسُ بَيْضَاءُ؟	(۶) نہیں بلکہ یہ نیلی ہیں لَابَلْ هِيَ زَرْقَاءُ
(۷) کیا یہ عمامہ نیلا ہے؟ هَلْ هٰذِهِ الْعِمَامَةُ زَرْقَاءُ؟	(۸) نہیں بلکہ وہ سفید ہے لابل هي بَيْضَاءُ
(۹) کیا یہ دونوں درخت ہرے ہیں؟ هَلْ هٰذَانِ الشَّجَرَانِ اَخْضَرَانِ؟	(۱۰) ہاں وہ دونوں درخت ہرے ہیں نَعَمْ هُمَا اَخْضَرَانِ
(۱۱) کیا محمود کے دونوں بھائی عالم ہیں اَاَخَوَا مَحْمُوْدٍ عَالِمَانِ؟	(۱۲) ہاں وہ دونوں عالم ہیں نَعَمْ هُمَا عَالِمَانِ
(۱۳) کیا یہ لوگ کسی کارخانے کے مزدور ہیں یا کچھ اور؟ اَهٰؤُلَآءِ عُمَّالُ مَصْنِعٍ اَمْ غَيْرُ ذَالِكَ؟	(۱۴) نہیں یہ لوگ کاشتکار ہیں لَابَلْ هُمْ فَلَّاحُوْنَ

اَلدَّرْسُ السَّابِعَ عَشَرَ (۲)

سترھواں سبق (۲)

(استفہام ونفی ایک ساتھ)

پچھلے اسباق میں تمرین کے جملے لکھے گئے ہیں۔ وہ سب ''مثبت استفہام'' پر مشتمل تھے۔اب ہم کچھ جملے منفی استفہام کے لکھتے ہیں۔ذیل کی مثال پڑھو۔

(۱) اَلَيْسَ مَحْمُودٌ خَطِيْبًا (کیا محمود مقرر نہیں ہے۔ بلٰى، هُوَ خَطِيْبٌ بَارِعٌ (کیوں نہیں وہ ایک اچھا مقرر ہے) یا نَعَمْ هُوَ لَيْسَ بِخَطِيْبٍ (ہاں وہ مقرر نہیں ہے)

(۲) اَلَا تُسَافِرُ مَعِيَ (کیا تو میرے ساتھ سفر نہیں کرے گا) بَلٰى، لَأُسَافِرَنَّ مَعَكَ (کیوں نہیں میں آپ کے ساتھ ضرور سفر کروں گا) یا نَعَمْ لَا اُسَافِرُ (ہاں، میں سفر نہیں کرونگا)

(۳) اَلَمْ تَكْتُبْ اِلٰى اَبِيْكَ؟ (کیا تو نے اپنے والد کو خط نہیں لکھا) بَلٰى، قَدْ كَتَبْتُ اِلَيْهِ (کیوں نہیں میں نے انہیں خط لکھا ہے) یا (نَعَمْ مَا كَتَبْتُ اِلَيْهِ مُنْذُ شَهْرٍ) (ہاں میں نے ایک ماہ سے انہیں خط نہیں لکھا ہے)

ان مثالوں میں تم نے مثبت منفی استفہام کا فرق سمجھ لیا ہوگا پھر تم نے یہ بھی سمجھا ہوگا کہ منفی استفہام کا جواب اثبات کی صورت میں بلٰى (ہاں کیوں نہیں) کے ساتھ (اور نفی کی صورت میں نَعَمْ کے ساتھ دیا جاتا ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۰۳) مشق نمبر (۱۰۳)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) اَلَا تَأْكُلُ الْفَوَاكِهَ يَامَحْمُوْدُ؟

محمود کیا تو پھل نہیں کھاتا؟

(۲) بَلٰى اٰكُلُ الْفَوَاكِهَ بِرَغْبَةٍ جِدًّا

کیوں نہیں میں بڑی رغبت سے پھل کھاتا ہوں۔

(۳) اَلَا تُحِبُّ الْاِقَامَةَ عِنْدَنَا يَاخَالِدُ؟

خالد کیا آپ ہمارے ہاں ٹھہرنا پسند کریں گے؟

(۴) بَلٰى، يَا سَيِّدِىْ! وَاَنَا اَسْعَدُ بِالْاِقَامَةِ عِنْدَكُمْ

کیوں نہیں جناب میں تو آپ کے ہاں ٹھہرنے میں سعادت سمجھوں گا۔

(۵) اَلَا تُضِيْعَانِ وَقْتَكُمَا فِى اللَّعِبِ كَثِيْرًا

کیا تم دونوں کھیل میں اپنا زیادہ وقت ضائع نہیں کرتے۔

(۶) نَعَمْ، لَانُضِيْعُ اَوْقَاتَنَا كَثِيْرًا فِى اللَّعِبِ

جی ہاں ہم اپنا زیادہ وقت کھیل میں ضائع نہیں کرتے۔

(۷) اَلَا تَرْضَوْنَ بِحُكْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ؟

کیا تم لوگ رسول کے فیصلے پر راضی نہیں ہوئے؟

(۸) بَلٰى، نَحْنُ رَاضُوْنَ بِحُكْمِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

کیوں نہیں! ہم اللہ اور اس کے رسول کے فیصلے پر راضی ہیں۔

(۹) وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ رَبِّ اَرِنِىْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى؟

اور جب ابراہیمؑ نے کہا اے میرے رب دکھا مجھے تو کیسے زندہ کریگا مردوں کو؟

(۱۰) قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ؟ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِىْ

فرمایا کیا تو ایمان نہیں رکھتا؟ کہا کیوں نہیں لیکن اس لئے کہ میرے دل کو تسکین ہو جائے۔

(۱۱) كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ؟

جب ڈالا جائے گا اس میں ایک گروہ کو تو پوچھیں گے اس سے جہنم کے محافظ کیا نہیں آیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا۔

(۱۲) قَالُوا بَلٰى قَدْ جَاءَنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ

کہیں گے کیوں نہیں بے شک آیا تھا ہمارے پاس ڈرانے والا لیکن ہم نے جھٹلایا اور کہا ہم نے کہ اللہ نے کوئی چیز نہیں اُتاری۔

(۱۳) أَلَمْ تَكُنْ تَحْفَظُ دَرْسَكَ يَا سَعِيدُ

سعید کیا تو اپنا سبق یاد نہیں کرتا؟

(۱۴) نَعَمْ مَا كُنْتُ أَحْفَظُ الدَّرْسَ، فَرَسَبْتُ فِي الْاِمْتِحَانِ

جی ہاں میں سبق یاد نہ کرتا تھا اس لئے امتحان میں فیل ہو گیا۔

(۱۵) أَلَيْسَ اللّٰهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِينَ

کیا اللہ تعالیٰ تمام حاکموں میں سے سب سے بڑا حاکم نہیں ہے؟

(۱۶) بَلٰى وَأَنَا عَلٰى ذَالِكَ مِنَ الشَّاهِدِينَ

کیوں نہیں! اور میں اس پر گواہ ہوں۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۰۴) مشق نمبر (۱۰۴)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) کیا تم ہر روز غسل کرتے ہو؟

أَلَا تَغْتَسِلُ كُلَّ يَوْمٍ؟

(۲) ہاں کیوں نہیں میں ہر روز غسل کرتا ہوں۔

بَلٰى أَغْتَسِلُ كُلَّ يَوْمٍ

(۳) کیا تم لوگ اپنے کپڑے خود سے نہیں دھوتے؟

اَلَا تَغْسِلُوْنَ ثِيَابَكُمْ بِاَنْفُسِكُمْ؟

(۴) نہیں ہم لوگ سب کپڑے خود سے نہیں دھوتے ہیں؟

نَعَمْ لَانَغْسِلُ ثِيَابَنَابِاَيْدِيْنَا بَلْ يَغْسِلُهَا الْقَصَّارُ

(۵) کیا تم دونوں اپنے والدین کا کہنا نہیں مانتے؟

اَلَا تُطِيْعَانِ اَبَوَيْكُمَا؟

(۶) کیوں نہیں، ہم ان کی اطاعت کرتے ہیں۔

بَلٰى، نُطِيْعُهُمَا

(۷) کیا تم لوگ اپنے اساتذہ کا احترام نہیں کرتے؟

اَلَا تُكْرِمُوْنَ اَسَاتِذَتَكُمْ؟

(۸) ہاں کیوں نہیں ہم ان کا یقینی احترام کرتے ہیں

بَلٰى اِنَّالَنُكْرِمُهُمْ

(۹) فاطمہ! کیا تو آج سبق نہیں پڑھے گی؟

يَا فَاطِمَةُ! اَلَا تَقْرَئِيْنَ الْيَوْمَ دَرْسَكِ؟

(۱۰) جی ہاں آج میں اپنا سبق پڑھوں گی۔

نَعَمْ اَلْيَوْمَ اَدْرُسُ دَرْسِيْ

(۱۱) اے عائشہ کیا تو اپنی خالہ کے گھر نہیں جائے گی۔

اَلَا تَذْهَبِيْنَ اِلٰى بَيْتِ خَالَتِكِ يَا عَائِشَةُ

(۱۲) جی ہاں میں چاہتی ہوں کہ اپنی خالہ کے گھر جاؤں گا۔

نَعَمْ اُرِيْدُ اَنْ اَذْهَبَ اِلٰى بَيْتِ خَالَتِيْ

(۱۳) کیا اللہ نیکوکاروں کو ان کی نیکی کا بدلہ نہیں دے گا۔

اَلَا يَجْزِيَ اللّٰهُ الصَّالِحِيْنَ جَزَاءَ حَسَنَاتِهِمْ

8

(۱۴) کیوں نہیں، اللہ ان کے اجر کو ہرگز ضائع نہیں فرمائے گا۔
بَلَى إِنَّ اللّٰهَ لَنْ يُضِيعَ اَجْرَهُمْ

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۰۵) مشق نمبر (۱۰۵)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) کیا تم آج مدرسہ نہیں گئے
اَلَمْ تَذْهَبِ الْيَوْمَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ؟

(۲) ہاں آج میں نے چھٹی لی ہے۔
نَعَمْ حَصَلْتُ الْيَوْمَ رُخْصَةً

(۳) کیا وہ بیمار رات بھر نہیں سویا؟
اَلَمْ يَرْقُدْ ذَالِكَ الْمَرِيْضُ كَامِلَ اللَّيْلِ

(۴) ہاں وہ تکلیف کی زیادتی کی وجہ سے رات بھر نہیں سویا۔
نَعَمْ لَمْ يَرْقُدْ لِشِدَّةِ الْاَلَمِ

(۵) کیا میں نے تم لوگوں کو دوپہر میں نکلنے سے منع نہیں کیا۔
اَلَمْ اَنْهَكُمْ عَنِ الْخُرُوْجِ فِي الظَّهِيْرَةِ

(۶) کیوں نہیں آپ نے واقعی منع فرمایا تھا لیکن اس مرتبہ معاف فرمادیں۔
بَلٰى قَدْ كُنْتَ نَهَيْتَ لٰكِنِ سَامِحْ فِي هٰذِهِ الْمَرَّةِ

(۷) کیا تمہارے والد سفر سے واپس نہیں آئے؟
اَلَمْ يَرْجِعْ اَبُوْكَ مِنَ السَّفَرِ

(۸) جی ہاں اب تک نہیں آئے۔
نَعَمْ لَمْ يَرْجِعْ اِلَى الْآنَ

(۹) کیا آپ کو میرا خط نہیں ملا تھا؟

اَمَا وَصَلَتْكَ رِسَالَتِی

(۱۰) ہاں کیوں نہیں آپ کا خط واقعی ملا تھا۔

بَلٰی! قَدْ کَانَ وَصَلَتْنِیْ رِسَالَتُکَ

(۱۱) کیا تم نے پچھلے سال شام وعراق کا سفر نہیں کیا تھا؟

اَمَا کُنْتَ سَافَرْتَ اِلَی الشَّامِ وَالْعِرَاقِ فِی الْعَامِ الْمَاضِی

(۱۲) ہاں کیوں نہیں، میں نے پورے بلاد عربیہ کی سیاحت کی تھی۔

بَلٰی، کُنْتُ سَافَرْتُ الْبِلَادَ الْعَرَبِیَّةَ بِتَمَامِهَا

(۱۳) کیا تم لوگ علی گڑھ کالج میں نہیں پڑھتے تھے۔

اَمَا کُنْتُمْ تَتَعَلَّمُوْنَ فِی کُلِیَّةِ عَلِی کَرَّہ؟

(۱۴) نہیں، بلکہ ہم لوگ دارالعلوم ندوہ میں پڑھتے تھے۔

لَا بَلْ کُنَّا نَدْرُسُ فِی دَارِ الْعُلُوْمِ نَدْوَةِ الْعُلَمَاءِ

اَلتَّمْرِیْنُ (۱۰۶) مشق نمبر (۱۰۶)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) یہ گھڑی کس کی ہے؟

لِمَنْ هٰذِهِ السَّاعَةُ

(۲) کرسیاں کس چیز کی بنائی جاتی ہیں۔

مِنْ اَیِّ شَیْءٍ تَصْنَعُ الْکَرَاسِیُّ؟

(۳) تم دونوں کے بجے سے میرا انتظار کر رہے تھے۔

مُنْذُ کَمْ سَاعَةٍ کُنْتُمَا تَنْتَظِرَانِنِی

(۴) حضرت حمزہؓ کس غزوہ میں شہید کیے گئے۔

فِی اَیِّ غَزْوَةٍ اُسْتُشْهِدَ حَمْزَةُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(۵) کیا تم درجہ اول میں پڑھتے ہو۔

هَلْ تَدْرُسُوْنَ فِي الدَّرَجَةِ الْاُوْلٰى

(۶) نہیں بلکہ ہم درجہ دوم میں پڑھتے ہیں۔

لَا، بَلْ نحن نَدْرُسَ فِي الدَّرَجَةِ الثَّانِيَةِ

(۷) یہ لوگ کہاں جا رہے ہیں۔

اِلٰى اَيْنَ يَذْهَبُ هٰؤُلَاءِ النَّاسُ

(۸) یہ سب ایک دینی جلسہ میں جا رہے ہیں تا کہ دین کی باتیں سنیں۔

هٰؤُلَآءِ يَذْهَبُوْنَ اِلٰى جَلْسَةٍ دِيْنِيَّةٍ لِيَسْمَعُوْا اَحْكَامَ الدِّيْنِ

(۹) کیا وہ مہمان آج شام تک ضرور چلے جائیں گے۔

هَلْ اُولٰئِكَ الضُّيُوْفُ لَيَذْهَبُنَّ اِلٰى مَسَاءِ الْيَوْمِ

(۱۰) ہاں، وہ لوگ ضرور جائیں گے تا کہ کل صبح گھر پہنچ سکیں۔

نَعَمْ لَيَذْهَبُنَّ لِيَبْلُغُوْا بَيْتَهُمْ فِي الصَّبَاحِ غَدًا

(۱۱) کیا تمہارے والد ابھی تک شفایاب نہیں ہوئے۔

اَمَا شُفِيَ وَالِدُكَ اَلْاٰنَ

(۱۲) نہیں، لیکن میں اللہ سے امید کرتا ہوں کہ جلد ہی شفا بخشے گا۔

لَا لٰكِنْ اَرْجُوْ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى اَنْ يَشْفِيَهُ عَاجِلًا

(۱۳) کیا تمہارا امتحان ابھی ختم نہیں ہوا۔

اَلَمْ يَنْتَهِ اِمْتِحَانُكُمْ اِلَى الْاٰنَ

(۱۴) ہاں، اب تک ہمارا امتحان ختم نہیں ہوا ہے۔

نَعَمْ لَمْ يَنْتَهِ اِمْتِحَانُنَا اِلَى الْاٰنَ

(۱۵) کیا اللہ نے اس بات کا حکم نہیں دیا ہے۔

اَمَا اَمَرَنَا اللّٰہُ

(۱۶) ہم لوگوں کو اچھی باتوں کا حکم دیں اور ان کو برائیوں سے روکیں۔

اَنْ نَّامُرَ النَّاسَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَنْھَاھُمْ عَنِ الْمُنْکَرِ؟

(۱۷) کیوں نہیں، اللہ نے ہم کو اس کا حکم دیا ہے۔

بَلٰی اَمَرَنَا اللّٰہُ بِھٰذَا

(۱۸) اور ہم اس کے حکم کی ضرور پیروی کریں گے یہاں تک کہ اللہ کا کلمہ بلند ہو۔

وَلَنَتَّبِعَنَّ اَمْرَہٗ حَتّٰی تَعْلُوَ کَلِمَۃُ اللّٰہِ

(۱۹) کیا تم لوگ اس بات کو پسند کرتے ہو کہ برائیاں پھیلیں۔

اَتُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِیْعَ الْفَوَاحِشُ

(۲۰) نہیں ہم ہرگز اسے پسند نہیں کریں گے کہ لوگ برائیوں میں مبتلا ہوں۔

لَالَنْ نُحِبَّ بِاَنْ یَقَعَ النَّاسُ فِی الْمُنْکَرَاتِ

اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ عَشَرَ (۱)

اٹھارہواں سبق (۱)

(ادوات الشرط) (حروف شرط)

جملہ شرطیہ دو جملوں سے مل کر پورا ہوتا ہے پہلے کو شرط اور دوسرے کو جزا کہتے ہیں۔ مَنْ یَعْمَلْ سُوْءً ا یُجْزَبِہٖ (جو شخص برائی کرے گا اس کا بدلہ پائے گا)

ادواتِ شرط دو طرح کے ہیں۔ ایک جازمہ دوسرے غیر جازمہ، ادوات جازمہ حسب ذیل ہیں۔

اِنْ، اِذْمَا، مَنْ، مَھْمَا، مَتٰی، اَیَّانَ، اَیْنَ، اَنّٰی، حَیْثُمَا، کَیْفَمَا، اَیٌّ، ان میں سے اِن اور اِذْمَا دونوں حرف ہیں اور باقی سب اسم ہیں۔

(۱) یہ ادوات فعل مضارع پر داخل ہوتے ہیں اور لَمْ اور لام امر کی طرح اسے جزم دیتے ہیں۔ اور اسی طرح نون اعرابی اور آخر سے حرف علت کو گرا دیتے ہیں۔

(۲) دوسرا جملہ (یعنی جزا) بھی اگر فعل مضارع ہو تو اسے بھی جزم دیتے ہیں اوپر مثال میں غور کرو۔

(۳) لیکن دوسرا جملہ اگر فعل مضارع نہ ہو بلکہ اس کے بجائے جملہ اسمیہ ہو یا امر و نہی ہو یا فعل مضارع ہو مگر اس پر لَنْ، قَدْ یا سین، یا سَوْفَ یا مَا نافیہ داخل ہو یا عَسٰی و لَیْسَ کی قسم کے افعال جامد ہوں تو جزا پر ف داخل کرنا ضروری ہے۔

اِنْ اور اِذْمَا (اگر) دونوں ایک ہی معنی میں مستعمل ہوتے ہیں۔ مَنْ (جو، جو شخص، جو کوئی) ذوی العقول کے لئے آتا ہے۔

مَا (جو چیز، جو کچھ) غیر ذوی العقول کے لئے آتا ہے۔

مَهْمَا (جو کچھ، جتنا کچھ، جو کچھ بھی ہو) غیر ذوی العقول کے لئے آتا ہے۔

متٰی (جب، جس وقت) ظرف زماں کے لئے آتا ہے۔

ایَّانَ (جب بھی) ظرف زماں کے لئے آتا ہے۔

ایْنَ (جہاں) ظرف مکاں کے لئے آتا ہے۔

انّٰی (جہاں، جہاں کہیں) ظرف مکان کے لئے آتا ہے۔

حَیْثُمَا اور اسی طرح ایْنَمَا (جہاں کہیں) ظرف مکاں کے لئے آتا ہے۔

کَیْفَمَا (جس طرح، جیسا کچھ) کیفیت و حالت کے لئے آتا ہے۔

اَیٌّ وَ ایَّةٌ (جو، جہاں، جب، جس طرح) تمام معانی مذکورہ کے لئے آتا ہے۔

اَلتَّمْرِیْنُ (۱۰۷) مشق نمبر (۱۰۷)

اردو میں ترجمہ کرو۔

(۱) مَنْ یَّتْعَبْ فِی صِغَرِہٖ یَتَمَتَّعْ فِی کِبَرِہٖ

جو چھوٹی عمر میں محنت کرے گا وہ بڑی عمر میں فائدہ حاصل کرے گا۔

(۲) مَنْ یَتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَہٗ مَخْرَجًا وَیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَایَحْتَسِبُ

جو اللہ سے ڈرے گا اس کے لئے اللہ تعالیٰ ہر مشکل سے نکلنے راستہ بنا دیں گے اور ایسی جگہ سے رزق دیں گے جہاں سے اس کا وہم و گمان بھی نہیں ہو گا۔

(۳) مَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَیْرٍ تَجِدُوْہُ عِنْدَ اللّٰہِ

تم جو بھی بھلائی کا کام کرو گے اس کو اللہ کے ہاں پاؤ گے۔

(۴) مَھْمَا تُنْفِقْ فِی الْخَیْرِ یُخْلِفْہُ اللّٰہُ

تو جو کچھ بھلائی کے کام میں خرچ کرے گا اللہ اس کو بڑھا دے گا۔

(۵) اِنْ تُسَافِرْ تَسْتَفِدْ مِنَ التَّجَارِبِ

اگر تو سفر کرے گا تو تجربات سے فائدہ حاصل کرے گا۔

(۶) اِذْ مَا تَفْعَلْ شَرًّا تَنْدَمْ عَلَيْهِ

اگر تو برائی کرے گا تو اس پر شرمندہ ہوگا۔

(۷) اَیُّ نَفْعٍ تَنْفَعِ النَّاسَ یَحْمَدُوْكَ

تو لوگوں کو جس قسم کا نفع دے گا تیری تعریف کریں گے۔

(۸) مَتٰی یُسَافِرْ اَخِیْ اِلٰی لَكْنَوْ اُسَافِرْ مَعَهٗ

جب میرا بھائی لکھنؤ کی طرف سفر کرے گا تو اس کے ساتھ میں بھی سفر کروں گا۔

(۹) اَیَّانَ تَدْعُنِیْ فِیْ مُلِمَّةٍ اُجِبْكَ

تو جب بھی کسی مشکل میں پکارے گا میں تجھے جواب دوں گا۔

(۱۰) اَیْنَ یَذْهَبْ مَحْمُوْدٌ یَصْحَبْهُ اَخُوْهُ

محمود جہاں بھی جائے گا اس کا بھائی محمود اس کے ساتھ ساتھ ہوگا۔

(۱۱) اَیْنَمَا تَكُوْنُوْا یُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ

تم جہاں کہیں بھی ہوگے تمہیں موت پالے گی۔

(۱۲) اَنّٰی یَرْحَلْ ذُو الْعِلْمِ یُكْرَمْ

علم والا جہاں بھی چلا جائے اس کی عزت کی جائے گی۔

(۱۳) حَیْثُمَا یَنْزِلْ اَبُوْكَ یَلْقَ الْحَفَاوَةَ وَالْاِكْرَامَ

تمہارے ابا جان جہاں کہیں اتریں گے اعزاز و اکرام پائیں گے۔

(۱۴) كَیْفَمَا تُعَامِلْ اِخْوَانَكَ یُعَامِلُوْكَ

تم اپنے بھائیوں سے جس طرح کا معاملہ کروگے وہ بھی تم سے ویسا کریں گے۔

(۱۵) اِنْ تَفْتَحْ نَوَافِذَ الْحُجْرَةِ یَتَجَدَّدْ هَوَاءُ هَا۔

اگر تم کمرے کی کھڑکیاں کھول دوگے تو ان سے تازہ ہوا آئے گی۔

(۱۶) . وَمَهْمَا تَكُنْ عِنْدَ امْرِءٍ مِنْ خَلِیْقَةٍ، وَاِنْ خَالَهَا تَخْفٰی عَلَی النَّاسِ

تُعْلَم

آدمی کی جیسی کچھ طبیعت ہوگی ظاہر ہو کر رہے گی اگر وہ اس گمان میں رہے کہ لوگوں پر مخفی رہے گی۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۰۸) مشق نمبر (۱۰۸)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) اگر پڑھنے میں محنت کرو گے تو کامیاب ہو گے۔

اِنْ تَجْتَهِدُوْا فِي التَّعَلُّمِ تَنْجَحُوْا

(۲) اگر بروں کے ساتھ رہو گے تو تمہارے اخلاق بگڑ جائیں۔

اِنْ تَصْحَبِ الْاَشْرَارَ تَفْسُدْ اَخْلَاقُكَ

(۳) جو لوگوں کے ساتھ بھلائی کرتا ہے لوگ اس سے محبت کرتے ہیں۔

مَنْ يُحْسِنْ اِلَى النَّاسِ يُحِبُّوْهُ

(۴) جو بڑوں کی نصیحت پر عمل کرتا ہے وہ فائدہ اٹھاتا ہے۔

مَنْ يَعْمَلْ بِنَصِيْحَةِ الْاَكَابِرِ يَتَمَتَّعْ

(۵) جو نیکی یا برائی کرو گے اس کا بدلہ پاؤ گے۔

مَاتَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ اَوْشَرٍّ تُجْزَبِهٖ

(۶) جو کچھ نیکی کرو گے اس کا فائدہ تمہاری طرف لوٹے گا۔

مَاتَعْمَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَعُدْ نَفْعُهٗ اِلَيْكُمْ

(۷) چاہے وہ کتنا ہی تیز دوڑے مجھے نہیں پاسکتا۔

مَهْمَا يَجْرِ مُسْرِعًا لَا يُدْرِكْنِىْ

(۸) جب گرمی آئے گی امراء شملہ کا سفر کریں گے۔

مَتٰى يَحُلُّ الصَّيْفُ يُسَافِرِ الْاَغْنِيَاءُ اِلٰى شَمْلَةَ

(۹) جب کبھی آپ دلی جائیں میں آپ کے ساتھ ہوں گا۔
اَیَّانَ تَذْهَبُوْا اِلَی دِهْلِی اَصْحَبْکُمْ

(۱۰) جہاں کہیں رہو اللہ تمہیں رزق دے گا۔
اَیْنَمَا تُقِیْمُوْا یَرْزُقْکُمُ اللّٰهُ

(۱۲) جہاں کہیں جاؤ قدرت کی کاریگری نظر آئے گی۔
اَنّٰی تَذْهَبُوْا تَنْظُرُوْا صُنْعَةَ اللّٰهِ

(۱۳) جیسے کچھ تمہارے اخلاق ہوں گے لوگ اس کو جان جائیں گے۔
مَهْمَا تَکُنْ اَخْلَاقُکُمْ یَعْلَمْهَا النَّاسُ

(۱۴) جو بیج زمین میں ڈالو گے وہی اُگے گا۔
اَیَّ بَذْرٍ تَبْذُرْ فِی الْاَرْضِ یَنْبُتْ

(۱۵) جب سورج نکلتا ہے تو تاریکی چھٹ جاتی ہے۔
مَتٰی تَطْلَعِ الشَّمْسُ تَزُوْلُ الظُّلْمَةُ

(۱۶) جو اپنی عزت آپ نہیں کرتا اس کی دوسرے لوگ بھی عزت نہیں کرتے۔
مَنْ لَا یُکْرِمْ نَفْسَهٗ لَا یُکْرِمْهُ النَّاسُ۔

اَلتَّمْرِیْنُ (۱۰۹) مشق نمبر (۱۰۹)

(۱) اَلْحِکْمَةُ ضَالَّةُ الْمُؤْمِنِ حَیْثُ وَجَدَهَا فَهُوَ اَحَقُّ بِهَا
دانائی کی بات مومن کی گمشدہ چیز ہے جہاں کہیں اس کو پائے پس وہ اس کا زیادہ حقدار ہے۔

(۲) مَنْ سَعٰی فِی الْخَیْرِ فَسَعْیُهٗ مَشْکُوْرٌ
جس نے خیر کے کام میں کوشش کی پس اس کی کوشش مقبول ہے۔

(۳) مَهْمَا ارْتَکَبْتَ مِنَ الذُّنُوْبِ فَلَا تَیْئَسْ مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ

تو کتنے ہی گناہ کرلے مگر اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔

(۴) اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ

اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو پس میری فرمانبرداری کرو۔

(۵) مَاتَصْنَعْ مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُضِيْعَ جَزَاءُهٗ

تو جو خیر کا کام کرے گا اس کا بدلہ ہرگز ضائع نہ جائے گا۔

(۶) اِنْ يَسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَهٗ

اگر اس نے چوری کی ہے تو پس تحقیق اس کا بھائی بھی پہلے چوری کر چکا ہے۔

(۷) اِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ

اگر تم تنگ دستی سے ڈرتے ہو تو عنقریب اللہ تعالیٰ تم کو غنی کردیں گے۔

(۸) مَهْمَا تُخْفِ مِنْ طِبَاعِكَ فَسَيَعْلَمُهُ النَّاسُ

تم اپنی فطرت کو جتنا بھی چھپاؤ لوگ اسے جان جائیں گے۔

(۹) اِنْ تَتَقَرَّبْ اِلَى اللّٰهِ فَمَا يُقَصِّرُ فِیْ مُكَافَاتِكَ

اگر جو اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرے تو وہ تجھے نیک بدلہ دینے میں کمی نہ کرے گا۔

(۱۰) مَنْ اَفْشٰی سِرَّ الصَّدِيْقِ فَلَيْسَ بِاَمِيْنٍ

جس نے اپنے دوست کا راز کھول دیا پس وہ امین نہیں ہے۔

(۱۱) اِنْ تَتُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ فَعَسٰی اَنْ يَرْحَمَكُمْ

اگر تم لوگ اللہ کی طرف رجوع کرو تو امید ہے کہ وہ تم پر رحمت کریں۔

(۱۲) مَا اٰتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا

جو کچھ تم کو رسول دیں پس اس کو لے لو اور جس چیز سے آپ کو وہ روکیں تو پس اس سے رک جاؤ۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۱۰) مشق نمبر (۱۱۰)

(۱) جس کسی نے یہ مضمون لکھا ہے وہ انعام کا مستحق ہے۔
مَنْ كَتَبَ هٰذَا الْمَوْضُوْعَ اسْتَحَقَّ الْجَائِزَةَ

(۲) جو شخص اپنے نفس کی پیروی کرتا ہے وہ خسارہ پانے والا ہے۔
مَنْ يَتَّبِعْ نَفْسَهُ يَخْسَرْ

(۳) جو کچھ تمہیں استاد نصیحت کرے اس پر عمل کرو۔
مَهْمَا يَنْصَحْ لَكُمْ اُسْتَاذُكُمْ فَاعْمَلُوْا

(۴) علم جہاں کہیں ملے اسے اپنی گمشدہ دولت سمجھو۔
اَيْنَمَا وُجِدَ الْعِلْمُ فَاعْلَمُوْهُ ضَالَّةً لَكُمْ

(۵) جب کبھی کوئی وعدہ کرو تو اسے پورا کرو۔
اَيَّ وَعْدٍ وَعَدْتُّمُوْهُ فَاَوْفُوْهُ

(۶) جب آپ سفر کریں تو مجھے اپنے ساتھ لے لیں۔
مَتٰى تُسَافِرْ فَاسْتَصْحِبْنِيْ

(۷) جو اللہ کی نافرمانی کرے اس کی اتباع نہ کرو۔
مَنْ يَعْصِ اللّٰهَ فَلَا تُطِعْهُ

(۸) اگر تم میری نصیحت پر عمل کرو گے تو عنقریب فائدہ اٹھاؤ گے۔
اِنْ تَعْمَلُوْا بِنَصِيْحَتِيْ فَسَوْفَ تَسْتَفِيْدُوْا

(۹) اگر تو نے وعدہ خلافی کی تو اس سے پہلے بھی کر چکے ہو۔
اِنْ تُخْلِفِ الْوَعْدَ فَقَدْ اَخْلَفْتَهُ مِنْ قَبْلِ هٰذَا

(۱۰) اگر تو نے اپنے والدین کی نافرمانی کی تو وہ دونوں ہرگز تجھ سے راضی نہ ہونگے۔
اِنْ تَعْصِ اَبَوَيْكَ فَلَنْ يَرْضَيَا عَنْكَ

(۱۱) اگر تو نے میری بات نہ مانی تو عنقریب پچھتاؤ گے۔
اِنْ لَمْ تَمْتَثِلْ اَمْرِیْ فَسَوْفَ تَنْدَمُ

(۱۲) جو اعتدال کے ساتھ خرچ کرے وہ بخیل نہیں ہے۔
مَنِ اقْتَصَدَ فِی النَّفَقَةِ فَلَیْسَ بِبَخِیْلٍ

(۱۳) جس کو اللہ ہدایت نہ بخشے اس کو کوئی دوسرا ہدایت نہیں کر سکتا۔
مَنْ یُضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِیَ لَهُ

(۱۴) ہم میں سے جو لوگ خوشحال ہوں وہ تنگ دستوں پر خرچ کریں۔
مَنْ یَكُنْ مِنَّا غَنِیًّا فَلْیُنْفِقْ عَلَى الْفُقَرَآءِ

اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ عَشَرَ (۲)

اٹھارہواں سبق (۲)

(ادواتِ شرط غیر جازمہ)

ادواتِ شرط غیر جازمہ حسب ذیل ہیں:۔

لَوْ، لَوْلَا، لَوْمَا، لَمَّا، كُلَّمَا، اِذَا، اَمَّا

(۱) لَوْ (اگر) یہ ظاہر کرنے کے لئے آتا ہے کہ شرط کے نہ پائے جانے کی وجہ سے جزاء بھی نہ پائی گئی جیسے لَوِاجْتَهَدْتَ لَفُزْتَ (اگر تم محنت کرتے تو کامیاب ہوتے)

(۲) لَوْلَا اور لَوْمَا (اگر نہ ہو، اگر نہ ہوتا) یہ ظاہر کرتے ہیں کہ شرط کے پائے جانے کی وجہ سے جزا (جواب) نہ پایا گیا۔ جیسے لَوْلَا الْهَوَاءُ، مَاعَاشَ اِنْسَانٌ (اگر ہوا نہ ہوتی تو کوئی انسان زندہ نہ رہ سکتا تھا۔

(۳) لَمَّا (جب، جبکہ) ظرف ہے حِیْنَ کے معنی میں یہ فعل ماضی پر آتا ہے جیسے لَمَّا سَلَّمْتُ عَلَیْہِ رَدَّ عَلَیَّ السَّلَامَ (جب میں نے اسے سلام کیا تو اس نے میرے سلام کا جواب دیا)

(۴) کُلَّمَا (جب جب، جب کبھی) یہ بھی ظرف ہے اور یہ بھی فعل ماضی پر آتا ہے جیسے کُلَّمَا مَرِضْتُ خَافَتْ عَلَیَّ اُمِّیْ (جب جب میں بیمار پڑا میری ماں میرے لئے اندیشہ میں پڑ گئیں)

(۵) اِذَا (جب) یہ بھی ظرف ہے مگر مستقبل کے لئے آتا ہے جیسے اِذَا تَعَلَّمْتَ فَاعْمَلْ بِعِلْمِكَ (جب تعلیم پاؤ تو اپنے علم پر عمل کرو) اِذَا الْاُسْتَاذُ نَصَحَ لَكَ فَاعْمَلْ بِنُصْحِہٖ (جب استاد تمہیں کوئی نصیحت کرے اس پر عمل کرو) اَمَّا (مگر، مگر رہی یہ بات) تفصیل بیان کرنے کے لئے آتا ہے جیسے لِلْبُسْتَانِ بَابَانِ، اَمَّا اَحَدُھُمَا فَفِیْ جَانِبِ الْمَشْرِقِ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَفِیْ جَانِبِ الشِّمَالِ

فائدہ: اَمَّا کے جواب پر فا داخل کرنا ضروری ہے البتہ لَمَّا کے جواب پر ف لانا صحیح نہیں طلبہ اس میں بڑی غلطیاں کرتے ہیں۔

لَمَّا جو "اب تک" کے معنی میں نفی کے لئے آتا ہے وہ حرف جازم ہے فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور اس کو جزم دیتا ہے مگر یہ فعل ماضی پر آتا ہے اور جازم نہیں ہے دونوں کا فرق سمجھ لو۔

اَلتَّمْرِیْنُ (۱۱۱) مشق نمبر (۱۱۱)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) لَوْ عَمِلْتَ فِیْ فَرَاغِكَ مَا نَدِمْتَ

اگر تو اپنی فرصت میں محنت کرتا تو شرمندگی نہ اٹھاتا۔

(۲) لَوْ كَانَ عِنْدِيْ مَالٌ لَفَدَيْتُكَ

اگر میرے پاس مال ہوتا تو تجھ پر قربان کرتا۔

(۳) لَوْلَا الْعَقْلُ لَكَانَ الْاِنْسَانُ كَالْبَهَائِمِ

اگر عقل نہ ہوتی تو انسان جانوروں کی طرح ہوتا۔

(۴) لَوْلَا الطَّبِيْبُ لَسَاءَتْ حَالُ الْمَرِيْضِ

اگر ڈاکٹر نہ ہوتا تو مریض کا حال برا ہوتا۔

(۵) لَوْمَا التَّعَبُ مَا كَانَتِ الرَّاحَةُ

اگر تھکاوٹ نہ ہوتی تو راحت بھی نہ ہوتی۔

(۶) لَوْمَا ثَوَابُ الْعَامِلِيْنَ لَفَتَرَتِ الْهِمَمُ

اگر کام کرنے والوں کے لیے اجر نہ ہوتا تو ہمتیں پست پڑ جاتیں۔

(۷) لَمَّا تُوُفِّيَ اَبِيْ كُنْتُ اِبْنَ خَمْسِ سَنَوَاتٍ

جب میرے والد فوت ہوئے تو میری عمر پانچ سال تھی۔

(۸) لَمَّا رَاَى الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّيْ

جب سورج کو چمکتا ہوا دیکھا تو کہا یہ میرا رب ہے۔

(۹) اِذَا اَسَرَّ اِلَيْكَ اَحَدٌ فَلَا تُفْشِ سِرَّهٗ

جب تجھ کو کوئی آدمی راز بتائے تو اس کا راز نہ کھول۔

(۱۰) كُلَّمَا ذَهَبَ جِيْلٌ جَاءَ جِيْلٌ آخَرُ

جب ایک نسل جاتی ہے تو دوسری نسل آ جاتی ہے۔

(۱۱) لِيْ صَدِيْقَانِ عَالِمَانِ، اَمَّا اَحَدُهُمَا فَهُوَ مَحْمُوْدٌ

میرے دو دوست عالم ہیں۔ان میں سے ایک تو محمود ہے۔

(۱۲) وَاَمَّا الْآخَرُ فَهُوَ خَالِدٌ نِ الْخَطِيْبُ

اور باقی رہا دوسرا وہ خطیب خالد ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۱۲) مشق نمبر (۱۱۲)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) اگر تم محنت کے ساتھ پڑھتے تو کامیاب ہوتے۔

لِوَاجتَهَدْتَّ فِي التَعَلُّمِ لَنَجَحْتَ فِي الْاِمْتِحَانِ

(۲) اگر تو پاس ہوتا تو میں تجھے ایک قیمتی انعام دیتا۔

لَوْ نَجَحْتَ لَاَعْطَيْتُكَ جَائِزَةً ثَمِيْنَةً

(۳) اگر ہم لوگ دیر نہ کرتے تو گاڑی مل جاتی۔

لَوَ مَاتَأَخَّرْنَا لَنِلْنَا الْقِطَارَ

(۴) اگر وہ ذرا پروا کرتا تو نتیجہ اس کے برعکس ہوتا۔

لَوِ اهْتَمَّ قَلِيْلاً لَكَانَتِ النَّتِيْجَةُ عَلٰى عَكْسِ ذَالِكَ

(۵) اگر دیوار گر پڑتی تو سب لوگ مر جاتے۔

لَوْ اِنْهَدَمَ الجِدَارُ لَمَاتَ النَّاسُ كُلُّهُمْ

(۶) اگر تاریکی نہ ہوتی تو روشنی کی قدر نہیں کی جا سکتی تھی۔

لَوْلَا الظُّلْمَةُ لَمَا قُدِرَ النُّوْرُ

(۷) اگر تجربات نہ ہوتے تو انسان فائدہ نہ اٹھاتا۔

لَوْلَا التَجَارُبُ لَمَا اسْتَفَادَ الْاِنْسَانُ

(۸) اگر اسلام نہ ہوتا تو لوگ عدل و مساوات کے نام سے واقف نہ ہوتے۔

لَوْلَا الْاِسْلَامُ لَجَهِلَ النَّاسُ عَنْ اِسْمِ الْعَدَلِ والْمُسَاوَاتِ

(۹) جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چالیس سال کے ہوئے تو آپ کو نبوت ملی۔

لَمَّا بَلَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً بَعَثَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

(۱۰) جب کبھی میں آپ سے ملا آپ نے میری عزت فرمائی۔

كُلَّمَا لَقِيْتُكَ احْتَفَيْتَ لِيْ

(۱۱) جب جب تو نے عذر چاہا میں نے تمہارا عذر قبول کیا۔

لَمَّا اعْتَذَرْتَ اِلَيَّ عَذَرْتُكَ

(۱۲) جب بیمار ہو تو کسی ڈاکٹر سے مشورہ لو۔

اِذَا مَرِضْتَ فَشَاوِرْ طَبِيْبًا

(۱۳) تم دونوں بیمار کے پاس بیٹھو رہا میں، تو میں۔

اِجْلِسَا عِنْدَا الْمَرِيْضِ امَّا انَا

(۱۴) بازار جاتا ہوں تاکہ اس کے لئے دوائیں اور انار خریدوں

فَاَذْهَبُ اِلَى السُّوْقِ لِاَشْتَرِيْ لَهُ اَدْوِيَةً وَرُمَّانًا

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ عَشَرَ

اُنیسواں سبق

(اسم موصول)

اسم اشارہ کی طرح اسم موصول کے بھی چھ صیغے آتے ہیں۔

اَلَّذِیْ، اَلَّذَانِ، اَلَّذِیْنَ، اَلَّتِیْ، اَللَّتَانِ، اَللَّاتِیْ

ان کے علاوہ مَنْ اور مَا اور اَیٌّ بھی اسم موصول ہیں۔

مَنْ عاقل کے لئے اور مَا غیر عاقل کے لئے مطلقاً یعنی واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر مؤنث سب کے لئے اور اسی طرح اَیٌّ بھی۔

ان کلمات کا ترجمہ جو، جس، جو شخص، جس چیز وغیرہ سے کیا جاتا ہے جس سے مقصود یہ واضح نہیں ہوتا کہ کون یا کیا چیز مراد ہے۔ اس لئے اس کے بعد ایک دوسرا جملہ لایا جاتا ہے جو مقصود بہ کو واضح کرتا ہے اس دوسرے جملے کا نام صلہ ہے۔

صلہ میں ایک ضمیر ہوتی ہے جو اسم موصول کی طرف لوٹتی ہے اس ضمیر کو عائد (لوٹنے والی) کہتے ہیں۔ عائد اپنے اسم موصول کی مناسبت سے واحد، تثنیہ جمع اور مذکر و مؤنث کی مختلف شکلوں میں بدلتا رہتا ہے۔ ذیل کی مثالیں پڑھو۔

اُحِبُّ الَّذِی یَصْدُقُ، اُحِبُّ الَّذَیْنِ یَصْدُقَانِ، اُحِبُّ الَّذِیْنَ یَصْدُقُوْنَ اُحِبُّ الَّتِی تَصْدُقُ، اُحِبُّ اللَّتَیْنِ تَصْدُقَانِ، اُحِبُّ اللَّاتِی یَصْدُقْنَ، تُوُفِّیَتْ الَّتِی کَانَتْ مَرِیْضَةً، نَجَحَ الَّذِیْنَ کَانُوْا یَجْتَهِدُوْنَ۔

فائدہ: (۱) مَنْ، مَا اور اَیٌّ کا استعمال بطور مبتداء یا فاعل یا مفعول تینوں طرح سے ہوتا ہے اور اسی طرح اَلَّذِی وغیرہ کا بھی، البتہ اَلَّذِی اَلَّذَانِ وغیرہ بطور صفت کے زیادہ

مستعمل ہیں۔

(۲) اسمائے موصولہ جیسا کہ تم نے درس نمبر ۲ میں پڑھا ہے معرفہ ہوتے ہیں۔ اس لئے اسم موصول اسی لفظ کی صفت واقع ہوگا جو کہ معرفہ ہوگا (تاکہ موصوف صفت میں مطابقت ہو سکے) اس کی پوری مشق کتاب کے دوسرے حصے میں آئے گی، مگر یہاں اتنی بات یاد رکھنی چاہئے طلبہ اس میں اکثر غلطی کا شکار ہوتے ہیں کہ نکرہ کی صفت اسم موصول سے لے آتے ہیں۔ مثلاً جاء رَجُلٌ الَّذِیْ کَانَ مُنْتَظِرًا یہ غلط ہے الرَّجُل ہونا چاہئے۔

اَلتَّمْرِیْنُ (۱۱۳) مشق نمبر (۱۱۳)

اردو میں ترجمہ کریں۔

(۱) هُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ

اللہ وہی ہے جس نے تم کو ایک نفس (جان) سے پیدا کیا۔

(۲) هُوَ الَّذِی اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ

وہ جس نے بھیجا اپنا رسول بنا کر ہدایت اور دین حق کے ساتھ۔

(۳) اَلضَّیْفَانِ اللَّذَانِ کَانَا عِنْدَنَا سَافَرَا

دو مہمان جو ہمارے پاس تھے سفر پر روانہ ہو گئے۔

(۴) اَلْاَسَاتِذَةُ الَّذِیْنَ عَلَّمُوْنِی اُجِلُّهُمْ وَاُحِبُّهُمْ

جن استادوں نے مجھے تعلیم دی میں ان کی تعظیم کرتا ہوں اور ان سے پیار کرتا ہوں۔

(۵) هَلْ یَسْتَوِی الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ وَالَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ

کیا برابر ہو سکتے وہ لوگ جو جانتے ہیں اور وہ لوگ جو نہیں جانتے۔

~~(۶) اَلْاُمَّهَاتُ اللَّاتِی یُرَبِّیْنَ اَوْلَادَهُنَّ عَلَی الْفَضِیْلَةِ هُنَّ خَیْرُ اُمَّهَاتٍ~~

وہ مائیں جو اپنے بچوں کی اعلیٰ درجے کی تربیت کرتی ہیں وہ بہت اچھی مائیں ہیں۔

(۷) اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ

کامل مسلمان وہ ہے کہ جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ ہوں۔

(۸) مَنْ حَفَرَ حَفِيْرًا لِاَخِيْهِ كَانَ حَتْفُهٗ فِيْهِ

جس کسی نے اپنے بھائی کے لیے گڑھا کھودا وہ خود اس میں گر کر مرے گا۔

(۹) لَاتَعِدْ بِمَا لَاتَقْدِرُ عَلٰى اِيْفَاءِهٖ

ایسی بات کا وعدہ مت کر جس کے پورا کرنے پر تو قدرت نہیں رکھتا۔

(۱۰) لَاتُحَاوِلْ تَادِيْبَ مَنْ لَّايَتَاَدَّبُ

اس شخص کو ادب مت سکھایئے جو ادب نہیں سیکھنا چاہتا۔

(۱۱) لَاتُحَاوِلْ تَقْوِيْمَ مَالَا يَسْتَقِيْمُ

اس چیز کے سیدھا کرنے کی کوشش مت کر جو سیدھی نہیں ہو سکتی۔

(۱۲) سَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اَىَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُوْنَ

عنقریب جان لیں گے وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا کہ کیسی جگہ ہے لوٹنے کی جہاں انہوں نے لوٹ کر جانا ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۱۴) مشق نمبر (۱۱۴)

عربی میں ترجمہ کریں۔

(۱) جو لڑکا سڑک پر دوڑ رہا ہے میرا بھائی ہے۔

اَلْوَلَدُ الَّذِىْ يَجْرِىْ عَلَى الشَّارِعِ اَخِىْ

(۲) وہ مریضہ جو کل یہاں آئی تھی آج مرگئی۔

اَلْمَرِيْضَةُ الَّتِىْ جَاءَتْ هُنَا اَمْسِ مَاتَتِ الْيَوْمَ

(۳) کیا اس لڑکے کو آپ جانتے ہیں جس نے آپ کو سلام کیا تھا۔
هَلْ تَعْرِفُ الْوَلَدَ الَّذِیْ کَانَ سَلَّمَ عَلَیْكَ

(۴) کیا یہ وہی طالب علم ہے جس نے انعام پایا تھا؟
هَلْ هٰذَا هُوَ التِّلْمِیْذُ الَّذِیْ کَانَ نَالَ جَائِزَةً؟

(۵) یہ وہی عمارت ہے جس میں دو سال پہلے میں رہتا تھا۔
هٰذِهٖ هِیَ الْعِمَارَةُ الَّتِیْ كُنْتُ اَسْکُنُ فِیْهَا قَبْلَ عَامَیْنِ

(۶) وہ کتاب جو کل آپ نے مجھے دی تھی کھو گئی۔
ضَاعَ الْكِتَابُ الَّذِیْ اَعْطَیْتَنِیْ اَمْسِ

(۷) جو بڑوں کی نصیحت نہیں سنتا اپنا ہی کچھ بگاڑتا ہے۔
مَنْ لَا یَسْتَمِعُ اِلٰی نَصِیْحَةِ الْاَكَابِرِ یَخْسَرُ نَفْسَهٗ

(۸) اس لڑکے کو بلاؤ جس کی یہ کاپی ہے۔
اُدْعُ ذَالِكَ الْوَلَدَ الَّذِیْ لَهٗ هٰذِهِ الْكُرَّاسَةُ

(۹) ان دو لڑکوں سے ملو جو آج آئے ہیں۔
اِلْقَ الْوَلَدَیْنِ الَّذَیْنِ اَتَیَا الْیَوْمَ

(۱۰) جو لوگ خدا کا حکم مانتے ہیں اللہ ان سے راضی ہوتا ہے۔
یَرْضَی اللّٰهُ عَنِ الَّذِیْنَ یُطِیْعُوْنَ اَمْرَهٗ

(۱۱) پولیس والوں نے ان لوگوں کو گرفتار کیا جو نقب زنی کی کوشش میں لگے ہوئے تھے۔
رِجَالُ الشُّرْطَةِ قَدْ قَبَضُوْ عَلَی الَّذِیْنَ کَانُوْا یُحَاوِلُوْنَ النَّقْبَ

(۱۲) یہ وہی گھڑی ہے جو میرے والد نے انعام میں دی تھی۔
هٰذِهٖ هِیَ السَّاعَةُ الَّتِیْ اَعْطَانِیْهَا وَالِدِیْ جَائِزَةً

(۱۳) کیا یہ دونوں وہی لوگ ہیں جو دہلی میں ہم سے ملے تھے۔

اَھٰذَانِ اللَّذَانِ کَانَا لَقِیَانَا فِی الدَّھْلِیْ

(۱۴) وہ سعد بن ابی وقاصؓ تھے جنہوں نے دریائے دجلہ میں گھوڑے ڈال دیئے۔

سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ ھُوَ الَّذِیْ کَانَ خَوَّضَ الْخَیْلَ فِیْ نَھْرِ دَجْلَۃَ

اَلدَّرْسُ الْعِشْرُوْنَ

بیسواں سبق

(نواسخ جملہ)

نواسخ جملہ کی بحث تم نے نحو کی کتابوں میں پڑھی ہوگی۔ یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں اور مبتداء خبر کا اعراب بدل دیتے ہیں۔ اس لئے ان کو نواسخ جملہ (جملہ کو منسوخ کرنے والے) کہتے ہیں۔ یہ حروف جب جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں تو مبتداء کا نام اسم ہو جاتا ہے نواسخ جملہ چار طرح کے ہیں حروف مشبہ بالفعل، افعال ناقصہ، مَاوَلَا مُشَبَّهَتَانِ بِلَيْسَ اور لائے نفی جنس، یہاں حروف مشبہ بالفعل لکھے جاتے ہیں۔ باقی کا بیان اگلے اسباق میں آئے گا۔

حروف مشبہ بالفعل چھ ہیں اور وہ یہ ہیں۔ اِنَّ، اَنَّ، کَاَنَّ، لَیْتَ، لَعَلَّ، لٰکِنَّ یہ حروف جملہ اسمیہ (مبتداء وخبر) پر داخل ہوتے ہیں اور اپنے اسم (مبتداء) کو نصب دیتے ہیں۔ خبر اپنے حال پر مرفوع ہی باقی رہتی ہے ان کو مشبہ بالفعل اس لئے کہتے ہیں کہ فعل کی طرح یہ بھی ایک اسم (مبتداء) کو نصب اور دوسرے اسم (خبر) کو رفع دیتے ہیں۔

(۱) اِنَّ اور اَنَّ جملہ میں تاکید وتحقیق کے معنی پیدا کرتے ہیں جیسے اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ

(۲) کَاَنَّ تشبیہ کے معنی دیتا ہے۔ جیسے کَاَنَّ مَحْمُوْدًا اَسَدٌ (گویا کہ محمود شیر ہے)

(۳) لَیْتَ وَلَعَلَّ تمنا وآرزو کے لئے آتے ہیں۔ مگر دونوں میں فرق یہ ہے کہ لَیْتَ سے امر محال کی بھی تمنا کی جاتی ہے اور لَعَلَّ سے امر ممکن کی تمنا کی جاتی ہے۔

(۴) لٰکِنَّ استدراک کے لئے آتا ہے یعنی سابقہ سے جو شبہ اور وہم پیدا ہوتا ہے اس

کو دور کرنے کے لئے آتا ہے۔

اِنَّ اور اَنَّ میں فرق یہ ہے کہ اَنَّ مع اپنے معمول کے مصدر کے معنی میں مؤوّل ہوتا ہے اور اسی طرح دوسرے جملہ کا جزو بن جاتا ہے جیسے عَلِمْتُ اَنَّكَ ذَاهِبٌ یعنی عَلِمْتُ ذِهَابَكَ

اِنَّ مصدر کے معنی میں مؤوّل نہیں ہوتا اور نہ کسی دوسرے جملہ کا جزو بنتا ہے بلکہ یہ مستقل جملہ پر آتا ہے جیسے اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ذیل کی صورتوں میں اِنَّ کو بالکسر ہی لکھنا اور پڑھنا چاہیے۔

(۱) جبکہ شروع کلام میں ہو جیسے اِنَّ الْحَرَّ شَدِیْدٌ

(۲) جبکہ قول اور قول کے مشتقات کے بعد ہو جیسے قُلْ اِنَّ الْحَقَّ وَاضِحٌ

(۳) جبکہ صلہ شروع میں ہو جیسے زُرْتُ الَّذِیْ اِنِّیْ اُجِلُّهٗ، جَاءَ الَّذِیْنَ اِنَّ مَجِیْئَهُمْ یَسُرُّنِیْ

اَنَّ جیسا کہ بتایا گیا ہے کہ وسط کلام میں آتا ہے۔ قول اور صلہ کی باقی صورتوں میں اَنَّ ہی پڑھا جاتا ہے۔ خصوصاً حروف جارہ کے بعد جیسے اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ یَرٰی

فائدہ: جملہ اسمیہ جس طرح خبر کو مفرد یا جملہ یا شبہ جملہ بھی لا سکتے ہیں۔ اسی طرح نواسخ کی خبر بھی مفرد، جملہ اور شبہ جملہ سب آتے ہیں۔ جیسے اِنَّ اللّٰهَ یَرْزُقُ الْعِبَادَ

اَلتَّمْرِیْنُ (۱۱۵) مشق نمبر (۱۱۵)

(۱) اِنَّ الرِّیْحَ شَدِیْدَةٌ بے شک ہوا سخت ہے	(۲) اِنَّ الْهَوَآءَ الطَّلْقَ مُفِیْدٌ یقیناً کھلی ہوا مفید ہے۔
(۳) كَاَنَّ الشَّمْسَ قُرْصٌ مِنَ الذَّهَبِ سورج گویا کہ سونے کی ٹکی ہے۔	(۴) اِنَّ الْمُجِدِّیْنَ فَائِزُوْنَ واقعی محنتی لوگ کامیاب ہیں۔

(۵) لَعَلَّ الْعُمَّالُ مُتعَبُوْنَ شاید کہ کام کرنے والے تھکے ہوئے ہیں۔	(۶) لَيْتَ الْحَيَاةَ خَالِيَةٌ مِنَ الْكَدَرِ کاش کہ زندگی پریشانیوں سے خالی ہوتی
(۷) اِنَّ الْبَخِيْلَ عَدُوٌّ لِنَفْسِهٖ واقعی بخل کرنے والا اپنی جان کا دشمن ہے	(۸) سَرَّنِی اَنَّ النَّتِيْجَةَ حَسَنَةٌ مجھے خوشی ہوئی کہ نتیجہ اچھا ہے۔
(۹) اَلرَّجُلُ بَخِيْلٌ وَلٰكِنَّ ابْنَهٗ جَوَّادٌ آدمی بخیل ہے مگر اس کا بیٹا سخی ہے۔	(۱۰) لَيْتَ النَّاسَ مُنْصِفُوْنَ کاش کہ لوگ عدل کرتے
(۱۱) لَعَلَّ الْقِطَارَ مُتَاَخِّرٌ شاید کہ ریل لیٹ ہے۔	(۱۲) اِنَّ الْفَتَيَاتُ مُهَذَّبَاتٌ واقعی لڑکیاں تہذیب یافتہ ہیں۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۱۶) مشق نمبر (۱۱۶)

(۱) واقعی محمود ایک محنتی طالب علم ہے۔

اِنَّ مَحْمُوْدًا طَالِبٌ مُجِدٌّ

(۲) واقعی یہ محل بڑا شاندار ہے۔

اِنَّ هٰذَا الْقَصْرَ رَائِعٌ جِدًّا

(۳) یہ شہر واقعی خوبصورت ہے مگر اس کی سڑکیں تنگ ہیں۔

اِنَّ هٰذِهِ الْمَدِيْنَةَ جَمِيْلَةٌ لٰكِنَّ شَوَارِعَهَا ضَيِّقَةٌ

(۴) مجھے خوشی ہوئی کہ خالد پاس ہے۔

سَرَّنِی اَنَّ خَالِدًا نَاجِحٌ

(۵) کاش تم طلبہ کامیاب ہوتے۔

لَيْتَ جَمِيْعَ الطَّلَبَةِ نَاجِحٌ

(۶) گویا یہ محل ایک بلند پہاڑ ہے۔

كَاَنَّ هٰذَا الْقَصْرَ جَبَلٌ عَالٍ

(۷) اساتذہ گویا مہربان باپ ہیں۔
كَاَنَّ الْاَسَاتِذَةَ اٰبَآءٌ عَطُوْفُوْنَ

(۸) محمود گرفتار ہے مگر وہ بے گناہ ہے۔
مَحْمُوْدٌ اَسِيْرٌ لٰكِنَّهٗ بَرِیْئٌ

(۹) دوست بہت ہیں پر وفادار تھوڑے ہیں۔
اَلْاَصْدِقَاءُ كَثِيْرُوْنَ لٰكِنَّ الْاَوْفِيَاءَ قَلِيْلُوْنَ

(۱۰) یہ لوگ اپنی نیتوں میں مخلص ہیں مگر خطا کار نہیں۔
هٰٓؤُلَآءِ النَّاسُ مُخْلِصُوْنَ فِی نِيَّاتِهِمْ لٰكِنَّهُمْ مُخْطِؤُنَ

(۱۱) کاش تم لوگ محنتی طالب علم ہوتے۔
لَيْتَكُمْ تَلَامِيْذُ مُجْتَهِدُوْنَ

(۱۲) شاید یہ لوگ سیاح ہیں۔
لَعَلَّ هٰٓؤُلَآءِ سَيَّاحُوْنَ

(۱۳) اس تالاب کا پانی گویا صاف آئینہ ہے۔
كَاَنَّ مَآءَ هٰذَا الْحَوْضِ مِرْاٰةٌ صَافِيَةٌ

(۱۴) ستارے گویا روشن چراغ ہیں۔
كَاَنَّ النُّجُوْمَ مَصَابِيْحُ مُنِيْرَةٌ

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۱۷) مشق نمبر (۱۱۷)

اُردو میں ترجمہ کرو۔

(۱) اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ
بے شک اللہ تعالٰی عدل اور بھلائی کا حکم دیتا ہے۔

(۲) اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ

یقیناً نماز بے حیائی اور بری باتوں سے روکتی ہے۔

(۳) اِنَّ السَّفِيْنَةَ لَا تَجْرِيْ عَلَى الْيُبْسِ

بے شک کشتی خشکی پر نہیں چلتی۔

(۴) لَعَلَّ اللّٰهَ يَرْزُقُنِيْ صَلَاحًا

شاید اللہ تعالیٰ مجھے نیکی کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(۵) لَيْتَكُمْ تَجْتَهِدُوْنَ قَبْلَ الْاِمْتِحَانِ

کاش کہ تم امتحان سے پہلے محنت کرتے۔

(۶) كَاَنَّ اُذُنَيِ الْفِيْلِ مِرْوَحَتَانِ

ہاتھی کے دونوں کان گویا کہ پنکھے ہیں۔

(۷) اِنَّ الْجَاهِلَ يُسِيْئُ اِلٰى نَفْسِهٖ

بے شک جاہل آدمی اپنی ہی ذات کا برا کرنے والا ہوتا ہے۔

(۸) اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ

یقیناً نیکیاں برائیوں کو دور کر دیتی ہیں۔

(۹) اِنَّ الْاُمَّهَاتِ يُهَذِّبْنَ الْبَنَاتِ

بے شک مائیں لڑکیوں کو تہذیب سکھاتی ہیں۔

(۱۰) وَجَدْتُّ اِنَّ اِنْغِمَاسَ الْمَرْءِ فِي التَّرَفِ يَضُرُّهٗ

میں نے بارہا دیکھ لیا کہ آدمی کا عیاشی میں غرق ہو جانا اس کے لیے نقصان دہ ہے۔

(۱۱) اَرَى اَنَّ بَائِعِي الصُّحُفِ قَدْ كَثُرُوْا

میرا خیال ہے کہ اخبار فروش بہت ہو گئے۔

(۱۲) اِنَّ الْاَغْنِيَاءَ كَثِيْرُوْنَ وَلٰكِنَّهُمْ لَا يُؤَاسُوْنَ الْفُقَرَاءَ

بے شک مالدار لوگ بہت ہیں اور لیکن وہ فقراء کی ہمدردی نہیں کرتے۔

اَلتَّمْرِیْنُ (۱۱۸) مشق نمبر (۱۱۸)

(۱) ورزش جسم کو واقعی طاقتور بناتی ہے۔

اِنَّ الرِّیَاضَةَ تُقَوِّی الْجِسْمَ

(۲) واقعی محمود بڑی اچھی تقریر کرتا ہے۔

اِنَّ مَحْمُوْدًا لَیُحْسِنُ الْخِطَابَةَ

(۳) کاش تم میری نصیحت پر عمل کرتے۔

لَیْتَکُمْ تَعْمَلُوْنَ بِنَصِیْحَتِیْ

(۴) تم دونوں ذہین تو ہو لیکن پڑھنے میں محنت نہیں کرتے۔

اَنْتُمَا ذَکِیَّانِ لٰکِنَّکُمَا لَاتَجْتَهِدَانِ فِی الْقِرَاۃِ

(۵) میں جانتا تھا کہ یہ طلباء امتحان میں ناکام ہونگے۔

